اردو عملیات اور تعویذات کا گنج عظیم
عملیات کے
بکھرے موتی
مؤلفہ
مولانا الحاج غلام رسول گوہر
جماعتی نقشبندی قصور

بکھرے موتی کتاب مہیا کرنے پر
میں صوفی لیاقت علی صاحب
کا تہہ دل سے مشکور ہوں
(منجانب: بختیار حسین جماعتی)

صوفی لیاقت علی صاحب
خلیفہ مجاز علی پور شریف

نام کتاب	عملیات کے بکھرے موتی
مصنف	غلام رسول گوہر جماعتی
طابع	لیاقت علی جماعتی
مطبع	
تعداد	۵۰۰
اشاعت اوّل	۱۹۷۹ء
ہدیہ	دس روپے

ملنے کا پتہ

مکتبہ ماہنامہ انوار الصوفیہ قصور

اِنتساب

بنام

زبدۃ العارفین قدوۃ السالکین جوہر الملت حضرت مولانا الحاج

پیر سید اختر حسین شاہ صاحب دامت برکاتہم بنیرۂ اعظم

حجۃ الکاملین امام السالکین حضرت امیر ملت شیخ طریقت

فرید العصر پیر سید حافظ جماعت علی شاہ صاحب علی پوری

قدس سرہٗ

وخادم الملت حضرت مولانا الحاج پیر سید نذر حسین شاہ

صاحب مدظلہ العالی نقشبندی، جماعتی وجمیع بزرگان و

صاحبزادگان آستانہ عالیہ جماعتیہ علی پور سیداں

(ضلع سیالکوٹ)

شکریہ

میں اپنے ان احباب اور حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس ناچیز کی کتاب ہذا کی تدوین و تصنیف اور کتابت و طباعت میں میری مالی دستگیری فرمائی: اور ان کا بھی شکر گذار ہوں جنہوں نے مجھے اس کی تصنیف پر آمادہ کیا۔ ان کے اسماء گرامی مندرجہ ذیل ہیں

۱- برادر عزیز مولٰنا محمد شریف صاحب نقشبندی، چوراہی معصومی خطیب جامع مسجد چک مرڈ کلاں ۴۲ ضلع شیخوپورہ

۲- عزیزی میاں ضیاء احمد و عزیزی میاں ریاض احمد پسران من قصور

۳- مولوی محمد یوسف صاحب عازم قادری مہتمم مدرسہ خادم العلوم کوٹلی بہرام سیالکوٹ

جنہوں نے مالی امداد فرمائی

جناب حافظ حاجی سراج دین صاحب نقشبندی، قصور
از مریدان میاں شیر محمد شرقپوری رح

جناب برادر عزیز محمد قاسم صاحب سابق ایس۔ ڈی۔ او
محکمہ برقیات (واپڈا) لاہور

محترمہ مائی دالو صاحبہ کوٹ ... نماں قصور

قطعۂ تاریخ طباعت

۱۹۷۸ء

تصنیفِ لطیف چمنِ سعادت

۱۳۹۸ھ

خوب لکھی کتاب گوہر نے — مرحبا، دُرفشانِ تعویذات
اس کا ہر لفظ ہے گُلِ مضموں — ہر ورق گلستانِ تعویذات
گنج اوراد اور وظائف ہیں — ہے مفصّل بیانِ تعویذات
فیض پائینگے عمر بھر اس سے — جملہ دلدادگانِ تعویذات

سالِ تصنیف اس کا اے صابرؔ
کہیے! گردوں مکانِ تعویذات

(۱۹۷۸ء)

ہے مولانا گوہر کی سعئ مبارک — کہ اک سلکِ گوہر ہیں یہ بکھرے موتی
ہر اک دردو غم کا ہے تعویذ اس میں — وظائف کا دفتر ہیں یہ بکھرے موتی
بڑھاتے ہیں رونق یہ ہر ایک گھر کی — مزیّن جو گھر گھر ہیں یہ بکھرے موتی
سنو! شائقِ عملیات و تعویذات — عجب روح پرور ہیں یہ بکھرے موتی

ہے سالِ طباعت یہ صابرؔ برادی؟
کہ! مُفرِط منوّر ہیں یہ بکھرے موتی

۱۳۹۸ھ

صابر براری — کراچی

۲۰ رجون ۱۹۷۸ء

مضمون	صفحہ نمبر

نوٹ : امور بالا مذکورہ کے سوا جو متعدد اور مختلف صفحات میں نہیں ہیں وہ اس فہرست میں درج نہیں کئے گئے - ان کو فہرست نمبر اوّل میں تلاش کرنا چاہیئے :

فہرست نمبر۲

ذیل میں بعض عنوانوں کے مختلف صفحات کے نمبروں کو ظاہر کیا گیا ہے

نعت شریف

حسیں تجھ سا نہیں دیکھا کہیں بھی یارسول اللہ

ہیں دیکھی گھوم کر ساری زمیں بھی یارسول اللہ

ستارا تیری رفعت کا رسالت کا نبوّت کا

چمکتا ہے سرِ عرش بریں بھی یارسُول اللہ

نگاہِ کرم سے تیری یہ مثلِ ماہ ہو جائے

درخشاں میری قسمت کی جبیں بھی یارسول اللہ

ترے دربارِ رحمت سے ہے بہرہ وَر جہاں سارا

ملائک، آدمی، روح الامیں بھی یارسول اللہ

قیامت میں گنہ گارانِ اُمت کیلئے تم ہو!

مشفع اور شفیع المذنبیں بھی یارسول اللہ

کرم ہے تیری نسبت کا خطاؤں کو مری آقا
نہیں لکھتے کراماً کاتبیں بھی یا رسول اللہ

حسینانِ جہاں دیکھے ہزاروں دلربا دیکھے
نہیں دیکھا حسیں تجھ سا کہیں بھی یا رسول اللہ

نہیں لاتا خیالوں میں سلاطینِ زمانہ کو
ترے در کا گدائے کمترین بھی یا رسول اللہ

گدا گر ہوں بھکاری ہوں میں منگتا ہوں ترے در کا
غنیمت ہے مجھے نانِ جویں بھی یا رسول اللہ

نگاہِ مصطفائی سے بہ مثلِ گوہرِ تاباں !
چمک جاتا ہے خذفِ کمتریں بھی یا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم

از

علامہ غلام رسول گوہر

عرضِ حال

برادرانِ اسلام!

مندرجہ ذیل عملیات و تعویزات اور اوراد و وظائف، اذکار اور دہ اعمال بھی جنکے فضائل کثیرہ و عظیم ہیں اور بعض طبی اور ڈاکٹری نسخہ جات جو بعض امراض کے لئے نہایت مفید اور تیر بہدف ہیں۔ اور معتبر اطباء اور بزرگوں سے ماخوذ و منقول ہیں، ذیل میں اپنی قلمی بیاض "گلہائے رنگارنگ" سے قارئین اور عام اہل اسلام اور اپنے عزیزوں اور دوستوں کیلئے نقل کر کے جمع کر دیئے ہیں۔

اُمید ہے قارئین رسالہ ہذا فائدہ اٹھائیں گے اور مؤلف کو دعا خیر میں یاد رکھیں گے۔ اور ناچیز کی اس کوشش کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔

حقیقت یہ ہے کہ جو چیزیں ذیل میں نقل کی گئی ہیں، قیمتی جواہرات ہیں جو میری کئی سالوں کی انتھک محنت، کوشش اور کتب کثیرہ عربی، فارسی، حدیث تفسیر اور بزرگوں کی تصانیف کے مطالعہ کا نتیجہ ہیں۔ بزرگوں کی بزرگ تصانیف اور کتب سے جو میں نے اخذ و نقل کیا ہے وہ بین العلماء مستند اور مقبول ہے کئی سالوں سے میری یہ کوشش رہی ہے کہ دورانِ مطالعہ جو چیز بھی

عجیب وغریب یا نافع ومفید ملتی ہیں اسکو اپنی بیاض میں نقل کر لیتا تھا۔
اس بیاض کا نام حاصل مطالعہ یا گلہائے رنگا رنگ اسی وجہ سے رکھا گیا ہے
اس میں ہر موضوع کے مسائل ہیں۔ ان میں تعویزات وعملیات اور نسخہ جات
طبی چٹکلے، مواعظ و حکایات وواقعات اور تاریخی معلومات، شعرو اشعار وغیرہ
اور بہت کچھ ہے۔

اس کتابچہ میں اُس سے صرف عملیات وتعویزات اور نسخہ جات ہی نقل کئے
ہیں۔ اور وہ بھی ابواب وفصول یا عنوان کی پابندی کے بغیر، جس طرح اصل
میں بلا ترتیب درج ہیں اسی طرح یہاں بھی ان کو بلا ترتیب درج کر دیا ہے۔
اور اس کا نام " درِ منثورہ " یا بکھرے موتی رکھا ہے۔ سچ پوچھئے تو یہ نام الہامی
ہے جو ان چند سطور کی تحریر کے دوران دل میں القاء ہوا۔

غلام رسول گوہر نقشبندی
جماعتی، قادری

عملیات کے بکھرے موتی

۱- حضرت انس رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت ہے کہ جس نے جمعہ کے دن ستر بار پڑھا: اَللّٰھُمَّ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ دو جمعے گذرنے سے پہلے ہی اللہ اس کو غنی کر دے گا۔ نبراوی شرح اربعین نوویہ کا مولف کہتا ہے کہ میں نے اس کا بارہا تجربہ کیا اور صحیح پایا ہے۔ نبراوی میں یہ بھی لکھا ہے کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ان کلمات کو اذان ثانی کے وقت ستر بار پڑھا جائے۔ اور اسی کتاب میں ہے کہ جو کوئی ہر روز بلاناغہ رات کو عشا کی نماز کے بعد ایک بار سورۃ واقعہ پڑھے اسکو فاقہ نہیں پہنچے گا۔ یعنی وہ غریب اور محتاج نہیں ہوگا۔

۲- سورۃ مزمل کے خواص:

اگر کوئی چاہے کہ اس کو دشمن پر فتح ہو اور تمام خلقت مسخر ہو تو وہ اس ساری سورۃ کو لکھ کر بطور تعویز کے اپنے پاس رکھے۔ جہاں جائے گا، کامیاب ہوگا۔ دشمن مغلوب اور ناکام ہوگا۔ اور لوگوں میں ذی وقار اور باعزت ہوگا۔

اگر کوئی عاجز یا تنگدست ہو تو وہ ہر روز سات بار سات دن تک پڑھے وہ خوشحال ہوگا۔

۳۔ اگر کسی کا غلام یا لڑکا یا جانور گم ہو گیا ہے اور وہ ملتا نہیں اور نہ ہی اس کا پتہ لگتا ہے اسکو چاہیئے کر دوپہر کے وقت باوضو ہو کر پوری یکسوئی سے چالیس بار پڑھے۔

۴۔ اگر کوئی ایسا گم ہو گیا ہے کہ اس کا بالکل پتہ نہیں لگتا۔ اور یہ بھی خبر نہیں، کہ وہ زندہ ہے یا مردہ یا کس حال میں ہے۔ تو جمعہ کی رات کو غسل کر کے پاک صاف کپڑے پہنے اور چالیس بار یہ سورۃ پڑھے۔ خواب میں اس کا سارا حال اس پر واضح ہو جائے گا۔

۵۔ اگر کسی کے ہاں فرزند نہ ہوتا ہو تو جمعرات کو روزہ رکھے اور افطار کے وقت پہلے غسل کرے اور پھر افطار کرے۔ اور اکیس بار سورۃ پڑھکر پانی پر دم کرے۔ اور مرد و عورت دونوں کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ، فرزند نرینہ پیدا ہو گا۔

۶۔ اگر کوئی مقروض ہو اور کسی طرح قرض نہ اترتا ہو تو عشاء کے وقت دس بار چالیس روز تک یہ سورۃ پڑھے۔ قرضہ سے فارغ ہو گا۔

۷۔ اگر کسی کو باد کا سخت درد ہو تو کڑوے تیل پر ایک بار پڑھکر دم کرے اور وہ تیل درد والی جگہ پر ملے درد جاتا رہے گا۔

۸۔ اس کے پڑھنے سے جس کو نماز ادا کرنے میں سستی ہو جاتی ہے۔

۹۔ ھر روز دس بار پڑھنے سے رزق کی تنگی جاتی رہے۔

۱۰۔ جس کو کسی نے جادو کیا ہو۔ اس کو یہ سورۃ لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں اور کسی محفوظ جگہ میں جہاں بے ادبی نہ ہو اسی پانی سے نہلائیں تو جادو کا اثر جاتا رہے گا۔

۱۱۔ اگر کسی کا فرزند زندہ نہ رہتا ہو تو سورۃ مزمل چالیس بار سپاری پر دم

کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں ۔ تو اس کی عمر دراز ہو

ایضاً : نابالغ لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا سوت لیں ۔ اور اس کے اکیس دھاگے جمع کریں ۔ پھر ایک بار اس پر سورۃ مزمل پڑھے اور ایک گرہ دے اسی طرح چالیس گرہیں دے ۔ اور جب لفظ شہیداً پر پہنچے تو ایک بار : اَنۡزِلۡ عَلَیۡنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ پڑھے ۔ اور پھر سورۃ کو بالترتیب آگے سے شروع کرے ۔ جب چالیس گرہیں اسی طرح پوری ہو جائیں تو وہ دھاگہ لڑکے کے گلے میں ڈالیں ۔ اسکی عمر دراز ہو گی ۔

۱۲ ۔ اگر کوئی دشمن سے بہت تنگ آیا ہو تو اسکی ہلاکت کے واسطے یہ کرے کہ پرانی قبر کی مٹی لائے اور اس پر سات بار سورۃ مزمل پڑھکر پھونکے اور وہ مٹی دشمن کے گھر میں ڈال دے ۔ لیکن عامل کو چاہیئے کہ کوئی ایسا عمل کرتے وقت خدا سے ڈرے ۔ کسی کا ہلاک کرنا اگرچہ وہ کتنا ہی دشمن کیوں نہ ہو جائز نہیں ۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے جس نے گواہی دی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم) اللہ کا رسول ہے ۔ اور نماز قائم کی اور زکواۃ دی تو اس نے مجھ سے اپنا خون بچالیا اور اپنا مال بچایا ۔ یعنے نہ اس کو قتل کیا جائے گا اور نہ اسکے مال کو لوٹا جائے گا ۔ ہاں اگر اسلام کا حق ہو تو اسے قتل کیا جائے گا ۔ مثلاً قاتل کو اسکے قصاص میں قتل کیا جائے گا ۔ زانی کو رجم کیا جائے گا ۔ یاد رکھنا چاہیئے جس طرح کسی کو کسی آلہ سے قتل کرنا منع ہے ۔ اسی طرح کسی عمل یا جادو سے کسی کو ہلاک کرنا بھی منع ہے ۔ قیامت کے دن اس کا سخت مواخذہ ہو گا ۔

۱۳ ۔ اگر کوئی چاہے کہ اس کا ذہن اچھا ہو تو تین بار یہ سورۃ پڑھے اور پانی

پر دم کرے اور پی لے۔ اس کا ذہن اچھا ہو جائے گا۔

۳ ـــ سورۃ کہف کے فضائل

تفسیر نفسی میں لکھا ہے جس نے سورۃ کہف پڑھی وہ ایک اٹھوارہ ہر فتنہ سے بچا رہے گا۔ اگر اس اٹھوارہ میں دجال کا ظہور ہوگا تو اللہ تعالےٰ اس کے شر اور فتنہ سے بھی اسکی حفاظت کرے گا۔ اور جس نے سونے کے وقت آیۃ: قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰی اِلَیَّ: آخر تک صرف ایک بار پڑھی تو اس کے لئے، اس کے بستر سے لیکر مکہ تک نور چمکتا ہے۔ اور اس نور میں ملائکہ ہوتے ہیں جو اس کیلئے مغفرت کی دعا کرتے ہیں۔ اور اس پر درود شریف پڑھتے ہیں یہاں تک کہ وہ اپنی خوابگاہ سے اٹھ کھڑا ہو۔ اور اگر کسی کی خواب گاہ مکہ شریف میں ہو اور اس نے اس آیت کو پڑھا تو اس کی خواب گاہ سے لے کر بیت المعمور تک نور چمکتا ہے۔ اور اس میں فرشتے ہوتے ہیں جو اس پر درود شریف پڑھتے ہیں۔ اور اس کے لئے مغفرت کی دعا مانگتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ بیدار ہو۔

برائے بخار

جس شخص کو بخار چڑھتا ہے مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر اس کے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ آرام اور صحت کلی حاصل ہوگی۔ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط بَرَآءَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ اِنّی ام ملدم الّتی تَاْکُلُ اللَّحْمَ وَتَشْرَبُ الدَّمَ وَتَھْشِمُ الْعَظْمَ اَمَّا بَعْدُ یا ام ملدم اِنْ کُنْتِ مُؤْمِنَۃً بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَبِحَقِّ

مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم وان کُنتِ یہودیۃً فبحقِ مُوسےٰ
الکلیم علیہ السلام وَاِن کُنتِ نصرانیۃً فبحق عیسےٰ بن مریم علیہما
السلام اَنْ لَا تَاکُلِیْ فلان ابن فلانتہ (یہاں بخار والے کا نام مع اسکی ماں
کے نام کے لکھیں) لحمًا ولا شربت دمًا وَلَا ھشمت لَہٗ عظمًا وتحوّلی عنہ
الی من اتخذ مَعَ اللہِ اِلٰھًا اٰخر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ العَزِیزُ الحَکِیم
والابریئتہ من اللہ وَاللہ بَرِیٌ منک وحسبنا اللہ ونعم
الوکیل وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ العَلِیِّ العَظِیمِ ط

۵- وبا کے واسطے

یہ شعر کاغذ پر لکھ کر گھر کے دروازے پر چسپاں کریں یا مٹی کی ہانڈی کا
کورا ڈھکنا، جس کو پنجابی میں (چینی) کہتے ہیں، اس کے اندر کے حصہ میں
یہ شعر لکھیں اور وہ ڈھکنا باہر کے دروازے پر رسی یا دھاگہ باندھکر لٹکائیں
کوئی بلا یا وبا، گھر میں داخل نہیں ہوگی - شعر یہ ہے:

لی خمسۃٌ اُطفی بہا حرّ الوباء الحاطمہ ؎
المصطفےٰ والمرتضےٰ وابناھما والفاطمہ

۶- برائے زہرباد

سورۃ لایلاف سات بار پڑھکر سیاہ مرچوں پر دم کریں - ان مرچوں سے
مریض ہر روز صرف ایک دانہ کھائے، چالیس دنوں تک - اور ایک دھاگہ پر
مندرجہ ذیل کلمات سات سات بار پڑھکر سات گرہیں دیں اور مریض کے گلے میں

ڈالیں - انشاء اللہ شفا ہو گی - وہ کلمات یہ ہیں -

سُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ
(سورۃ یٰسٓ)

۷- جسکو سانپ ہمیشہ کاٹے :

جس کو سانپ ہمیشہ کاٹتا ہو اسکو مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر دیں وہ اپنے گلے میں ڈالے - کلمات یہ ہیں -

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ط

۸- بھاگے ہوئے کے واسطے :

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو تو اس کو واپس لانے کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھکر کسی درخت کی ٹہنی سے لٹکائیں کہ ہلتا رہے - نقش مکرم یہ ہے -

اللہ الرحمٰن الرحیم

یا محمد یا علی

الٰہی فلاں ابن فلانہ سوائے
خانہ خویش ہیچ جا قرار نگیرد
واپس گردد

لفظ الٰہی کے بعد بھاگے ہوئے کا اور اس کی ماں کا نام لکھیں

۹- بعض عالموں نے ذکر کیا ہے کہ جو شخص کھانا زیادہ کھائے اور اس کو بدہضمی کا خوف ہو تو وہ اپنے ہاتھ کو اپنے پیٹ پر پھیرے اور یہ دعا تین بار پڑھے - اس کو کھانا نقصان نہیں دے گا۔

اَللَّیْلَةُ لَیْلَةُ عِیدِی یَاکَرْشِی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْ سَیِّدِی اَبِی عَبْدِاللّٰهِ الْقُرَشِیِّ ۔ (حیوٰۃ الحیوان)

۱۰- جس کی شہوت بندھی ہوئی ہو اس کے واسطے یہ عمل مفید ہے:
تلوار کے کناروں پر ان حروف کو لکھیں:

بکھم ۸ ۸ دم ماما ۸ ۸ ۸ ۸ ٥ ٥ ٥

پھر اس کے ساتھ مرغی کے ابلے ہوئے انڈے کو اس طرح کاٹیں کہ اس کے دونوں حصے برابر ہوں - ایک حصہ مرد کھائے اور ایک حصہ عورت کھائے انشاء اللہ شہوت کھل جائے گی - یہ عمل مجرب ہے اور اللہ کے فضل سے صحت کے ۲۷ دروازوں کو کھولتا ہے۔

۱۱- مندرجہ ذیل آیت کاغذ پر لکھ کر لپیٹ کر تعویذ بنا کر جس مرد یا عورت کی شہوت بندھی ہوئی ہو اس کے گلے میں لٹکائیں - آیت کریمہ یہ ہے۔
فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ تَجْرِیْ بِاَعْیُنِنَا ۔ جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ۔

۱۲- چشمِ بد اور قوتِ باہ کے لئے:

قزوینی نے کہا کہ مرغی کی پیٹ میں ایک پتھر ہوتا ہے - اس کو اگر

نکال کر مصروع (مرگی والا آدمی) کے گلے میں لٹکایا جائے تو اس کو شفا ہو۔ اور اگر اس کو اس کے غیر پر لٹکایا جائے تو اسکی قوت باہ زیادہ ہو۔ اور چشم بد کا اثر دور ہو۔ اور اگر اس کو بچے کے سر کے نیچے رکھا جائے تو وہ سویا ہوا خوف نہ کھائے۔

(حیٰوۃ الحیوان)

۱۳۔ مرغی کی بیٹ کے فوائد:

اگر سیاہ مرغی کی بیٹ کسی کے دروازے پر چھڑکا دیں تو گھر والوں میں لڑائی جھگڑا شروع ہو اور جب تک اس کا اثر زائل نہ ہو لڑائی ہوتی رہے۔

اگر سیاہ مرغی کے پتہ کو ذکر پر طلا کریں تو جس عورت سے مباشرت کریں اس عورت سے کوئی اور مرد جماع پر قادر نہ ہو۔ یعنے اس کی شہوت بند ھ جائے گی۔

اگر سیاہ مرغی کا سر کسی نئے کوزے میں رکھکر اس آدمی کے بستر کے نیچے رکھیں جو اپنی بیوی سے ناراض ہے یا اس سے محبت نہیں کرتا تو وہ آدمی فوراً راضی ہوگا اور اپنی بیوی سے محبت کرے گا۔

اگر کوئی شخص سیاہ مرغی کے روغن کو یعنی اس کے مغز کو بقدر چار درہم کے اپنے پاس رکھے تو اس کی قوت باہ میں ہیجان اور جوش پیدا ہو۔

اگر سیاہ مرغی کی آنکھیں لے کر سیاہ بلی کی آنکھوں اور اس کے پلکوں کے ساتھ پیس کر خوب باریک کریں اور پھر اس کو بطور سرمہ کے آنکھوں میں لگائیں تو وہ روحانیین یعنے غائب مخلوق کو دیکھے گا۔ اور جو کچھ ان سے پوچھے گا وہ اسکو بتائیں گے۔

(حیٰوۃ الحیوان)

۱۴۔ نسیان کے اسباب :

کسی چیز کا یاد نہ رہنا، بھول جانا ایک بیماری ہے۔ اس کے اسباب مندرجہ ذیل ہیں۔ شیخ علم الدین سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا ذکر اپنی نظم میں جو عربی میں ہے ذکر کیا ہے۔ اس کا ترجمہ یہ ہے۔

- قبروں کے کتبوں کے پڑھنے کو عادت بنانا نسیان کو پیدا کرتا ہے۔
- اسی طرح ترش سیب اور سبز دھنیا بھی نسیان کا موجب ہے۔
- جانوروں کی قطار کے درمیان چلنا اور گردن کے پیچھے پچھنے لگوانا اور غم میں مبتلا ہونا نسیان کا سبب ہے
- کسی ٹھہرے ہوئے ہوتے پانی میں پیشاب کرنا بھی ایسی آفت کو دعوت دیتا ہے۔
- ایسے ہی جوں پکڑنا اور اس کو زندہ پھینک دینا بھی نسیان پیدا کرتا ہے۔
- سولی پر چڑھے ہوتے آدمی کو دیکھنا بھی یہی اثر کرتا ہے (حیٰوۃ الحیوان)

۱۵۔ مچھر کے واسطے

جس گھر میں فلفند اور شونیز سلگایا جائے وہاں مچھر ہرگز نہیں آتا۔ اور اگر ہوگا تو چلا جائے گا۔

ایضاً، صنوبر کا پھل اگر سلگایا جائے تو مچھر بھاگ جائے گا۔

" : کاغذ کے چار ٹکڑوں پر یہ ہندسے لکھیں اور گھر کی چاروں دیواروں پر چسپاں کردیں۔ مچھر بھاگ جائے گا۔

۱۲ ۱۲ ۱۱

۱۶۔ جنات کو دفع کرنے کے لئے

جس گھر میں لیموں ہو وہاں جنات داخل نہیں ہوں گے۔

(حیٰوۃ الحیوان)

۱۷۔ گمشدہ جانور کے لئے:

ابن مسعود رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا اگر تم میں سے کسی کی سواری یا کوئی جانور جنگل میں گم ہو جائے تو وہ کہے - یَا عِبَادَ اللّٰہِ اِحْبِسُوْ اس کی سواری مل جائے گی - اس لئے کہ زمین میں اللہ تعالٰے کے ایسے بندے ہیں جو اس کام کو سر انجام دیتے ہیں -

(حیٰوۃ الحیوان)

۱۸۔ بچوں یا جانوروں کو مطیع کرنے کے لئے

اگر اس آیت کو بچہ یا جانور کے کان میں پڑھ کر پھونک ماریں تو وہ نافرمانی یا سرکشی سے باز آجائے گا - اور فرمانبردار ہو جائے گا - آیت یہ ہے

اَفَغَیْرَ اللّٰہِ تَبْغُوْنَ وَلَہٗ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ
طَوْعًا وَّ کَرْھًا وَّ اِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ۝

(گلہائے رنگا رنگ)

۱۹۔ جانور پر سوار ہونے کے وقت

جب کسی جانور پر سوار ہوں تو مستحب ہے کہ رکاب میں پاؤں رکھتے وقت پڑھیں بسم اللہ ۔ اور پشت پر بیٹھتے وقت پڑھیں الحمدُ للہِ - اس کے

بعد پڑھیں : سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ پھر تین بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور تین بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہے - اور اس کے بعد ایک بار کہے : سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ - (کل ع ۶)

نقل ہے حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ گھوڑے پر سوار ہوئے - اور آخری دعا پڑھی تو ہنس پڑے - وجہ پوچھی گئی تو فرمایا ، اسی طرح حضور نبی اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے گھوڑے پر سوار ہو کر یہ دعا پڑھی تو آپ ہنس پڑے - آپ سے پوچھا گیا تو فرمایا بندہ جب یہ دعا پڑھتا ہے تو اللہ تعالےٰ ہنستا ہے - (کل ع ۷)

۲۰- عجائبات مرغ

جب مرغ مرغی پر سوار ہو اس وقت اسکی دُم کے بیلچے پر توڑ لئے جائیں - اور حمام میں جہاں سے پانی نکلتا ہے رکھدیں ، تو جو کوئی حمام میں غسل کرے گا اسکے ذکر میں نعوظ یعنے ایستادگی پیدا ہوگی -

ایضاً - مرغ کے بازو میں ایک ہڈی ہوتی ہے - اگر بائیں بازو کی ہڈی دائمی بخار والے کے گلے میں لٹکائیں تو اس کا بخار جاتا رہے گا - اور اگر وہ ہڈی اس کے گلے میں ڈالیں جس کو چوتھے دن بخار آتا ہے تو اس کو بخار سے نجات مل جائے گی - اگر یہ دونوں ہڈیاں یعنے دائیں اور بائیں بازو کی اکٹھی کر کے جانور کے گلے میں ڈالیں تو وہ تھکے گا نہیں - اور نہ اس کو اونگھ آئے گی -

اگر مرغ کا خصیہ بھون کر حیض کے ایام میں ظہر سے تین دن پہلے عورت

کو کھلائیں اور بعد ایام حیض طہر میں اس عورت سے جماع کریں تو یقیناً وہ عورت حاملہ ہوگی۔ اگر اس کا خصیہ کاغذ میں لپیٹ کر بائیں بازو پر باندھیں۔ نعوظ کثیر حاصل ہوگا اور جب تک نہیں کھولیں گے ساکن نہیں ہوگا۔

(حیٰوۃ الحیوان ، ک۔ ص ۹)

۲۱۔ غم اور خوف کے لئے :

آیت کریمہ : ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ تک اور آیۃ محمد رسول اللہ آخیر سورۃ تک

دونوں آیتیں لکھ کر تعویز بنا کر اپنے پاس رکھیں تو ہر غم اور خوف سے خلاصی ہوگی۔ یہ دونوں آیتیں جسمانی اور روحانی امراض کیلئے اکسیر ہیں اور پھوڑے پھنسی کو دفع کرنے کیلئے بھی بڑی مفید ہیں۔ ان کو کم از کم تین بار پڑھ کر پھونکیں پھوڑے پھنسی سے آرام آجائے گا۔ درد اور پھوڑے پھنسی کیلئے اس طرح بھی عمل کریں کہ ان ہر دو آیتوں کو کسی پاک برتن میں لکھیں پھر گلاب یا خوشبودار تیل ڈال کر ان آیتوں کو محو کریں کہ ان کی سیاہی تیل میں شامل ہو جائے اور پھر یہ تیل درد کی جگہ پر مالش کریں اور پھوڑے پھنسی پر لگائیں انشاء اللہ بہت جلد آرام شروع ہوجائے گا۔

۲۲۔ اسمِ اعظم

منقول ہے کہ ایک آدمی نے حضرت ابراہیم بن ادہم رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے سوال کیا کہ آپ مجھ کو اللہ کا اسم اعظم سکھائیں جس کے ساتھ ہر دعا قبول ہوتی ہے۔ آپ نے فرمایا یہ کلمات صبح وشام کہا کر اس لئے کہ ان کلمات

کے ساتھ جب بھی کسی خوف زدہ آدمی نے دعا کی تو اس کا خوف دور ہوا اور جب کسی نے کوئی حاجت مانگی تو اس کی حاجت روائی ہوئی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا مَنْ لَّهٗ وَجْهٌ لَا یَبْلٰی وَنُوْرٌ لَا یَطْفٰی وَاسْمٌ لَا یُنْسٰی وَبَابٌ لَا یُغْلَقُ وَسِتْرٌ لَا یُهْتَکُ وَمُلْکٌ لَا یَفْنٰی اَسْئَلُکَ وَاَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ بِجَاهِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ وَتُعْطِیَنِیْ مَسْئَلَتِیْ۔

بعض عالموں نے کہا: اسم اعظم یہ ہے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔

بعض نے کہا اسم اعظم اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے۔

اس لئے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اسم اعظم تین سورتوں میں ہے سورۃ بقرہ اور سورۃ آل عمران اور سورۃ طٰہٰ میں۔ سورۃ بقرہ میں آیۃ الکرسی میں الحیّ القیوم ہے اور اسی طرح یہ اسم سورۃ آل عمران اور طٰہٰ میں بھی ہے۔

۲۳ حفاظت ایمان کے لیے ایک عمدہ عمل۔ (گ ص ۱۵)

ابن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص چاہے کہ اللہ اس کے ایمان کی حفاظت کرے۔ یہاں تک کہ وہ اللہ کی ملاقات کرے قیامت کے دن۔ پس اس کو چاہیے کہ وہ ہر روز رات کو بلا ناغہ سنت مغرب کے بعد دو رکعتیں اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ

کے بعد سورۃ قل اعوذ برب الفلق ایک بار اور سورۃ قل اعوذ برب الناس، ایک بار پڑھے۔ راوی کہتا ہے اس میں بڑا فائدہ عظیم ہے۔

اور ایک دوسری حدیث میں ہے کہ سورۃ اخلاص سے قبل سورۃ انا انزلنا پڑھے اور پھر سلام پھیر کر پندرہ مرتبہ تسبیح پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَالِمُ مَا اَرَدْتُ بِهِمَا مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ هُمَا لِيْ ذُخْرًا يَوْمَ لِقَائِكَ اَللّٰهُمَّ احْفَظْ بِهِمَا دِيْنِيْ فِيْ حَيَاتِيْ وَعِنْدَ مَمَاتِيْ وَبَعْدَ وَفَاتِيْ۔

اللہ تعالیٰ اس کو سلب ایمان کی آفت سے بچائے گا۔ (گ ص۱۵)

۲۴۔ قرض کے واسطے:

اگر کسی پر قرض ہو اور اس کا ادا کرنا بہت مشکل اور دشوار ہو تو وہ بکثرت پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ط

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک اعرابی کو یہ وظیفہ بتایا۔ آپ نے فرمایا اگر تیرے اوپر پہاڑ کے برابر بھی قرض ہوگا تو اس وظیفہ کی برکت سے ادا ہو جائے گا۔ (گ ص۱۶)

۲۵۔ غم واندوہ کے واسطے

غم واندوہ دور کرنے کے لئے یہ وظیفہ بکثرت لاتعداد پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْكَرْبِ اَللّٰهُمَّ كَاشِفَ الْهَمِّ اَللّٰهُمَّ مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَ

رَحِیْمَهُمَا اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْحَمَنِیْ فَارْحَمْنِیْ رَحْمَةً ۔

اگر کوئی شخص رنج و غم میں مبتلا ہو تو یہ پڑھا کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔

اللہ تعالٰے اس کو ہر غم اور مصیبت سے نجات دے گا۔

۲۶- دشمن کے واسطے :

اگر کسی کو دشمن سے شر کا اندیشہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ یہ پڑھا کرے دشمن اس کو نقصان پہنچانے پر قادر نہیں ہوگا۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ اَللّٰهُمَّ اكْفِنَا هُمْ بِمَا شِئْتَ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ

ابن نجار حضرت معروف کرخی رحمتہ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں، کہ انھوں نے فرمایا جو شخص غم میں مبتلا ہو اور کسی طرح اس سے چھٹکارا نہ ہوتا ہو وہ تین دفعہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ احْفَظْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ - اَللّٰهُمَّ عَافِ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ ۔

اس کا غم دور ہوگا، چاہیئے کہ اس کو ہر روز ہر نماز کے بعد تین بار پڑھا کرے یعنے اس پر مداومت کرے اور اپنا روز کا وظیفہ بنائے۔

چند رکعتیں نوافل کی پڑھے اور پھر سجدے میں گر کر یہ پڑھے

يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ يَا فَاتِحَ الْاَبْوَابِ يَا سَامِعَ الْاَصْوَاتِ يَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ اِكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ

حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ.

اس پر بھی مداومت کرے۔ اس سے ہر غم اور مصیبت دور ہو گی۔ رزق کی تنگی جاتی رہے گی۔ حاجتیں اور مرادیں پوری ہوں گی۔ دنیا میں عزت و غلبہ حاصل ہو گا۔ اللہ کا فضل شامل ہو گا۔

حکایت
حماد بن سلمہ کہتے ہیں کہ عاصم بن اسحٰق نے جو اپنے زمانے کے شیخ القرآن تھے فرمایا کہ ایک دفعہ مجھ کو تنگی پہنچی۔ میں اپنی اور اہل و عیال کی حاجت پوری کرنے کیلئے سخت لاچار اور پریشان تھا میرے پاس کچھ بھی نہ تھا جس سے میں اپنی حاجت پوری کر دوں۔ میں اپنے ایک بھائی کے پاس گیا وہ آسودہ حال تھا۔ مجھکو یقین تھا کہ اس پریشانی میں وہ میری مدد کرے گا۔ مگر افسوس اس نے میری طرف توجہ نہ دی۔ میں وہاں سے شکستہ خاطر ہو کر ایک جنگل کی طرف گیا وہاں وضو کر کے چند رکعت نماز نفل پڑھی اور پھر سجدے میں گر کر وہی الفاظ پڑھے جنکا ذکر اوپر ہوا ہے ابھی میں سجدے ہی میں تھا کہ میرے پاس کسی چیز کے گرنے کی آواز آئی۔ میں نے دیکھا تو چمڑے کی ایک تھیلی تھی۔ اور ایک درخت کے اوپر ایک چیل بیٹھا ہوا مجھے دیکھ رہا تھا۔ میں نے سمجھا کہ یہ تھیلی اسی نے پھینکی ہے۔ یہ ہو سکتا ہے کہ وہ کوئی فرشتہ ہو، میں نے تھیلی کو اٹھایا اس میں اسّی دینار تھے اور ایک موٹا سا قیمتی موتی بھی تھا۔ میں نے موتی کو بہت بڑی قیمت میں فروخت کیا۔ اور اللہ تعالےٰ کا شکر کیا جس نے مجھ کو رزق کی پریشانی سے نکالا اور میں غنی ہو گیا۔

○ اسی طرح کا ایک میرا اپنا واقعہ بھی ہے۔ یہ واقعہ ان دنوں کا ہے جب میں قصور کوٹ عثمان خاں سے ایک تبلیغی ماہنامہ "مبلغ" نکالا کرتا تھا۔ اس

کی اشاعت بہت کم تھی - اکثر مجھ کو اس کے لئے ہر ماہ قرض اٹھانا پڑتا تھا ایک دن کا ذکر ہے کہ میں جامع مسجد میاں کالا مرحوم کی جامع مسجد میں جہاں میں جمعہ پڑھاتا ہوں اسکے حجرہ میں جسکو میں رسالہ کیلئے بطور دفتر کے استعمال کرتا تھا، تنہا بیٹھا ہوا تھا - رسالہ چھپوانے کیلئے پچاس روپے کم تھے - میں نے اپنی جیب سے جتنے روپے میرے پاس تھے نکال کر سامنے رکھے اور عرض کی اے میرے مولا تو مجیب الدعوات ہے اور سمیع و بصیر اور خبیر بھی ہے میرے پاس صرف یہی روپے ہیں مجھے پچاس روپے اور چاہئیں تو اپنے خزانہ غیب سے عطا کر - ابھی تھوڑی ہی دیر گذری تھی کہ ایک چھوٹا سا بچہ آیا، جو نہایت خوبصورت تھا - معلوم ہوتا تھا کہ کسی اچھے گھرانے کا چشم و چراغ ہے - میں اسکو نہیں پہچانتا تھا - اس نے میرے ہاتھ میں ایک نیلے رنگ کا لفافہ دیا - میں نے کہا تم کس کے بچے ہو - اس نے کہا بتانے کی اجازت نہیں - اس لفافہ کو کھولو - میں نے کھولا اس کے اندر سے دس دس روپے کے پانچ نوٹ نکلے - اس نے کہا رسید لکھ دو - میں نے کہا کس کے نام - اس نے کہا نام کی ضرورت نہیں اور مجھ کو اجازت بھی نہیں ہے کہ بھیجنے والے کا نام بتاؤں صرف اتنا لکھ دیں کہ میں نے پچاس روپے وصول پائے - میں نے لکھ دیا اور وہ بچہ رسید لے کر چلا گیا -

ع خدا خود میر ساماں است ارباب توکل را

○ بہت پرانے زمانے کی بات ہے - ضلع امرتسر موضع آوان میں جو میرا آبائی گاؤں ہے - چورہ شریف کے پیر حضرت نور بادشاہ اکثر آیا کرتے تھے - وہاں ان کے بہت مرید تھے - میں ان دنوں بچہ تھا - اور گلستاں بوستاں پڑھتا تھا - حضرت نور بادشاہ تشریف لاتے تو مجھ سے بہت پیار کرتے

اس لئے کہ میرے والد صاحب مولوی فضل کریم رحمۃ اللہ علیہ سے ان کے بڑے دوستانہ مراسم تھے - اور اس لئے بھی کہ میں ایک طالب علم تھا - حضرت پیر صاحب اکثر تمام دعوتوں میں مجھے اپنے ساتھ رکھتے اور اپنے ساتھ کھانا کھلاتے -

حضرت پیر صاحب کی یہ شفقت اور محبت ہمارے گاؤں کے ایک امام مسجد میاں مولا بخش کو بہت ناگوار گذرتی تھی - اس کے دل میں حسد کی آگ بھڑکتی تھی - ایک دن اس نے کہا پیر جی غلام رسول کھانا ہے کھلانا نہیں -

پیر صاحب کے کچھ ارشاد فرمانے سے قبل میں نے کہا کل صبح پیر صاحب کا ناشتہ ہمارے گھر میں ہوگا - پیر صاحب نے اجازت دے دی - اور حال یہ تھا کہ ان دنوں ہمارے گھر میں غربت و افلاس کا دور دورہ تھا - باپ کی شفقت اور معاونت سے محروم تھا - میں نے والدہ کو کہا کل پیر صاحب کا ناشتہ ہمارے گھر میں ہوگا -

والدہ نے کہا پیر صاحب کا ناشتہ جیسا کہ تمہیں معلوم ہے بہت پُرتکلف ہوتا ہے - پراٹھے، دہی مکھن اچار، سالن، چائے انڈے وغیرہ - ہم غریب بھلا اتنی چیزیں کہاں سے میسر کریں گے - میں نے کہا اماں جی اب جو ہو سو ہو میں تو وعدہ کر آیا ہوں - دوسرے دن صبح کے وقت چونکہ سردیوں کا موسم تھا لحاف میں لیٹا ہوا تھا - میاں مولا بخش یاد دہانی کرانے کے لئے آیا کہ ناشتہ وقت پر تیار مل جائے - میں نے والدہ کو کہا جاری کرو چولہے میں آگ جلاؤ وہ کہنے لگیں بچوں کی سی باتیں کرتے ہو نری آگ سے کیا ہوگا - میں نے ہاتھ جوڑے اماں جی تم ایک دیگچہ پانی کا بھر کر چولہے پر رکھ دو - انہوں نے میری بات مانی اور میاں مولا بخش کے سامنے چولہے میں آگ جلائی اور پانی کا ایک دیگچہ رکھ دیا - مولا بخش کو تسلی ہوئی اور وہ چلا

گیا۔ اس کے بعد میں نے کہا: اماں جی ہماری پڑوسن پھوپھی مہتاب بی بی
بڑی اچھی پھوپھی ہے۔ اس سے دو روپے قرض لے لو وہ انکار نہیں
کرے گی۔ دو روپے سے سستا زمانہ تھا، ناشتہ کے سارے لوازمات پورے
ہو گئے۔ پیر صاحب تشریف لائے۔ ان کے ساتھ آٹھ دس آدمی بھی تھے
مولا بخش بھی تھا۔ سب نے ناشتہ کیا۔ پیر صاحب نے ہاتھ اٹھا کر دعا
مانگی اور جاتے ہوئے کہا بیٹا فکر نہ کرنا، اللہ دستگیر ہے۔ میری والدہ کو
بھی کہا بھین جی میرا بیٹا جو کہے مان لیا کرو۔ کسی وقت اسکی بڑی شان
ہو گی۔ یہ پیروں کی خدمت کرتا ہے۔ یہ بھی پیر ہو گا۔ پھر آپ نے کہا
بیٹا پند نامہ شیخ عطار تو تم نے پڑھا ہی ہے۔ میں نے عرض کی، حضور
آپ نے فرمایا اس میں یہ ہے:

؏ ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد

میں نے عرض کی حضور! پھر آپ نے مجھے تھپکی دی اور
میرے ماتھے کو چوما اور کہا تم بھی مخدوم ہو گے۔

دوپہر کا وقت تھا۔ والدہ صاحبہ کسی کھیت میں، جیسا کہ دیہاتی عورتیں
قضائے حاجت کے لئے باہر کھیتوں میں چلی جاتی ہیں، گئیں۔ وہاں مٹی
سے آلودہ گولی کی طرح کوئی چیز تھوڑی تھوڑی چمکتی ہوئی ان کو نظر آئی۔
اس کو انھوں نے اٹھا لیا اور گھر لائے۔ مٹی سے اس کو صاف کیا۔ تو
گمان ہونے لگا کہ یہ سونا ہے۔ اتنے میں گلی میں کسی سنیارے نے آواز
دی کہ گوٹہ تار بیچ لو۔ ہم نے اس کو بلایا۔ اور وہ گولی اس نے دیکھی اور کہا
یہ خالص سونا ہے۔ اس نے وزن کیا اور بیس روپے ہمکو دیئے۔ اس سے
ہم نے دو روپے پھوپھی مہتاب بی بی کو اس کے قرضے میں دیدیئے اور

باقی رقم ہم نے اپنی ضرورت کے لئے سنبھال کر اپنے پاس رکھی - رب تعالیٰ پر توکل اور بزرگوں کے قدم اور ان کی خدمت میں بڑی برکت ہے ۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سے واقعات ہیں جو میری ذات سے متعلق ہیں - اگر ان سب کو جمع کیا جائے تو طوالت کا اندیشہ ہے ۔

۲۷- برائے کشائش رزق

اگر کوئی چاہے کہ اس کے رزق میں فراخی ہو اور تنگدستی سے خلاصی ملے تو وہ سورۃ الم نشرح اور سورۃ کا ورد ہمیشہ پڑھے ۔

۲۸- لوگوں سے چھپنے کے لئے

اگر کسی کو یہ مطلوب ہو کہ وہ کسی کو نظر نہ آئے تو اس کو چاہیئے کہ یہ دعا بکثرت اور بلا تعداد ہر وقت پڑھتا رہے :

اَللّٰھُمَّ اسۡتُرۡنِیۡ بِسَتۡرِکَ الۡجَمِیۡلِ الَّذِیۡ سَتَرۡتَ بِہٖ نَفۡسَکَ

انشاء اللہ ایک وقت آئے گا کہ اس کو کوئی نہیں دیکھے گا ۔

تنبیہ یہ اعمال ہیں تو صحیح اور بزرگوں کے عمل میں آئے ہوئے - اگر کوئی دیکھے کہ اب اثر نہیں ہوتا تو اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ دور شر کا ہے اس کی ظلمت سے ہمارے اعمال اثر خیز نہیں ہوتے ۔ یہی وجہ ہے کہ آجکل اولیاء اللہ کی کرامات کا ایسا ظہور نہیں ہوتا جیسا کہ پہلے زمانوں میں ہوتا تھا یا پھر اپنے آپ میں تقویٰ کے اعتبار سے کمی دیکھے ۔ اس لئے کہ جب تک عامل کا تقویٰ میں معیار بلند نہیں ہوتا ' عملیات کا اثر ظاہر نہیں ہوتا ۔

۲۹۔ بھوک کے لئے :

اگر کوئی چاہے کہ اس کو بھوک نہ لگے تو وہ ہمیشہ سورۃ لِاِیْلٰف پڑھے اس کو بھوک نہیں لگے گی۔ مصنف حیوٰۃ الحیوان کا قول ہے کہ میں نے اس کا بارہا تجربہ کیا ہے اور صحیح پایا ہے۔

۳۰۔ اگر مال یا تجارت پر خوف ہو تو :

سورۃ الشعراء لکھ کر اپنی تجارت کی جگہ میں لٹکائیے۔ اسکی تجارت کو فروغ ہوگا۔ اور بڑا فائدہ ہوگا۔ مال کو نقصان نہیں ہوگا۔

۳۱۔ برائے سلامتی نفس :

اگر کسی کو اپنی ہلاکت کا خوف ہو تو وہ سورۃ قصص لکھ کر تعویز بنائے۔ اور اپنے گلے میں لٹکائے۔ ہلاکت اور تمام آفات و بلیات سے امن میں رہے گا۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ یہ ایک عجیب راز ہے۔

۳۲۔ آیتہ الکرسی کا فائدہ :

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص آیتہ الکرسی ہر فرض نماز کے بعد پڑھے اس کی روح اللہ تعالےٰ کے سوا کوئی قبض نہیں کرے گا۔

۳۳۔ دُعائے عیسوی :

ابو نعیم سے روایت ہے کہ میں نے معروف کرخی رحمتہ اللہ علیہ سے سنا

انھوں نے فرمایا کہ جب یہودی حضرت عیسٰی علیہ السلام کو قتل کرنے کے لئے جمع ہوئے تو اللہ تعالٰی نے جبرئیل علیہ السلام کو نازل کیا اس کے بازو پر یہ دعا لکھی ہوئی تھی :-

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِاِسْمِکَ الْاَحَدِ الْاَعَزِّ وَادْعُوْکَ اَللّٰھُمَّ بِاِسْمِکَ الْکَبِیْرِ الْمُتَعَالِ الَّذِیْ سَلَاءَ الْاَرْکَان کلہا ان تَکْشِفَ عَنِّیْ شَرَّ مَا اَصْبَحْتُ وَاَصْبَحْتُ فِیْہِ ۔

حضرت عیسٰی علیہ السلام نے یہ دعا پڑھی تو اللہ تعالٰی نے جبرائیل کو فرمایا میرے بندے کو میری طرف اٹھالاؤ ۔

۳۴۔ سر درد کے واسطے

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ بنی امیہ کے کسی گھر میں چاندی کا ایک ڈبہ پایا گیا ۔ اس پر سونے کا تالا لگا ہوا تھا ۔ اس کے اوپر لکھا ہوا تھا ۔ شفاءٌ من کل داءٍ (ہر بیماری کی دوا) اور جب اس کو کھولا تو اس میں یہ کلمات لکھے ہوئے تھے :

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اللّٰہ وباللّٰہ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اسکن اَیُّھَا الْوَجَعُ سَکَّنْتُکَ بِالَّذِیْ یُمْسِکُ السَّمَاءَ اَنْ تَقَعَ عَلَی الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِہٖ اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ الرَّحِیْمُ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰہ وباللّٰہ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اُسْکُنْ اَیُّھَا الْوَجَعُ سَکَّنْتُکَ بِالَّذِیْ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ

ذَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ○

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اس دعا کے پانے کے بعد مجھ کو کسی طبیب کے پاس جانے کی کبھی حاجت نہیں ہوئی۔ (حیوٰۃ الحیوان)

ف : اس کے استعمال کرنے کا طریقہ احقر کے نزدیک یہ ہے کہ کسی کاغذ پر اس کو لکھ کر سر پر باندھیں یا گلے میں ڈالیں یا پانی میں حل کر کے نوش کریں۔

مصنف حیوٰۃ الحیوان نے کہا ہے کہ سر درد کیلئے مندرجہ ذیل حروف سفید کاغذ پر لکھیں اور جہاں درد ہو وہاں چپکا دیں۔ انشاء اللہ فوراً آرام ہو گا۔ میں نے بارہا اس کا تجربہ کیا ہے اور درست پایا ہے وہ حروف یہ ہیں۔

د - م - ۲ - ل - م - ۃ

سر درد کے لئے یہ عمل بھی مجربات سے ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

لکھ کر تعویز بنا کر سر پر باندھیں۔

یہ بھی مجربات سے ہے۔ ان حروف کو تختی پر یا کسی پاک جگہ پر لکھیں اور پہلے حروف پر ایک میخ رکھ کر اور آیت الم تر الیٰ ربک آخیر تک پڑھیں اور تھوڑا سا ٹھونک دیں۔ اگر اس پر درد کا بالکل آرام آجائے، تو میخ کی ٹوپی تک ٹھونک دیں۔ ورنہ دوسرے حرف پر بھی یہی عمل کریں انشاءاللہ آخری حرف تک ضرور آرام آجائے گا۔ وہ حروف یہ ہیں۔

اح اک ک ح ع ح ا م ح

کسی شاعر نے ان حرفوں کو اس شعر میں جمع کیا ہے جو تعداد میں ۱۱ ہیں

ے انی حملت الیک کل کریمۃ حورا عن حظ المتیم ماحنت

ا ح ا ک ک ح ع ح ا م ح

فاوائل الکلمات منہا مقصدی لصداع راس یافتی قد جربت

۳۵۔ بعض مفید اسرار

انسان کے بال جلا کر گلاب کے عرق میں شامل کریں اور جو عورت درد زہ کی تکلیف میں ہو اس کے سر پر رکھ دیں۔ اس پر بچہ کا جننا آسان ہو گا۔

۳۶۔ عورت کو بستہ کرنے کا عمل:

جو بال عورت کی کنگھی سے نکلیں ان کو جلائیں اور ان کی راکھ احلیل کے سر پر لگائیں۔ اور پھر اس عورت سے جماع کریں۔ اس کی شہوت بستہ ہو جائے گی۔ تمہارے بغیر کوئی اور مرد اس سے جماع کرنے پر قادر نہیں ہو گا۔

٣٧۔ برائے محبت :

اگر تم کسی کو اپنی محبت میں دیوانہ کرنا چاہتے ہو تو اپنے ہاتھ اور پاؤں دھو کر اس کو پلاؤ - وہ تمہاری محبت کا دم بھرے گا۔ یہاں تک کہ تمہارے بغیر اس کو قرار نہیں آئے گا۔ اگر اپنی قمیض کا گریبان دھو کر محبوب کو پلایا جائے تو بھی اثر ہوگا۔ اگر ہاتھ پاؤں کے ناخن جلا کر اس کی راکھ پانی یا دودھ میں گھول کر پلائی جائے تو محبوب محبت میں بے قرار ہوگا یہ ایک راز ہے جو بتایا گیا ہے -

٣٨۔ پستانوں کی سوجھ کے واسطے :

بعض عورتوں کے پستان کسی عارضہ کی وجہ سے سوجھ جاتے ہیں - اور ان میں درد ہوتی رہتی ہے - اس کا علاج یہ ہے کہ چکی کا غبار انسان کے پسینے میں ملا کر پستانوں پر لیپ کیا جائے - فوراً آرام ہوگا

٣٩۔ سانپوں سے حفاظت کے لئے :

مندرجہ ذیل حروف اور عدد کاغذ کے چار ٹکڑوں پر لکھیں اور وہ گھر کے چاروں کونوں میں رکھ دیں - اس گھر سے سانپ بھاگ جائیں گے - وہ حروف اور عدد یہ ہیں :

اا ٦ ااا ٨ے ارح ٥٥ے اا ٥ اا دد ا ٥ سیہ دادم اا ح

ااا ح ط ٥ ھ ٨ =

۴۰۔ بانجھ عورت کے واسطے

یہ نقش لکھ کر عورت کے گلے میں ڈالے اللہ مہربانی کرے گا

یاہو یاہو یاہو یاہو یاہو یاہو یاہو
یاعلی یاعلی یاعلی یاعلی یاعلی یاعلی یاعلی

اوپر کی ایک سطر میں ۷ بار یاہو اور نیچے کی سطر میں ۷ بار یاعلی لکھیں۔

۴۱۔ ہجیروں کے واسطے

یہ بڑا نامراد مرض ہے۔ گلے کے گرداگرد چھوٹی بڑی گلٹیاں ہوتی ہیں جن سے درد بھی ہوتا ہے اور گردن میں تناؤ بھی پیدا ہوجاتا ہے۔ مریض بہت پریشان ہوتا ہے۔ اور اس مرض سے چہرہ بھی بدنما ہوجاتا ہے۔ اس کو خنازیر اور کنٹھ مالا بھی کہتے ہیں۔ اس کے لئے بکرے کی گردن کی کھال کا سوا گز تسمہ حاصل کریں اور سورۃ یاایھا الکافرون ایک ایک بار پڑھکر اس میں قریب قریب ۴۱ گرہیں دیں۔ اور اس کو مریض کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

یہ عمل حضرت امیر ملت محدث علی پوری قدس سرہٗ کرتے تھے۔ اور آپ کے خاندان میں اب بھی یہ عمل جاری ہے۔ یہ عمل مجھ کو معین الملت حضرت پیر سید حیدر حسین شاہ صاحب مدظلہ العالی علی پوری سے حاصل ہوا۔

۴۲- دردِ ریح کے واسطے

سیاہ دھاگہ لیکر اس میں گیارہ گرہیں دیں - اور ہر گرہ پر سورۃ اخلاص
تین تین بار پڑھکر پھونکیں اور گلے میں ڈالیں -
نوٹ : گرہ دینے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے سورۃ اخلاص تین بار پڑھیں اور
پھر پھونک ماریں اور گرہ دیں - یہ عمل مجھ کو اپنے والد ماجد حضرت مولنا فضل
کریم علیہ الرحمۃ نقشبندی سے حاصل ہوا -

۴۳- ہر درد اور بیماری کے لیے

سورۃ قل اعوذ برب الفلق پڑھ کر دم کیا جائے - اور اس کو لکھ کر تعویذ
بنا کر دیں کہ مریض اپنے گلے میں ڈالے - اور یہی دم اور تعویذ بچوں کی پسلی
چلنے کے لئے بھی کافی ہے -

۴۴- بچے کے سوکھے کے واسطے

یہ مرض بھی بڑا نامراد ہے - مریض بچہ سوکھ کر کانٹا ہو جاتا ہے آنکھیں
اندر کو دھنس جاتی ہیں - مندرجہ ذیل تعویذ ڈھکنے والی چھوٹی شیشی میں بند
کرکے چوکی کے نیچے رکھ کر، اس پر صبح سویرے سورج چڑھنے سے پہلے بچے
کو سات اتوار تک ہر اتوار کو نہلائیں - تعویذ یہ ہے :

فرعون ہامان قارون شداد نمرود ابلیس مردود علیہم اللعنہ

ان ناموں کو لکھیں اور ایک تعویذ کی صورت میں بیٹ کر دیں - اور

مندرجہ بالا طریقہ کے مطابق عمل کریں۔ اور انہیں ناموں کی بچہ کو دھونی دیں یعنے یہ نام لکھ کر اس کی بتی بنائیں۔ اور اس پر کالے رنگ کا جھیتھڑا، لپیٹیں اور دہکتے ہوئے کوئلوں پر ڈالیں اور حرمل کے دانے بھی چٹکی بھر ڈالیں اور بچہ کو دھونی دیں۔ انشاء اللہ بچہ صحت مند ہوگا۔

۴۵۔ برائے اولاد:

جس عورت کے ہاں اولاد نہ ہو، گیارہ بار سورۃ مزمل پڑھکر دودھ پر پھونکیں۔ اور دن کو دونوں مرد و عورت روزہ رکھیں۔ رات کو اسی دودھ سے افطار کریں اور پھر اسی رات وہ دونوں ہم بستر ہوں۔ دوسرے اور تیسرے دن بھی اسی طرح کریں۔ دودھ پر ہر روز سورۃ مزمل گیارہ بار پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ عورت بارور ہوگی۔

ایضاً: یہ تعویز ہمزیہ جو کہ خاص بزرگان دین سے منقول ہے۔ شروع حمل میں عورت کو پینے کے واسطے دیں۔ اور ایک تعویز اس کے گلے میں لٹکائیں جو ناف کے اوپر رہے۔ اور اگر ہو سکے تو تعویز ڈالنے سے قبل حسب استطاعت صدقہ کریں۔ تعویز یہ ہے:

۷۸۶

ھ	ھ	ھ	ھ	ھ
۶۶	۶۶	۶۶.	⁘	XX
م	ص	ھ	و	۶

فضیلت سورۃ یٰسین

جو کوئی ہر صبح و شام سورۃ یٰسین ایک بار پڑھے گا۔ اس کا سارا دن امن اور سلامتی سے گزرے گا۔ کوئی آفت، بلا اس کے قریب نہیں آئے گی۔ (خازن)

آیۃ الکرسی کی فضیلت

جو کوئی رات کو سوتے وقت اپنے بستر پر جا کر ایک بار آیۃ الکرسی پڑھے گا۔ اللہ تعالےٰ صبح ہونے تک اس کے پاس فرشتوں سے کوئی فرشتہ بطور محافظ کے کھڑا کر دے گا۔ ساری رات وہ امن اور سلامتی میں رہے گا۔ کوئی مصیبت اور تکلیف اس کے نزدیک نہیں آئے گی۔ (مشکوٰۃ)

سورۃ مومن کی پہلی تین آیات

جو کوئی صبح فجر کی نماز پڑھ کر ایک بار آیۃ الکرسی اور سورۃ مومن کی پہلی تین آیات الیہ المصیرون تک پڑھے گا۔ اس کا سارا دن خوشی میں گزرے گا۔ ان سب مذکورہ چیزوں کے اول آخر، ۵ بار درود شریف پڑھنا مفید ہے۔ مدارت

سورۃ اخلاص

جو کوئی سورۃ اخلاص تین بار پڑھے گا اس کو قرآن شریف ایک بار پڑھنے کا ثواب ملے گا۔ حدیث

ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھیں۔ اور تعویذ بنا کر عقیمہ عورت کو دیں کہ وہ اپنے گلے میں ڈالے۔ آیت یہ ہے:

وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتَىٰ ۗ بَل لِّلَّهِ الْأَمْرُ جَمِيعًا ۗ

اگر عورت بانجھ ہو تو یہ تعویذ سات روز تک پلائیں۔ خدا کے فضل سے حمل ٹھہرے گا۔ مگر شرط یہ ہے کہ یہ تعویذ عورت ایام طہر میں پیئے

اور ان سات دنوں میں وہ مجامعت بھی کریں۔ تعویز یہ ہے :

هو هو هو هو هو هو هو هو هو :
اللہ اللہ اللہ اللہ :
حی حی حی حی حی حی حی حی حی حی :
قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم :

نوٹ : ھو ۹ بار، اللہ ۴ بار، حی ۱۰ بار اور قیوم ۹ بار لکھیں۔

اٹھراہ کے لئے !

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علی علی علی علی علی علی علی : لہ لہ لہ

لہ لہ لہ لہ : لا لا لا لا لا لا لا

لا : ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو : وہ

وہ وہ وہ وہ وہ وہ وہ : سر سر سر سر

سر سر سر ھو نر صو صو ھنا العجل العجل

العجل : الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا

الوحا الوحا

اس کے نیچے عورت کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔ اور یہ تعویز نوچندی اتوار کو لکھنا ہوگا۔ اس کو عورت اپنے گلے میں لٹکائے، کہ ناف کے اوپر رہے۔

اٹھراہ والی عورت ایک نئے پرہیز یہ ہے کہ وہ سوتک والے گھر میں نہ

لگ جائے اور نہ دہاں کی کوئی چیز کھائے اور نہ پئے۔ اور بڑا گوشت، بینگن اور
مسور کی دال بھی نہ کھائے۔ یہ تعویذ عورت اس وقت اپنے گلے میں ڈالے جب
حمل پر صرف دو ماہ کا عرصہ گذرا ہو۔ اس کے ساتھ ایک تعویذ کمر میں رکھنے کیلئے
ہوگا۔ اس کے لئے کنواری لڑکی کے ہاتھ سے کاتے ہوئے سوت کی عورت
کے ناپ کے برابر اکیس تاریں لیں۔ اور پھر یہ تعویذ لکھ کر دھاگہ کے درمیان
اس کو باندھیں:

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اور ایک بار سورۃ مزمل پڑھ کر پھونکیں۔ پھر اس دھاگہ کے دائیں اور بائیں
جانب سورۃ مزمل ایک ایک بار پڑھ کر پھونکیں اور ایک گرہ دیں۔ پھر ہر
دو طرف چاروں قل دو دو بار پڑھکر پھونکیں اور ہر دو طرف دو گرہ دیں اور
اس کے ساتھ ہی اجوائن اور سیاہ مرچ اور دال پر بھی پھونکتے جائیں اور
کھیٰعص۔ حٰمعسق بھی سات بار پڑھکر پھونکیں۔ اس کے ساتھ وہ
عورت ہر روز صبح سویرے یہ تعویذ (یا بدوح) اور ہر اتوار کو یہ تعویذ

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

بلاناغہ کھائے۔ اس میں ناغہ نہ ہو۔ اور اجوائن اور سیاہ مرچ بھی ہر روز تھوڑی

مقدار میں کھایا کرے۔

عامل کو چاہیئے کہ ایک بار اس کو کئی مہینوں کے تعویز لکھ کر دے اور اس کو حکم دے کہ ابھی چند دنوں کے تعویز باقی ہوں تو پھر آکر اور تعویز لے جائے۔ تاکہ اس میں ناغہ نہ ہو۔ جب بچہ پیدا ہو تو گلے والا تعویز اتار کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ اور بچے کا نیک نام رکھیں۔ جب تک بچے کا دودھ چھڑایا نہیں جاتا اوپر کے تعویز کھاتے ہوں گے۔ اور کبھی کبھی یہ عورت شیطانوں کے ناموں کی دھونی بھی لیا کرے۔ دھونی یہ ہے :

ابلیس شداد نمرود فرعون ہامان قارون

اس کی بتی بنائیں اور اوپر کالا دھاگہ یا کالا چیتھڑا لپیٹیں اور دھونی لیں۔ ساتھ حرمل کے دانے بھی چٹکی بھر ڈالیں اور تھوڑی سی رال بھی۔ اس تعویز کی اجازت اس احقر کو حضرت مولٰنا معین الملت الحاج پیر سید حیدر حسین شاہ صاحب مدظلہ العالی سے حاصل ہے۔

برائے اولاد :

اگر کسی کے پیٹ سے فرزند نہ ہوتا ہو یا ہو کر مر جاتا ہو تو مندرجہ ذیل تعویز لکھ کر دائیں بازو پر باندھنے کیلئے دیں۔ بکرم اللہ تعالیٰ فرزند نرینہ پیدا ہوگا اور عمر دراز ہوگی۔ مجرب ہے شک نہ لائے۔ تعویز یہ ہے

ص ۱۱ ۲۲ ۱۱۱ ۱۹   ص ۱۱ م ۱۱۲ ۱۴ د

ص ۷ ۱ع ۹ ۱۱۱ د بحرمتہ شیخ یا ارحم الراحمین

یہ تعویز حضرت پیر خواجہ نور بادشاہ صاحب چوراہی قدس سرہ نے اپنی مرضی سے مجھ کو عطا کیا تھا۔

یہ اسم اعظم لکھ کر گلے میں یا بازو پر باندھیں۔ لڑکا پیدا ہوگا اور عمر دراز ہوگی۔ تعویز کی صورت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا مَنَّانُ یَا ذَا الْاِحْسَانِ عَمَّ کُلَّ الْخَلَائِقِ مَنُّکَ یَا مَنَّانُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ؕ

یہ تعویز بھی حضرت انور بادشاہ صاحب چورا ہی رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل ہوا۔

مشکلات کے حل کے واسطے:

۳۔ عمارہ بن سبائی سے روایت ہے کہ جو کوئی طرح طرح کی مصیبتوں اور پریشانیوں میں مبتلا ہے اس کو چاہیئے کہ وہ مغرب کی نماز سے فارغ ہوکر ہر روز دس بار یہ پڑھا کرے:

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ ۝

آسیب زدہ عورت اور مرد کے واسطے یہ تعویز نہایت بابرکت اور مفید ہے۔ آسیب اس تعویز کو دیکھتے ہی خود بخود باطل ہو جائے گا۔ اسکو لکھکر گلے میں ڈالیں۔ تعویز یہ ہے:

۱۰۶۶۲	۱۰۶۶۵	۱۰۶۶۸	۱۰۶۵۴
۱۰۶۶۷	۱۰۶۵۵	۱۰۶۶۱	۱۰۶۶۶
۱۰۶۵۶	۱۰۶۷۰	۱۰۶۶۳	۱۰۶۶۰
۱۰۶۶۴	۱۰۶۵۹	۱۰۶۵۷	۱۰۶۶۹

خوفناک خوابوں کا علاج :

اگر کسی کو خوفناک اور بھیانک خواب ستاتے ہوں تو سونے سے پہلے تین بار اعوذ پڑھے اور تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور کلمہ ولا یؤدہ حفظہما وھو العلی العظیم کا تین بار تکرار کرے۔ انشاء اللہ رات کو کوئی پریشان خواب نہیں آئے گی۔

غلبۂ بلغم کا علاج :

اگر غلبۂ بلغم سے کھانسی وغیرہ کی شکایت ہو۔ اور بلغم جلدی خارج نہ ہوتی ہو تو دیسی نمک کی چھوٹی چھوٹی سات ٹکڑیاں لیں۔ اور ہر ٹکڑی پر سات سات بار آیۃ الکرسی شریف پڑھ کر دم کریں۔ اور مریض کو روزانہ ایک ٹکڑی دیں کہ وہ منہ میں رکھ کر لعاب نگلتا رہے۔ انشاء اللہ سات دنوں تک اس کو آرام آجائے گا۔

قلب و جگر کی بیماریوں کا علاج

دردِ دل، خفقان، ضعفِ جگر، استسقاء و معدہ و امعاء کے مریض کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ایک پاکیزہ برتن میں تین مرتبہ آیۃ الکرسی لکھیں اور پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں۔ اور مریض جب پیئے تو اپنی مرض کا نام لیکر خدا تعالےٰ سے اس کی شفاء کیلئے دعا مانگے :

حیات و موت دیکھنے کا طریقہ

اگر کوئی بیمار ہو تو یہ عزیمت لکھ کر پانی میں ڈال دے۔ اگر اوپر پانی

پر تیسری رہے تو بیمار کو شفاء ہو گی۔ اگر نیچے بیٹھ جائے تو بیمار فوت ہو جائے گا۔ اگر درمیان رہے تو شفاء بہت دیر سے حاصل ہو۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

ے ۲ ۲ ۱۱۱ ح ۸ ۱۵ ۹ ۶ و ۹ =

جن دیو وغیرہ حاضر کرنے کے لیے

مندرجہ ذیل دعا پڑھکر پانی پر دم کرے اور پانی کے چھینٹے آسیب زدہ کو ماریں۔ آسیب حاضر ہو گا۔ دُعا یہ ہے:

عزمت علیکم یا معشر الجن والانس والاذواح یا کوکل یا کوکلاں یا ھراکیل موکلون یا ھرکیل ہر کلاں بحق یا جبرئیل یا میکائیل یا اسرافیل یا عزرائیل بحق توریت موسیٰ وانجیل عیسےٰ و زبور داؤد و فرقان محمد صلی اللہ علیہ وعلیہم وسلم۔ سلطان جنہا عبرانی وجن ہا کشمیری وجن ہا قندھاری وجنہا لوھری وجن ہا پشاوری وجن ہا کابلی وپنجابی و جن ہا پوربی وجنہا آبی وجنہا آتشی ھرچہ ہستند در وجود درواہالی بحق مہتر سلیمان بن داؤد علیہما السلام حاضر شو : حاضر شو

برحمتک یا ارحم الراحمین

اور یہ تعویز گلے میں باندھیں:

مع اسا فاسا نزلا تراشبتز نیکو
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ

اور یہ دھونی دیں:

علیقا علیقا انت العلیم
فی قلو بہم ملیقا
۱۲
۲۱ درد

یہ تینوں تعویزات حضرت معصوم بادشاہ صاحب چوراہی سے حاصل ہوئے

برائے چندری

پھمب یا اون کی پانچ تاریں لیں اور اس پر سورۃ انا اعطینٰک الکوثر تین تین بار پڑھ کر پانچ گرہیں دیں اور یہ دھاگے گلے میں ڈالیں — اور چندری کی جگہ پر بھی پانچ بار پڑھ کر پھونکیں انشاءاللہ بہت جلد آرام آجائے گا۔

اس دم کی اجازت حضرت الحاج پیر سید اولاد حسین شاہ صاحب علی پوری مدظلہ سے حاصل ہوئی۔

برائے دردِ سر

حاصل شدہ از حکیم فتح محمد صاحب فیروزپوری ثم قصوری علیہ الرحمۃ

زمین پر یہ شکل بنائیں:

۵

درمیان کی شکل میں چاقو یا چھری گاڑ کر بسم اللہ کی آخری میم کو الحمد کے لام سے ملا کر ایک دفعہ پڑھیں اور چھری پر زور دیں ۔ اگر آرام آگیا تو فبہا ورنہ پھر دوسری دفعہ چھری رکھیں اور یہی چیز دو دفعہ پڑھیں اور چھری کو دبائیں اگر آرام آگیا تو بہتر ورنہ چھری کو تیسری بار رکھیں اور اسی طرح عمل کریں ۔ انشاء اللہ تیسری بار کے عمل سے ضرور آرام آجائے گا ۔

نظر۔ آسیب اور خوف کے واسطے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ٥

کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کے گلے میں ڈالیں ۔ اور ساتھ یہ دھونیاں بھی دیں ۔

ابلیس شداد نمرود فرعون لعنہم

اس کا طریقہ یہ ہے کہ چاروں نام لکھیں اور پھر بتی کی شکل میں اس کو لپیٹیں اور اس کے اوپر گندی اور نجس ٹاکی لپیٹ کر دہکتے کوئلوں پر رکھیں اور جو دھواں نکلے آسیب زدہ یا جس کو نظر بد کا اثر ہے یا جس کو خوف آتا ہے اس کو دیں ۔

اس کی اجازت میرے محب مخلص حضرت مولانا حافظ محمد عبد العزیز مرتضٰی ائی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل ہوئی ہے ۔

مندرجہ ذیل تعویز بھی انہیں کا عطا کردہ ہے ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ
لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمِ

اس نقش پر اعراب بھی ڈالیں۔ اور اسی طرح تین سطروں میں نیچے اوپر لکھیں۔ مریض کو کہیں کہ وہ اسی کو بوتل میں ڈالے اور پانی سے پُر کرے۔ اور پھر وہ پانی گیارہ دن پیئے۔ آخری روز تعویذ نکال کر نگل جائے۔

گریختہ کے واسطے

مندرجہ ذیل تعویذ لکھیں۔ چرخہ کے ساتھ باندھیں۔ پھر اس کو سات چکر سیدھے اور سات چکر الٹے دیں۔ یہ عمل ایک دن میں کئی بار کریں۔ اور بھاگے ہوئے کا تصور بھی کریں۔ انشاء اللہ بھاگا ہوا واپس آئے گا۔

چوتھیا بخار کے لئے

پیپل کے پتوں پر مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر مریض کو چٹائیں۔ پہلی بار پر یا مُحِیْطُ دوسری باری پر یا مُحِیْطط تیسری باری پر یا مُحِیْططط۔ انشاء اللہ تین بار چٹانے سے چوتھیا بخار رفو چکر ہو جائے گا۔ یاد رہے کہ بخار چڑھنے سے ایک گھنٹہ قبل یہ عمل کریں۔

پھوڑے پھنسی کے واسطے

یہ منتر سات بار پڑھ کر سرسوں کے تیل پر دم کریں۔ اور پھوڑے پھنسی پر

لگائیں۔ اگر پھوڑا بڑا ہو تو یہی منتر مکھن پر گیارہ بار پڑھ کر دم کریں۔ اور وہ مکھن
پھوڑے پر لگائیں۔ اور چاقو یا چھری پر تین بار پڑھ کر دم کریں۔ اس عرصہ
میں پھوڑے کے سامنے چاقو یا چھری ہوا میں گھمائیں۔ اور مریض پر بھی دم کریں

شربت برائے نزلہ۔ زکام و کھانسی

یہ شربت حضرت جوہر الملت پیر سید اختر حسین شاہ صاحب علی پوری مدظلہ
نے ارشاد فرمایا تھا۔ نسخہ یہ ہے:

خطمی	خبازی	عناب	ملٹھی	پرسیاؤشاں
۹ ماشہ	۹ ماشہ	۵ دانے	۳ تولہ	۵ تولہ

انجیر	زوفا	چینی
۱۰ عدد	۳ تولہ	۲ پاؤ

حسب قاعدہ شربت تیار کریں۔ اور صبح بمقدار ایک گلاس کے پانی ملا کر استعمال
کریں۔ مجرب ہے۔

برائے سوکڑا

گنا جڑ کی طرف سے ایک ہاتھ قدر لیں۔ اس پر کلمہ طیبہ سو مرتبہ پڑھیں پھر
اس کو رسی سے باندھ کر کیکر کے درخت سے لٹکائیں۔ جوں جوں گنا خشک
ہوتا جائیگا۔ لڑکا موٹا ہوتا جائے گا۔

نسخہ قوت باہ

یہ نسخہ رئیس العلماء والفقہا حضرت مولانا الحاج سراج الملت پیر سید

محمد حسین شاہ صاحب، علی پوری رحمۃ اللہ علیہ کی بیاض سے انکی اجازت سے لیا گیا ہے:

لونگ - دارچینی - جائفل - جاوتری - ثعلب مصری - بہمن سرخ - بہمن سفید - کبابہ الائچی - سفید - جوت چینی - سرد چینی
ایک ایک تولہ - شہد خالص ۲۰ تولہ

سب اشیاء کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون تیار کریں - خوراک ۶ ماشہ ہمراہ دودھ ہر روز بوقت صبح - یہ نسخہ ایک ماہ تک کھائیں

نسخہ برائے دردِ شقیقہ:

اسطوخودوس	کشنیز	مرچ سیاہ
۶ ماشہ	۴ ماشہ	۷ عدد

جملہ ادویات کو گھوٹ کر چینی ڈال کر طلوع آفتاب سے پہلے نوش کریں۔

نسخہ دردِ شکم:

زبدۃ الحکماء حضرت مولانا الحاج حکیم خادم علی صاحب (سیالکوٹ) سے حاصل ہوا ہے۔

اجوائن دیسی	سونف	انار دانہ	سونٹھ
۱ تولہ	۱ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ
مجیٹھ	سونچل نمک	چینی	
۱ تولہ	۱ تولہ	۵ تولہ	

کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۲ ماشہ نیم گرم پانی کے ساتھ۔

برائے طحال

رائی : نوشادر سہاگہ نمک اجوائن دیسی

۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ

پانی میں گوندھ کر بقدر نخود گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح و شام عرق مکو یا پانی کے ساتھ کھلائیں۔ یہ چار نسخے بھی حکیم خادم علی رحمۃ اللہ علیہ سے عطا ہوئے ہیں۔

برائے موسمی بخار

عطا شدہ حضرت مولانا حکیم خادم علی صاحب سیالکوٹی رحمۃ اللہ علیہ

چرائتہ	برگ نیم	پاپڑہ	گلو	کوڑ
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

ملٹھی	جوائن دیسی
۱ تولہ	۱ تولہ

کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک صبح و شام ایک ماشہ، شربت یا پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

برائے دردِ مفاصل

سورنجاں سفید پوست ہلیلہ زرد سوڈا بائیکارب

۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ

سفوف بنائیں۔ شام کو بقدر ایک ماشہ کے چائے کے ساتھ نوش کریں۔

برائے طحال

رائی	نوشادر	سہاگہ چپل کیا ہوا	نمک سیاہ	اجوائن دیسی
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

کوٹ چھان کر پانی میں گوندیں - اور پھر چنے کے دانے کے برابر گولیاں تیار کریں - خوراک: ایک گولی صبح و شام - عرق مکو یا پانی کے ہمراہ - یہ نسخہ بھی حکیم صاحب مذکورہ بالا کا ہے -

نسخہ برائے زکام

بادیاں	ملٹھی	بنفشہ	تخم خطمی	گل گاؤ زبان
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۱ ماشہ	۶ ماشہ	۳ ماشہ

سب ادویہ کو پانی میں خوب اچھی طرح پکائیں - جب ایک پاؤ قدر پانی رہ جائے تو اتار کر ٹھنڈا کریں - اور پھر کپڑے سے یا چھلنی سے چھان کر اس میں ۳ تولہ گلقند ملائیں - صبح کے وقت نوش کریں - یہ نسخہ کم از کم اسی مقدار سے تین روز استعمال کریں - ہر روز نیا نسخہ تیار کریں - یہ نسخہ جناب حکیم حضرت مولانا محمد حسن صاحب جالندھری رحمۃ اللہ علیہ سے لیا گیا ہے - اور بہت مجرب ہے -

نسخہ برائے قوت باہ و سختی قضیب

نک چھکنی	ادرک
۲ درہم	دو درہم

گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال

کریں۔ باہ زیادہ ہو۔ قضیب سخت ہو اگر نامرد ہو تو مرد ہو جائے۔ اگر تین درہم گوگرد اور تین درہم شہد خالص اور چھ درہم روغن گاؤ گندم کی روٹی سے کھائیں تو باہ زیادہ ہو۔ اگر تخم خربزہ شکر خام کے ساتھ ملا کر کھائیں تو بھی بہی فائدہ ہوگا۔

نسخہ برائے بواسیر

رَسوت یعنے ایلوا تین چھٹانک، مولی کا پانی ایک بوتل۔ اس کو اس پانی میں خوب کھرل کریں۔ حتےٰ کہ پانی سارا جذب ہو جائے اور اس سے گولی بنائی جا سکے۔ پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔ ہر روز ایک گولی تازہ پانی سے حلق سے نیچے اتاریں۔ انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔

ایضاً:

پھٹکری ایک تولہ پیس کر ایک ایک ماشہ کی بارہ پڑیاں بنائیں جب بواسیر کا دورہ ہو ایک پڑیا نہار منہ صبح سویرے گائے یا بھینس کے آدھ پاؤ دودھ سے کھائیں۔ چھ دن تک چھ پڑیاں استعمال کریں۔ اگر پھر دورہ شروع ہو جائے تو باقی پڑیاں استعمال کریں۔ عمر بھر کیلئے بواسیر جاتی رہے گی۔

نسخہ برائے ہیضہ و پیچش

گل مدارؔ۔ نوشادر۔ مرجان ہموزن لیکر عرق لیموں میں کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی گولیاں تیار کریں۔ اور جب ضرورت پڑے تو ایک گولی

لہ آک کے پھول

پانی کے ہمراہ کھائیں۔

نسخہ چورن برائے ہاضمہ

نقل کردہ از بیاض مکرم مولائی و مرشدی امیر ملت محدث علی پوری قدس سرہٗ

انار دانہ	مرچ سیاہ	نمک لاہوری	نمک نربٹ[1]
۲ تولہ	۲ تولہ	۴ تولہ	۴ تولہ
نوشادر	املی بید	پوست سہاق	زیرہ سیاہ
۵ تولہ	۴ تولہ	۴ تولہ	۴ تولہ
ست پودینہ	ست اجوائن	ست سونف	دانہ الائچی
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ

کوٹ چھان کر چورن کی طرح سفوف تیار کریں اور کسی بوتل میں محفوظ کریں۔ اور حاجت کے وقت ایک چٹکی گرم پانی یا چائے کے ہمراہ نوش کریں۔

نسخہ عرق النساء

یہ نسخہ بھی بیاض مکرم کا ہے۔

روغن زیتون	عقر قرحا
۲ چھٹانک	$\frac{1}{2}$ چھٹانک

کوفتہ بیختہ روغن زیتون میں ملائیں اور درد کے مقام پر پالش کریں۔

ہر قسم کی درد کے واسطے

یہ بھی بیاض مکرم سے منقول ہے۔ لوہا سجی۔ میدہ سک ہم وزن لیکر

[1] نمک مولی کا نمک

پوٹلی باندھیں اور توے پر میٹھا تیل گرم کر کے رکھیں۔ بادر اس پوٹلی کو بار بار گرم کر کے درد کی جگہ پر ٹکور کریں۔ پوٹلی کو دیکھیں کہ وہ زیادہ گرم نہ ہو۔ اتنی گرم ہو کہ جسم اس کو برداشت کرے۔

برائے ادرارِ حیض

جس عورت کو حیض کھل کر نہ آئے۔ اس کیلئے یہ نسخہ مفید ہے۔ نیل دیسی مہندی میں شامل کر کے مریضہ کے ہاتھ پاؤں اور ناخنوں پر لگائیں حیض کھل جائے گا۔

(بیاض مکرم)

سرمہ دافع پھولۂ چشم (اگرچہ کتنا ہی پرانا ہو)

یہ نسخہ رئیس اعظم دیدار خاں صاحب ساکن جموں محلہ استاذ غوث صاحب سے حاصل ہوا۔

شورہ قلمی	پھٹکڑی	نوشادر	تخم شریں ـ (ایک عام درخت جو پنجاب میں پایا جاتا ہے)
۲ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۲ تولہ

ترکیب: تمام اشیاء کو باریک پیس لیں۔ پھر مٹی کے دو پیالے لیں۔ ایک پیالے میں یہ سفوف رکھیں اور دوسرا پیالہ اس کے اوپر اس طرح رکھیں کہ کناروں کے ساتھ کنارے مل جائیں۔ اور ایک کپڑا بھگو کر اس کے اوپر رکھیں اور پھر اس کو چولہے پر رکھ کر اس کے نیچے بیری کی لکڑی کی دھیمی دھیمی آگ جلائیں۔ تین گھنٹہ تک آگ جلتی رہے۔ پھر جب پیالہ ٹھنڈا ہو جائے تو اس کو چولہے سے اتاریں اور پیالے کو کھولیں۔ اوپر کے پیالہ کے ساتھ تمام ادویہ کا جوہر لگا ہوا ہوگا۔ اس کو اتار کر شیشی میں بند کر کے رکھیں۔ سوتے

وقت صرف ایک سلائی آنکھ میں لگائیں اور اوپر بیری کا ایک پتہ گھی میں چپڑ کر باندھ دیں۔ انشاء اللہ اس کے استعمال سے ایک ہفتہ تک پھولا دور ہو جائے گا۔

چورن پیامِ شفاء

یہ نسخہ حضرت معین الملت پیر سید حیدر حسین شاہ صاحب مدظلہ العالی علی پوری سے حاصل ہوا۔

انار دانہ	چینی سفید	مگھاں	پیلا مول	اجوائن
۱۶ تولہ	۱۶ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ
کشنیز	زیرہ سفید	سونٹھ	تباشیر	دارچینی
۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۶ ماشہ	۳ ماشہ
تیزپات	الائچی خورد	ناگ کیسر		
۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ		

سب اشیاء جدا جدا پیس کر سفوف بنا کر ملائیں۔ خوراک ۳ تا ۶ ماشہ صبح و شام۔ پیٹ کی اکثر امراض کے لئے نافع ہے۔ مثلاً ہر قسم کے پیٹ کے درد، بادِ گولہ، بدہضمی، قے، اسہال کیلئے یہ چورن اکسیر اعظم اور تیر بہدف ہے۔ حضرت معین الملت مدظلہ العالی کو مظفر آباد سے ایک حکیم صاحب سے یہ نسخہ ملا تھا۔ یہ چورن ان کے مطب کا معمول ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

سفید چورن: چینی سفید آدھ سیر باریک پیسیں۔ اس میں ۳ تولہ ست لیموں اور ست پودینہ ۴ ماشہ باریک کر کے ملائیں۔ سفید چورن تیار ہے۔ خوراک ایک چٹکی۔ قے، متلی، اپھارہ کیلئے مفید ہے۔ جہاز میں قے

اور متلی ہو تو اس کے لئے بھی مفید ہے۔

برائے آسیب:

جس کو شیطان باؤلا کرے اس کے بائیں کان میں یہ آیت پڑھیں:

وَلَقَدْ فَتَنَّا وَ اَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ

آسیب جاتا رہے گا۔ اگر آسیب سخت ہو تو کم از کم ایک ہفتہ تک ہر روز یہ عمل کریں

ایضاً پانی پر سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی اور سورۃ جن سے پہلی پانچ آیتیں پڑھیں اور وہ پانی آسیب زدہ کے منہ پر چھڑکیں۔ مریض کو صحت ہوگی۔ یہ عمل بھی کئی بار کریں۔

برائے دفع جنّات از خانہ:

چار لوہے کے کیل لیکر ان میں سے ہر ایک کیل پر ۲۵، ۲۵ بار یہ آیت پڑھے اور مکان کے چاروں کونوں میں گاڑ دے۔ جنات بھاگ جائیں گے۔

آیت یہ ہے۔ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا۔

ایضاً۔ اصحاب کہف کے نام لکھ کر گھر کی دیواروں میں لگائیں۔

ایضاً۔ گھر میں سورۃ بقرہ کی اونچی آواز سے تلاوت کی جائے۔

برائے کشائش رزق:

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ عبد الواحد صاحب نے فرمایا کہ یا مغنی کی مواظبت ہر دن گیارہ سو مرتبہ اور سورۃ مزمل چالیس مرتبہ آدمی کو دنیا کی حاجتوں سے غنی کر دیگی۔ اگر چالیس بار پڑھنا دشوار ہو تو

صرف گیارہ بار پڑھے۔

دردِ دنداں:

"یاسمعلونی" یہ اسم اس نشان × کے ساتھ کاغذ پر لکھ کر کسی درخت کے ساتھ کیل کے ساتھ ٹھونکے۔ ہر ہر حرف پر کیل ٹھونکے۔ انشاء اللہ آخری حرف تک آرام آجائے گا۔ درد والے کو کہیں کہ وہ پھلوں سے کوئی سا پھل ترک کر دے۔ اور جس حرف پر مریض کو آرام آجائے اس سے آگے تجاوز نہ کرے۔ حضرت سراج الملت مولانا الحاج استاذی المکرم پیر سید محمد حسین علی پوری رحمۃ اللہ علیہ اس پر عمل کرتے تھے۔

برائے دردِ سر

ماتھے پر خالی انگلی سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھیں۔ پھر اللہ کافی اللہ شافی لکھیں اور مریض کو پھونک ماریں، درد جاتا رہے گا۔

عمل حفظ اطفال:

مندرجہ ذیل تعویذ بچے کے گلے میں ڈالیں۔ حق تعالےٰ اس کو ہر آفت سے محفوظ رکھے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ كُلِّ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وعين لامّة تحصّنت محصن الف الف لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

برائے حفظِ چیچک :

نیلا دھاگہ لے کر اس پر سورۃ الرحمٰن پڑھیں - اور جب فبای الاءِ ربکما تکذبان پر پہنچیں تو ایک گرہ دیں اور پھونک ماریں - پھر وہ دھاگہ بچے کے گلے میں ڈالیں - انشاء اللہ چیچک سے آرام آجائے گا -

برائے گمشدہ :

جس کی کوئی چیز گم ہو جائے وہ ۱۲۹ بار یا حفیظ پڑھے اور پھر یہ آیت پڑھے - یابنی ان تک مثقال حبۃ من خردل فتکن فی صخرۃ او فی السمٰوٰت او فی الارض یأت بہا اللہ : ۱۲۹ بار پڑھے - گمشدہ چیز دستیاب ہو جائے گی -

برائے حاجت :

کسی کی حاجت پوری نہ ہوتی ہو - وہ یکشنبہ کے دن یہ عمل شروع کرے - فجر کی دو سنت اور فرض کے درمیان سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ ۷۰ بار پڑھے (لیکن شرط یہ ہے کہ بسم اللہ کی آخری میم کو الحمد کے لام کے ساتھ ملا کر پڑھے) - دوسرے دن اسی طرح ساٹھ بار - ہر روز دس دس بار گھٹاتا چلا جائے یہاں تک کہ آخری دن میں دس بار پڑھے - اسکی حاجت پوری ہوگی -

برائے اسقاطِ جنین :

بعض عورتوں کو یہ مرض ہوتا ہے کہ ان کا حمل پورا نہیں ہوتا - ابھی مدت

باقی ہوتی ہے کہ ساقط ہو جاتا ہے۔ جس سے بے چاری عورت بہت ہی پریشان ہوتی ہے۔ اس کیلئے یہ عمل ہے کہ ایک دھاگہ کسم کا رنگ ہوا (کسم ایک بوٹی ہے۔ پہلے زمانے میں اس کو رنگنے کے کام میں لاتے تھے اور اس سے سرخ رنگ نمودار ہوتا تھا۔ آجکل اس کا رواج نہیں ہے اس لئے سرخ رنگ کا دھاگہ بھی اس کے قائم مقام ہے۔ یہ دھاگہ عورت کے قد کے برابر ہو۔ مندرجہ ذیل آیت ایک ایک بار پڑھ کر اس میں ۷ گرہیں دیں۔ آیت یہ ہے:

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِمَّا يَمْكُرُونَ إِنَّ اللهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوْا وَالَّذِينَ هُمْ مُحْسِنُونَ

اور قل یاایہا الکافرون پوری سورت بھی پڑھے۔

پھر یہ دھاگہ حاملہ عورت کو دیں کہ وہ اپنی کمر میں باندھے۔ انشاء اللہ حمل پورا ہوگا۔ باندھنے سے پہلے حسبِ مقدور صدقہ کرنا چاہیئے۔

نسخہ لاجواب برائے تقویت دل:

الائچی خورد	طباشیر	مربہ سیب	ورق نقرہ
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ عدد	۲ عدد

ترکیب: الائچی اور طباشیر پیس کر سفوف بنائیں۔ پھر مربہ سیب کو درمیان سے چیر کر اس کے دو حصے کریں۔ پھر وہ تیار شدہ ہر دو حصوں میں لگائیں اور ایک ایک ورق نقرہ اس کے اوپر لگائیں اور کھائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ اگر اس پر مداومت کریں تو بڑا فائدہ ہو۔ (موضع للیانی ضلع قصور میں ایک تجربہ کار حکیم ہیں۔ اور برلب سڑک ایک مسجد میں امام بھی ہیں۔ ان

ہیں۔ ان سے یہ نسخہ عطا ہوا۔ ان کا نام مولوی بدر دین ہے۔

برائے عقیمہ :

عقیمہ بانجھ عورت کو کہتے ہیں۔ بانجھ عورت وہ ہے جو بچہ نہ جنے بعض عورتیں علاج کے قابل نہیں ہوتیں۔ بعض عورتیں قابل علاج ہوتی ہیں۔ ایسی عورت کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھیں۔

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِہِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِہِ الْاَرْضُ اَوْ کُلِّمَ بِہِ الْمَوْتٰی بَلْ لِّلّٰہِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا ہ

پھر تعویذ بنا کر مریضہ کے گلے میں ڈالیں۔ اللہ اپنے فضل سے اس عورت کو صاحب اولاد کرے گا۔

جس عورت کا فرزند زندہ نہ رہتا ہو :

اجوائن اور کالی مرچ پر دو شنبہ کے دن دوپہر کو چالیس بار سورۃ والشمس پڑھے۔ ہر بار درود شریف پڑھکر شروع کرے اور اسی پر ختم کرے۔ وہ اجوائن اور مرچیں عورت ہر روز کھایا کرے۔ حمل کے دن سے لیکر بچہ کے دودھ چھڑانے تک۔ مقدار کھانیکی مقرر نہیں۔ جس قدر مناسب ہو کھائے۔ کم از کم ایک چٹکی بھر اجوائن اور تین چار دانے سیاہ مرچوں کے کھائے۔

جو عورت فرزند نرینہ نہ جنے :

حمل پر تین ماہ گذرنے سے قبل ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے اس آیت کو لکھیں :

اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَ مَا تَزْدَادُ کُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّہَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ — اور یہ آیت بھی لکھے — یَا زَکَرِیَّا اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلَامٍ اسْمُہٗ یَحْیٰی لَمْ نَجْعَلْ لَّہٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا۔ اس کے آگے یہ لکھے :

بحق یا مریم و عیسی ابنا صالحا طویل العمر بحق محمد و آلہٖ صلی اللہ علیہ وسلم۔

پھر لپیٹ کر تعویذ بنا کر عورت کو دیں کہ وہ گلے میں ڈالے۔ (یہ تعویذ حضرت مولائی جوہر الملت پیر سید اختر حسین شاہ صاحب علی پوری مدظلہ العالی سے حاصل ہوا۔)

برائے اسقاطِ حمل :

کاغذ کے چار ٹکڑوں پر سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ لکھے۔ جس عورت کو اسقاط حمل کی شکایت ہو وہ ہر روز ان چار ٹکڑوں کو پانی سے کھایا کرے اس کے لئے ہر روز نئے چار ٹکڑے لکھے جائیں۔

اسکے لئے یہ عمل بھی مجرب ہے کہ پرانی بوری کا ایک ٹکڑا لے کر اس کو جلائیں۔ پھر اس کی راکھ میں چینی ملائیں۔ ایک دن میں عورت دو تین

دفعہ بمقدار ایک چٹکی کے پانی کے ساتھ نوش کرے۔

اجازت از حضرت مولانا محمد عبدالعزیز نقشبندیؒ

برائے درد شقیقہ:

از حضرت مولانا الحاج حافظ محمد عبدالعزیز مرتضائی نقشبندی۔
کوٹ غلام محمد خاں قصور

تین سطروں میں یہ آیت اس طرح لکھیں:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
وَمَا رَمَيۡتَ اِذۡ رَمَيۡتَ
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى۔

تعویذ بنا کر درد شروع ہونے سے پہلے سر میں باندھیں۔ تعویذ وہاں ہو جہاں سے درد پیدا ہوتی ہے۔ اور اس آیت کو مع بسم اللہ سات بار پڑھنا اور مریض کو دم کرنا بھی مفید ہے۔ اگر درد نزلہ زکام سے ہو تو جنگلی کبوتروں کی بیٹ اور سیاہ مرچ ہموزن پیس کر گھوٹ کر درد کی جگہ پر لیپ کرے۔ انشاء اللہ آرام آجائے گا۔ یہ عمل تین دن بلاناغہ کرنا چاہیئے۔

حروف ابجد:

ابجد				ہوز				حطی		
ا	ب	ج	د	=	ہ	و	ز	=	ح	ط	ی
۱	۲	۳	۴		۵	۶	۷		۸	۹	۱۰

کلمن					سعفص					قرشت			
ک	ل	م	ن	=	س	ع	ف	ص	=	ق	ر	ش	ت
۲۰	۳۰	۴۰	۵۰		۶۰	۷۰	۸۰	۹۰		۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰

ثخذ				ضظغ		
ث	خ	ذ	=	ض	ظ	غ
۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰		۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

نزلہ زکام کا مفید جوشاندہ :

گل بنفشہ	عناب	سپستان	گاؤ زبان
۷ ماشہ	۵ عدد	۳ عدد	۵ ماشہ

ان سب کو پانی میں جوش دیکر پلائیں - ایک جوشاندہ صبح اور ایک شام کو استعمال کریں - کھانسی کی صورت میں گرم پانی میں ڈال کر اس سے غرارہ کریں اور ناک میں بھی ڈالیں - قبض ہو تو سوتے وقت ہڑ کا مربہ ایک یا دو عدد ضرورت کے مطابق کھائیں -

پرہیز : مریض کو غذا کم استعمال کرنی چاہیئے - برف دہی آلو - بھنڈی بینگن - ٹماٹر، ماش کی دال تیل ترش، گائے کے گوشت مچھلی چاول سے پرہیز کریں -

اسماء اصحاب کہف :

یملیخا - مکشلمینا - مشلینیا - مرنوش - برنوش - شاذنوش کشفطیونش اور کتے کا نام قطمیر ہے -

فوائد : حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے، کہ آگ بجھانے کیلئے ان ناموں کو کاغذ پر لکھیں - اور آگ میں ڈال دیں - آگ بجھ جائے گی - اگر کسی چیز کی طلب ہو یا کہیں سے بھاگنا ہو تو ان ناموں کو لکھ کر گلے میں ڈالیں - اگر بچہ بہت ضد کرتا ہو اور روتا ہو تو

ان ناموں کا تعویز سونے کے وقت بچے کے سر کے نیچے رکھیں۔ کھیتی کی حفاظت کے لئے ان ناموں کو لکھ کر کھیت کے درمیان ایک لکڑی گاڑیں اور اس پر اس کو باندھیں۔

تیسرے بخار اور سر درد کیلئے اور غنا حاصل کرنے اور حاکموں، اور افسروں کو مہربان کرنے کیلئے ان ناموں کا تعویز دائیں بازو پر باندھا جائے جس عورت کو بچہ جننا بہت دشوار ہو ان ناموں کو لکھیں۔ اور تعویز بنا کر اسکی بائیں ران پر باندھیں۔ بچہ فوراً پیدا ہو۔ سمندر میں جہاز پر سوار ہونے کے وقت اور ہر طرح کے خوف سے نجات پانے کیلئے اسکا تعویز اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔ اصحاب کہف کے ناموں میں شدید اختلاف ہے۔ بہر حال جسطرح بھی کسی نے روایت کیا ہے اس پر کامل اعتماد اور یقین کر کے استعمال کرے، فائدہ ہوگا۔ ہم نے جو اوپر نام لکھے ہیں، وہ حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما کی روایت کے مطابق لکھے ہیں۔

(منقول از حیواۃ الحیوان)

برائے دفع گریۂ کودک:

جو بچہ روتا ہو یا خواب میں ڈرتا ہو اور دانت پیستا ہو اور ماں کا دودھ نہ پیتا ہو۔ یہ آیت لکھ کر اسکے گلے میں ڈال دیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شَہِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۙ وَ الۡمَلٰٓئِکَۃُ وَ اُولُوا الۡعِلۡمِ قَآئِمًۢا بِالۡقِسۡطِ ؕ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ۔ اِنَّ الدِّیۡنَ عِنۡدَ اللّٰہِ الۡاِسۡلَامُ ۟ وَ مَا اخۡتَلَفَ الَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡکِتٰبَ اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ

مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ وَمَنْ يَكْفُرْ بِآيَاتِ

اللّٰهِ فَإِنَّ اللّٰهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ؛

نسخہ برائے جریان - احتلام و سرعت انزال

منقول از بیاض حضرتی و مولائی سراج الملت رحمۃ اللہ علیہ علی پوری -

کچلہ مدبر	زنجبیل عمدہ	دار چینی	عقر قرحا	مرچ سیاہ
۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ

مگھاں	افیون خالص
۱ تولہ	۳ ماشہ

جملہ ادویہ کو باریک پیس کر مغز بادام یا روغن بادام اضافہ کر کے شہد خالص میں گوندیں - اور بمقدار مٹر کے گولیاں بنائیں - بوقت ضرورت ہمراہ گرم پانی یا چائے یا شیر گرم کے استعمال کریں -

جریان احتلام کے لئے دودھ میں گوند کتیرا بھگو دیں - جب پھول جائے تو اس کے ساتھ استعمال کریں - سرعت انزال کیلئے مذکورہ طریق کے مطابق دن میں تین بار استعمال کریں - یہ گولیاں گلے سے نیچے اترتے ہی اپنا اثر دکھائیں گی -

برائے صرع :

کالا ریشمی دھاگہ ۴۱ تار اور ایک گز لمبا لیں اور اس پر ۴۱ بار ، مندرجہ ذیل درود شریف ۴۱ بار پڑھیں ، اسی طرح ۴۱ گرہ دیں - اسکے

بعد اسکے دھاگہ کو چاندی کے تعویز میں منڈھوا کر گلے میں ڈالیں۔ اور ہینگ پر اکہتر بار سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ پڑھ کر دم کریں۔ اس طرح کہ بسم اللہ کی آخری میم کو الحمد کے لام سے ملا کر پڑھیں۔ دم کے بعد ہینگ کسی شیشی یا ڈبیہ میں محفوظ کریں اور مریض کو صبح و شام سنگھائیں۔ انشاء اللہ یہ مرض جاتا رہے گا۔

اجازت حضرت مولنا حافظ محمد عبدالعزیز نقشبندی

۱۷ منتر اشاہ علی

مردان شاہ علی جیس باندھ مار سید احمد کبیر دی پکڑ کے نشان مار ہنومان نہر سنگھ کو پکڑ کے پچھاں مار گور دی آل پتلی سیتی جادو کرے تمام آمد کچا کرے مسان باقی رام رام دم پلیٹ بھبر کو کاں۔ دان سیتی جگت سمر کون باندھ شمشیر باندھ و چہ چاند باندھ پٹ کی دھار باندھ عورت کی دھار باندھ نارالی کا نیل باندھ۔ تہبیر باندھ تو سو ستر راگ باندھ تیری دا چہ پھڑے سوئی جو اللہ تعالے رسول اللہ کرے۔

طریقہ ذکواۃ

چالیس ایام تک پانی میں کھڑے ہو کر یکصد مرتبہ ہر روز پڑھے۔ پھر جب کسی کو باندھنا ہو تو یہ ایک مرتبہ پڑھیں اور چاند کی جگہ اس کا نام لے اور جب چھوڑنا مقصود ہو تو باندھ کی جگہ چھوڑ کہیں۔

حکیم فتح محمد قصور

آسیب کو حاضر کرنے کے لئے :

سورۃ فاتحہ ہر روز صبح کی سنت اور فرض کے درمیان ۴۱ مرتبہ پڑھیں چالیس دنوں تک - پھر مریض کے سر پر انگلی رکھ کر اس کو پڑھیں - آسیب حاضر ہو گا - پھر اس کو انگلی کا اشارہ کر کے سورۃ فاتحہ پڑھیں اور اس کو کہیں برو، وہ چلا جائے گا -

اجازت از حکیم فتح محمد کوٹ عثمان خان قصور

مقوی دماغ حریرہ :

مغز بادام	مغز تخم کدو شیریں	مغز تخم خیار ین
۷ عدد	۳ ماشہ	۳ ماشہ
خشخاش	چھوٹی الائچی	دودھ
۳ ماشہ	۲ عدد	۱ پاؤ

جملہ اشیاء کوٹ کر دودھ میں جوش دیں اور بقدر ضرورت چینی ملا کر پیئیں - یہ حریرہ صبح کے وقت ناشتہ میں استعمال کیا جا سکتا ہے -

بیمار کی بیماری معلوم کرنے کا طریقہ :

اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ بیمار کی بیماری کا سبب کیا ہے تو اس کے نام کے اور اس دن کے جس میں سوال کیا ہے؛

اعداد کو جمع کر کے سات پر تقسیم کریں - اگر ایک باقی رہے تو بخار سے تکلیف ہے - اگر دو باقی رہیں تو ریح کی شکایت

ہے۔ جس کو آجکل تبخیر معدہ یا گیسز کہتے ہیں۔ اگر تین رہیں تو کسی نے جادو کیا ہے۔ اگر چار بچیں تو کوئی زحمت نہیں۔ اگر پانچ بچیں تو طبعی زحمت ہے۔ جلد آرام آجائے گا۔

بانجھ عورت کے لئے:

یہ نام لکھیں، ابلیس، شداد، نمرود، ہامان لعنہم لپیٹ کر عورت کے بیڈو پر باندھیں۔ اور پھر رات کو اس سے جماع کریں۔ یہ عمل حیض سے فارغ ہونے کے فورا بعد کریں اور طہر کے آخری ایام میں بھی کریں اگر پہلی بار عورت حاملہ ہو گئی تو بہتر ہے ورنہ تین چار چاند اسی طرح کریں۔ (مولنا عبد العزیز مرتضائی)

سُو بدلنے کے لئے:

لونگوں کے تو دانے لیں۔ ان پر گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل شریف پڑھیں اور پھونک ماریں۔ پھر ان سے تو دانے اول بدھ ہیں، تو دانے ثانی بدھ میں اور تو دانے ثالث بدھ میں وہ عورت کھائے جس کی سو بدلنا مطلوب ہے۔ اور یہ بھی یاد رہے کہ یہ عمل حمل کے پہلے مہینہ میں شروع کیا جائے ورنہ اثر نہیں ہوگا۔ تینوں بدھ میں عامل کو چاہیئے کہ تین بار سورۃ مزمل پڑھکر انگشت شہادت کا عورت کے پیٹ کی طرف اشارہ کرکے دم کرے۔

برائے طحال:

سورۃ فاتحہ اور آیت الکرسی سات بار پڑھکر مرچ سیاہ پر جو پیسی

ہوئی ہو، دم کریں۔ اور تلی والے مریض کو مولی کے ساتھ کھلائیں انشاء اللہ سات، آٹھ دن میں شفا ہو گی۔

برائے درد پستان:

جس عورت کے پستانوں میں درد ہو اس کے لئے یہ صلوٰۃ گیارہ بار پڑھے اور پاک مٹی پر دم کرے۔ وہ عورت اس مٹی کو درد کی جگہ پر بار بار پھیرے۔ انشاء اللہ آرام ہو گا۔ صلوٰۃ یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط صلی اللہ علٰے
حبیبہٖ محمدٍ و آلہٖ و بارک و سلم

برائے درد شقیقہ

سورۃ فاتحہ اور سورۃ یاایہا الکافرون دس مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

آدھے سر کے درد کے واسطے:

ہفتہ یا اتوار کے دن غروب آفتاب کے وقت مندرجہ ذیل عزیمت لکھیں اور سر پر رکھیں۔ انشاء اللہ بہت جلد آرام آجائے گا۔ عزیمت یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرَّحِیم

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ فَتْحٌ قَرِیْبٌ وَبَشِّرِ المؤمنین وَاللّٰہ
خَیْرٌ حافظًا وھو ارحم الراحمین ط

پھوڑا پھنسی اور ہر قسم کی درد کے لئے:

(اجازت حضرت جوہر الملت مدظلہ علی پوری سے)

چاروں قل شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر تیل پر دم کریں اور جہاں پھوڑا پھنسی یا درد کی شکایت ہو، لگاتے رہیں۔ انشاء اللہ تھوڑے دنوں تک آرام آجائے گا۔ درد کی جگہ خوب اچھی طرح مالش کریں۔ اور پھر اس کے اوپر کپڑا سینک کر باندھیں۔

شہد کے خواص

جو چیز شہد میں رکھی جائے وہ خراب نہیں ہوتی۔ گوشت اگر شہد میں رکھا جائے تو تین ماہ تک خراب نہیں ہوگا۔ پھل فروٹ چھ ماہ تک خراب نہیں ہوگا۔ اسی طرح کوئی بھی چیز جو جلدی خراب ہو جاتی ہے اگر اس کو شہد میں رکھا جائے گا۔ تو وہ ایک مدت تک خراب نہیں ہوگی۔

شہد کے متعلق ایک مذاکرہ

حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیمار تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہم، ان کی تیمارداری کے لئے آئے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ اپنے دوستوں کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔ سفید رنگ کے ایک برتن میں شہد لائے۔ اس پر ایک سیاہ رنگ کا بال تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا، اس پر کوئی مثال بیان کرو۔ سب نے کہا پہلے آپ بیان کریں۔ آپ

نے فرمایا دین اس برتن سے زیادہ روشن ہے ۔ اللہ کا ذکر شہد سے زیادہ میٹھا ہے ۔ اور شریعت بال سے زیادہ باریک ہے ۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: جنت برتن سے زیادہ صاف اور روشن ہے اور اسکی نعمتیں شہد سے زیادہ میٹھی ہیں ۔ اور پل صراط بال سے زیادہ باریک ہے ۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا: قرآن برتن سے زیادہ روشن ہے ۔ اور اس کی قرأت شہد سے زیادہ میٹھی ہے اور اس کی تفسیر بال سے زیادہ باریک ہے ۔ حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا میرے مہمان برتن سے زیادہ روشن ہیں اور ان کا کلام شہد سے زیادہ میٹھا ہے اور ان کا دل بال سے زیادہ باریک ہے ۔

(روح البیان)

وظیفہ برائے قضائے حاجت:

علامہ عبدالرحمٰن صفوری رحمتہ اللہ علیہ نے نزہتہ المجالس جلد ثانی صفحہ ۱۲۱ میں لکھا ہے جو کوئی یٰسین سورۃ پے در پے چار بار پڑھے اور درمیان میں کسی سے بات نہ کرے اور آخر میں یہ دعا پڑھے ۔

سُبْحَانَ الْمُفَلِّسِ عَنْ كُلِّ مَدْيُوْنٍ ۔ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ كُلِّ مَحْزُوْنٍ ۔ سُبْحَانَ مَنْ اَمْرُهٗ بَيْنَ الْكَافِ وَالنُّوْنِ ۔ سُبْحَانَ مَنْ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ يَا مُفَرِّجَ الْهُمُوْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاقْضِ حَاجَتِيْ

یہاں اپنی حاجت کا نام لے ۔ اللہ کے حکم سے اسکی حاجت پوری

ہوگی۔ مجرب ہے۔

بانجھ عورت کے واسطے :

اگر عورت بانجھ ہو تو یہ تعویذ لکھ کر سات روز تک پلاتے خدا کے فضل سے حمل ٹھہرے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

۹ بار هُو لکھیں، ۴ بار اللّٰہ لکھیں، ۱۰ بار حَیٌّ لکھیں اور
۹ بار قیوم لکھیں

چاہیئے یہ عمل اس وقت شروع کریں جب عورت حیض سے پاک ہو۔ اور ان سات دنوں میں مرد اور عورت جماع بھی کریں۔

(اجازت از والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ)

برائے حُبّ :

جو چاہے کہ کسی کو اپنی محبت میں دیوانہ کرے وہ ایک ساعت بھی جدا نہ ہو۔ وہ کاغذ کے سات ٹکڑوں پر یہ طلسم لکھے۔ ہر روز ایک ٹکڑا بتی بنا کر اوپر روئی لپیٹ کر چراغ میں جلائے۔ شرط یہ ہے کہ وہاں کوئی اور نہ ہو۔ اور جب تک چراغ جلتا رہے تب تک محبوب کا تصور باندھ کر اسکے سامنے بیٹھا رہے۔

بیشتر روز اول : ۱۱ سہ ۱۱۱ ط ۱۱۱ ۱۱ے ۱۱۶ ۱۱ے ط ۱۹ ۱۸ ۱۱۱ = المحب فلاں بن فلاں علے حب فلانۃ بنت فلانۃ

روز دوئم : ۱۱ سہ ۱۱۱ ۱۱ے ۱۱۶ ۱۱ے ط ۱۹ ۱۸ ۱۱۱ = المحب فلاں بن فلاں علے حب فلانۃ بنت فلانۃ

روز سوئم: ع ۱۱ ط ۱۷ ۱۱۱ ط ۱۰ ط ۱۱ ط ۱۱ ۱۱ ط م ۱۱۱ ط = الحب فلاں بن فلاں علے حب فلانۃ بنت فلانۃ

روز چہارم: ۱۶ ط ۱۱ ۱۱ ۱۱ ط ۲۱ ط ۱۷ = الحب فلاں بن فلاں علے حب فلانۃ بنت فلانۃ

روز پنجم: ۱۸ ۱۱۵۱۱ ط ل ۱۱ ط ۷ د = الحب فلاں بن فلاں علے حب فلانۃ بنت فلانۃ

روز ششم: ۱ ط ۱۱۱ ۱۱۲ ۱۱ ط ل ط ۱۱ ط ۱۱۱ = الحب فلاں بن فلاں علے حب فلانۃ بنت فلانۃ

روز ہفتم: ۱۱ ع ور ۷ ۱۱۱ صعر ال ۱۹ ۱۱ ۶ ۶ ۵۲ = الحب فلاں بن فلاں علے حب فلانۃ بنت فلانۃ

واسطے تپ کے

جس کو بخار آتا ہو۔ یہ کلمات مبارک لکھ کر اس کے گلے میں باندھیں۔ محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ وَاَرَادُوْا بِہٖ کَیْدًا فَجَعَلْنٰھُمُ الْاَخْسَرِیْنَ۔

اَیْضًا: صبح صبح صبح صبح۔ طلج طلج طلج طلج طلج۔ کلح کلح کلح کلح کلح کلح کلح یاشافی یاکافی یامعافی لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

برحمتک یاارحم الراحمین

برائے بانجھ عورت:

اگر کسی عورت کو اولاد نہ ہوتی ہو، تو سات روز تک ہر روز نہائے اور شام کو سات جلیبیاں منگوا کر ان پر سات مرتبہ یہ عزیمت پڑھیں اور

اور عورت کو دیں کہ وہ کھائے اور پھر وہ عورت دو رکعت نماز پڑھے۔ اور گڑگڑا کر اولاد کیلئے حق تعالیٰ سے دعا مانگے۔ پھر اسی جگہ اپنے مرد سے جماع کرے اور سو جائے۔ خدا کے فضل سے اولاد نصیب ہوگی۔ آیت کریمہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ بسم اللہ السمیع البصیر لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّ ھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الْخَلَّاقِ الْعَلِیْمِ۔ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ بسم اللہ السمیعُ الَّذِیْ لیسَ کمثلِہٖ شیءٌ وھُوَ الغنی القدیرُ۔ بسم اللہ الکریم الَّذِیْ لیسَ کمثلِہٖ شیءٌ و ھُوَ العزیزُ الکریمُ۔ بسم اللہ العزیز الرحیم الَّذی لیس کمثلہٖ شیءٌ وھو العزیزُ الغفورُ فاللہُ خیرٌ حافظًا وھو ارحم الراحمین۔

ہر قسم کی درد کے واسطے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبالحق انزلنٰہ وبالحق نزل و ما ارسلنٰک الا مبشرًا وّ نذیرا

تین بار پڑھ کر تیل پر دم کریں۔ جہاں درد ہو۔ وہاں اس تیل کی مالش کریں۔ کسی قسم کا درد ہو انشاء اللہ جاتا رہے گا۔

وبا کے ایام میں:

جب کوئی وبائی مرض پھیلا ہوا ہو۔ تو ان دنوں میں جو چیز

کھائیں اس پر سورۃ انا انزلناہ فی لیلۃ القدر تین بار پڑھیں۔ اور پھر وہ چیز کھائیں۔ انشاء اللہ وبا سے حفاظت رہے گی۔ اور جو بیمار ہو اس کو بھی کسی کھانے والی چیز پر اسی طرح دم کر کے کھلائیں۔ انشاء اللہ اس کو صحت ہو گی۔ اور وبا کے ضرر سے محفوظ ہو گا۔

تلی کے واسطے :

ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ فَمَنِ اعْتَدَىٰ بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ

مع بسم اللہ کاغذ پر لکھیں اور تلی کی جگہ پر باندھیں۔ انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

ناف کے لئے :

اگر ناف اپنی جگہ سے ٹل جاتی ہو تو یہ آیت بسم اللہ سمیت لکھ کر ناف پر باندھیں۔ وہ اپنی جگہ پر آجائے گی۔ اگر یہ آیت ہمیشہ بندھی رہے تو ناف کبھی نہ ٹلے۔ آیت یہ ہے :

اللّٰهُ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا۔

برائے گریختہ :

ذیل کا تعویذ چرخہ کے ساتھ باندھیں۔ اور اس کو سات چکر سیدھے اور سات چکر الٹے دیں۔ ایک دن میں یہ عمل کئی بار کریں۔ انشاء اللہ بھاگا ہوا جلدی واپس آجائے گا۔ تعویذ یہ ہے :

فلاں بن فلانہ علے حب فلاں بن فلانہ ۔ یہاں طالب و مطلوب کا نام لکھے

یہ تعویز حب کیلئے بھی اسی طریقے سے کام میں لایا جا سکتا ہے ۔ فرق یہ ہے کہ اگر بچنے کے لئے بھاگنے والے کا نام لکھیں اور اگر حب کے لئے ہے تو طالب و مطلوب کا نام بطریق معروف لکھیں و اجازت از والد علیہ الرحمۃ)

برائے حب

اگر کوئی کسی سنگدل محبوب کو اپنی طرف مائل کرنا چاہے تو مندرجہ ذیل نقوش جدا جدا عطارد کی ساعت میں بروز اتوار لکھیں ۔ اور نیچے طالب و مطلوب کا نام بطریق معروف لکھیں ۔ اور پھر آگ میں ایک ایک کر کے ڈالیں اس دوران محبوب کا تصور کامل ہونا چاہیئے ۔

لع ۵۵	محمد	حالع د ۲۰	جنددد را۰	[illegible]

اگر کوئی چاہے کہ فلاں شخص اس پر عاشق اور مہربان ہو تو اسکو چاہیئے کہ منددرجہ ذیل پلیتہ لکھے اور بیچ محبوب کا نام بطریق معروف لکھے۔ اور آگ میں ڈالے۔

۱۱ ۱۱۱ ۱۱ ع ۱۱ ۱۱ د ۱۱ ۱۱ ۵ ما ۱۱ و ۱۱۱ ع بنف

الحب فلاں بن فلانہ علی حب فلانہ بن فلانہ

۱۲۷۳ سالحہ فنون

الحب فلاں بن فلانہ علی حب فلاں بن فلانہ

ایضاً :

(از والد صاحب)

اگر گھوڑے کی نعل پر لکھے اور چوبھے میں دفن کرے۔ مطلوب بے قرار ہو کر بہت جلدی حاضر ہوگا۔ تعویذ یہ ہے :

۵ ۲ ۱۱ ۱۱ ۲ ۱۱ ۵۵ ۱۱۱ ۸ ۱۱ ۱۲۵

۹

۵ ۵ ۷

۱۲ ۱۱ ۵۵۵ ۱۱ ۵ ۱۱۱ ۵۵۵ ۵۵۵۵ ۱۱ ۲۲

برائے تبخیر معدہ و غلبۂ ریاح و درد وغیرہ

پوست سنگدانہ مرغ	نوشادر	نمک سونچل	نمک مولی
۳ تولہ	۶ ماشہ	۹ ماشہ	۹ ماشہ
اجوائن پودینہ	ہری سلوگ (ایک بوٹی کا نام ہے)		
۹ ماشہ	۹ ماشہ		

سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ اس سے ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام دن میں دو بار پانی سے کھائیں۔ اور اسی طرح دو بار رات کو بھی

کھائیں۔ انشاء اللہ آرام کلی آجائے گا۔ اور کوئی شکایت نہیں رہے گی۔ اگر اسکو ہمیشہ استعمال کیا جائے تو بہت اچھا ہے۔

ایضاً:۔ بایو کلورائیڈ ۲x کسی ہومیو پیتھک سٹور سے خریدیں۔ اسکے ساتھ ایک پردہ ترکیب ہوگا۔ اس میں مندرجہ ہدایت کے مطابق استعمال کریں اگر پرچہ نہ ملے تو ڈاکٹر سے دریافت کر لیں۔

معجون نان خورہ ۶ ماشہ دوپہر کے طعام کے بعد عرق بادیان ۵ تولہ اور عرق شبت ۵ تولہ کے ساتھ کھائیں۔ اور شام کو بعد از طعام معجون خبث الحدید ۶ ماشہ عرق مذکور کے ہمراہ کھائیں۔ رات کو سونے کے وقت حب کنکر دنو ۲ عدد ہمراہ شیر گرم اور خمیرہ گاؤ زبان عنبری دن میں چار مرتبہ بمقدار ۲ ماشہ فی خوراک کھائیں۔

برائے حُب:

اپنے بازو پر باندھیں اور محبوب سے کلام کریں:

ا ط ۱۱۱ ۷۸۶ ۱۱۱ ۲۱ ۱۱۱ ۹۱۱۵۶۱۱۱ ۵ ۱۱۱ یا سبحان

الحب فلان بن فلانہ علے حب فلان بن فلانہ

برائے حُب

مندرجہ ذیل نقش کاغذ کے آٹھ ٹکڑوں پر لکھیں۔ اور پھر ایک ایک کر کے آگ میں ڈالیں۔ محبوب کتنا ہی سنگدل ہو فوراً تسخیر ہوگا۔

تعویذ یہ ہے:

ا صوصو	۶ دھم	ودد	بدوطہ
البر	دلبر	ربع	عجب لا

الحب فلاں بن فلانہ علے حب فلانہ بنت فلانہ

زن وشوہر کے اتفاق کے لئے:

اگر میاں بیوی کا اتفاق نہ ہو یعنی میاں ظالم بن کر بیوی کو ناجائز تنگ کرتا ہے اور اس کے حقوق سے پہلو تہی کرتا ہے۔ یا بیوی سرکش اور منہ زور ہے شوہر کے حق کو نہیں پہچانتی تو اسم مبارک اللہ الصمد کاغذ کے دو ٹکڑوں پر لکھیں۔ ایک ٹکڑا جو سرکش ہے اس کو کھلا دے اور ایک ٹکڑا مظلوم اپنے پاس رکھے۔ ان دونوں کے مابین محبت اور اتفاق پیدا ہوگا۔ اور یہ طلسم لکھ کر آگ میں ڈالے۔

ط اا اا ۱۷ ح ط ا د ی ح ااا و ااا د و الا ط
الحب

برائے حُب:

محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے کا ایک ٹکڑا حاصل کریں۔ اس پر یہ تعویذ لکھیں اور بتی بنا کر چراغ میں جلائیں۔ اور محبوب کا تصور کریں۔ انشاء اللہ محبوب [illegible] مطیع ہوگا۔ اگر [illegible] میسر نہ ہو تو کاغذ پر لکھ کر [illegible] کریں۔

تعویذ یہ ہے

ایضاً:

۷۸۶

یا جامع	یا وہاب	یا وہاب	یا سلام
یا اللہ	یا رحیم	یا جامع	یا مجیب
یا حی	یا تائب	یا واسع	یا حمید
یا مجیب	یا مجیب	یا مجیب	یا جامع

الحب ------------------

لکھ کر گلے میں ڈالیں محبوب مہربان ہوگا۔

ایضاً: زبان بندی اور محبوب کو مائل کرنے کیلئے مندرجہ ذیل آیت کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر محبوب کی چوکھٹ میں دفن کرے۔ بفضلہ تعالےٰ محبوب کے دل میں اسکی محبت پیدا ہوگی۔ آیت یہ ہے۔

صُمٌّ بُکْمٌ فَھُم لا یرجعون

تین سطروں میں نیچے اوپر لکھیں۔ چوتھی سطر میں برحمتک یا ارحم الراحمین لکھیں

برائے دردِ زہ:

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دھو کر پلایا جائے۔ بچے کا جننا آسان ہوگا

نقش یہ ہے۔

		۷		
		۳		
۲	۳	۱۰	۲	۷
		۹		
		۱		

مندرجہ ذیل آیت کے دو تعویز لکھیں۔ ایک عورت کو پلایا جائے اور دوسرا اس کی بائیں ران پر باندھا جائے۔ آیت یہ ہے:

والسماء والطارق علیہا حافظ تک ــ اور اس کے آگے یہ آیت لکھیں: والقت ما فیہا و تخلت واذنت لربہا وحقت بحق اہیا اشراہیا برحمتک یا ارحم الراحمین ٥

ایضاً:

مندرجہ ذیل آیت لکھیں اور عورت کی بائیں ران پر باندھیں۔ انشاءاللہ لڑکا یا لڑکی فوراً پیدا ہو گی۔ لیکن چاہیئے کہ جب بچہ پیدا ہو جائے تو تعویز فوراً کھول دیا جائے۔ ورنہ پیٹ میں جو کچھ بھی ہے باہر آجائے گا ــ آیت کریمہ یہ ہے۔

اذا السماء انشقت واذنت لربہا وحقت واذا الارض مدت والقت فیہا وتخلت ۔ خل عن رحم فلانتہ بنت فلانتہ (یہاں عورت کا نام لکھیں) باسم اللہ وقدرتہ کما خلت عن الرحم الامہات یا قادر یا مقتدر یا آخر یا اول یا ظاہر یا باطن حسبی اللہ فتوکل المومنین ٥

برائے خنازیر

مندرجہ ذیل اسماء لکھ کر مریض کو پہننے کیلئے دیں۔ انشاءاللہ جلدی شفا حاصل ہو گی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسکن باللہ اسکن لعزت اللہ اسکن بقدرۃ اللہ اسکن بجلال اللہ اسکن بکتاب اللہ اسکن برسول اللہ اسکن

ومثل کلمۃ خبیثۃ کشجرۃ ن اجتثت فوق الارض

مالہا القرار۔

برائے زیادہ شدن مسکہ:

تین بار آیۃ الکرسی اور تین بار سورۃ والعصر پڑھ کر آٹے پر یا گھاس پر یا پانی پر دم کریں اور جانور کو کھلائیں۔ انشاء اللہ مکھن زیادہ ہوگا اور دہی اور دودھ خراب نہیں ہوگا۔ اور جانور نظر بد سے بھی محفوظ رہے گا۔

ایضاً: الٰہی بحرمت آدم صفی اللہ وبرکت موسیٰ کلیم اللہ و برکت ابراہیم خلیل اللہ وبرکت محمد رسول اللہ وبرکت جمیع الکتب: انزلت من السماء سلامٌ قولاً من ربّ رحیم

وامتازوا الیوم ایہا المجرمون۔

لکھ کر جس چاٹی میں دہی بلوتے ہیں اس کے گلے میں باندھیں۔

برائے دردِ سر:

یہ نقش اس کی چال کے مطابق پُر کریں۔ چال سمجھانے کے لئے آٹھ تک ہر خانہ میں ہندسے لکھے گئے ہیں

۷ قرآن	۳ زبور	۵ انجیل	۱ توراۃ
۴ علی حیدر	۶ عثمان	۲ عمر	۸ ابوبکر

پھر یہ تعویز لکھیں

اس کے دونوں خانوں میں جو مستطیل ہیں سانس روک کر نقطے ڈالیں جب سانس اکھڑ جائے، چھوڑ دیں۔ ان دونوں کو لپیٹ کر تعویز بنائیں اور مریض کو دیں کہ وہ سر پر باندھے:

طبی مجربات:

از منشی حیدر علی صاحب غوری۔ منقول از ماہنامہ "جد و جہد" لاہور ماہ اپریل سنہ ۱۹۶۹ء

۱۔ پیٹ کے کیڑے:

اگر مقام مقعد میں کیڑے خارش کریں تو ارنڈی کے درخت کے پتوں کو ہاتھ سے مل کر ان کا عرق نکالیں اور مقعد میں ٹپکائیں یا پچکاری سے، داخل کریں۔

۲۔ درد گردہ و مثانہ:

تخم خربزہ	حب القلب	سنگ سرماہی
۱ ماشہ	۱ ماشہ	۱ ماشہ

حجر الیہود
۱ ماشہ

باریک پیس کر ایک تولہ شربت میں ملا کر استعمال کریں۔

۳- دمہ کی دوائی:

سفوف پھل پیپل ایک ماشہ

صبح - دوپہر - شام تین وقت پانی کے ساتھ دو ہفتہ تک استعمال کریں - کامیاب دوائی ہے -

(انتہی)

دردِ شقیقہ:

اسطوخودس	کشنیز	مرچ سیاہ
۶ ماشہ	۴ ماشہ	۷ عدد

جملہ ادویات کو گھوٹ کر چینی ڈال کر طلوع آفتاب سے قبل نوش کریں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور اللہ کافی اللہ شافی خالی انگلی سے مریض کے ماتھے پر لکھیں اور اول و آخر درود شریف پڑھیں - انشاء اللہ آرام آجائے گا -

ناف کا ٹلنا:

وجعلنا من بین ایدیھم سدًّا ومن خلفھم سدًّا

فَاَغْشَیْنٰھُمْ فھم لا یبصرون ۝

اس آیت کو لکھ کر ناف پر باندھیں -

یہ تعویز لکھ کر مرد کے سیدھے ہاتھ میں اور عورت کے الٹے ہاتھ میں باندھیں اگر سر میں درد ہو تو چاہیئے کہ شروع ماہ میں پہلی اتوار کو لکھے - پھر تین بار درود شریف اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر تعویز پر دم کریں - پھر اگر سر میں درد ہو تو سر میں باندھیں اور اگر ناف ٹلی ہو تو بازو پر باندھیں - انشاء اللہ اسی وقت

آرام آجائے گا۔

صلوٰۃ غوثیہ برائے حاجت براری

قلائد الجواہر ص ۳۶ ترجمہ : کہا شیخ علی الجناز نے کہ سنا میں نے شیخ ابوالقاسم عمر سے انھوں نے کہا کہ سنا میں نے اپنے سردار شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ۔ آپ نے فرمایا جس کسی نے فریاد کی میرے نام کے ساتھ کسی تنگی میں ' دور کروں گا میں اس کی تنگی کو اور جس نے پکارا مجھ کو میرا نام لیکر سختی میں دور کروں گا میں اس کی سختی کو - اور جس نے وسیلہ پکڑا مجھ کو اللہ کی طرف اپنی کسی حاجت میں اور پڑھی دو رکعت نماز اس طرح کہ ہر رکعت میں اس نے سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص گیارہ بار پڑھی اور درود شریف ۱۱ بار پڑھا - اور پھر تشہد سے فارغ ہو کر سلام پھیرا اور مجھ پر سلام پڑھا اور میرا نام لے کر اس نے میرا ذکر کیا - ایک روایت میں ہے کہ مشرق کی طرف کہ اس طرف میری قبر ہے گیارہ قدم یا سات قدم چلا اور ایک روایت میں ہے کہ یہ چند شعر بھی پڑھے تو اس کی حاجت روائی ہو گی ۔ وہ شعر یہ ہیں ۔

ایدرکنی ضیمٌ وانت ذخیرتی ۔۔۔ وَاُظلم فی الدُّنیا وَاَنت نصیری

وعار علیٰ حامی الحمیٰ وھو منجدی ۔۔۔ اذا ضل فی البیداء عقال بعیری

ضعفِ باہ :

مغز تخم کونج ایک پاؤ باریک پیس کر گائے کے دودھ کے ساتھ گوندھ کر روٹی بنائیں اور مٹی کے توے پر سایہ میں رکھ کر خشک کریں، پھر باریک پیسیں اور اس کے برابر کیکر کی کچی پھلیاں لیکر خشک کر کے ان کا سفوف تیار کریں اور ان دونوں کو باہم ملائیں -

خوراک : ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں -

روزیٔ روزگار :

سرف کا فارمولا :

تیل ناریل	سوڈا الائی ۳۵	پانی	نمک
۲ سیر	۱½ سیر	۲ سیر	۳ چھٹانک
واشنگ سوڈا	چینی	فوم پاوڈر	
۲ سیر	۲ چھٹانک	۵ تولہ	

ترکیب : تیل میں نصف سوڈا ملائیں - ڈیڑھ گھنٹہ بعد اس کے نیچے آگ جلائیں اور نصف پانی ڈال دیں - جب قوام تیار ہو جائے اور خوب جوش آجائے تو بقایا پانی میں ½ سیر نمک حل کر کے ڈالیں - اور خوب ہلاتے رہیں جب جوش آجائے تو آگ سے نیچے اتار کر فوم پاوڈر، واشنگ سوڈا اور چینی آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ خوب اچھی طرح ملا کر (بلکہ پہلے سے ان تینوں چیزوں کو ملا کر تیار رکھیں - اس میں ڈال دیں - پھر لکڑی کے مستد سے گھوٹیں - جب قوام دانہ دار ہو جائے تو ہاتھوں سے خوب اچھی طرح ملکر

مثل پاوڈر کے بنائیں اور خوبصورت پیکنگ کریں۔

مہروں کی سیاہی بنانے کا طریقہ:

بڑھیا جامنی رنگ: ۱ تولہ
پانی: ۲ تولہ
گلیسرین: ۲½ تولہ
کاربالک ایسڈ: ۱۰ بوند
میتھیلڈ سپرٹ: ۱½ اونس

ترکیب: جامنی رنگ پانی میں حل کر کے آگ پر پکائیں۔ جب ایک دو جوش آجائیں تو نیچے اتار کر گلیسرین ملا کر خوب ہلائیں۔ جب ٹھنڈا ہو جائے تو سپرٹ اور کاربالک ایسڈ مذکورہ تینوں اشیا میں شامل کریں اور خوبصورت شیشیوں میں بھر کر خوبصورت لیبل لگا کر بازار میں فروخت کریں۔

برائے دائمی دردِ سر:

گائے کا خالص گھی: ۲۰ تولہ
نمک لاہوری (پسا ہوا): ۵ تولہ

دونوں کو کھرل میں ڈال کر کھرل کریں۔ پھر اس میں سے ایک تولہ پانی میں ملا کر سونے کے وقت نوش کریں۔ چند روز استعمال کرنے سے قبض دور ہو جائے گی۔ دردِ سر کا آرام آجائے گا۔ نیز نمک لاہوری سے تھوڑا سا نمک لیکر نسوار کی طرح ناس میں لیں تو بھی سر درد کا آرام آجاتا ہے۔

برائے وبا و بیماری ہائے مویشیاں :

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ لِیۡ خَمۡسَۃٌ اُطۡفِیۡ بِھَا حَرَّ الۡوَبَاءِ الۡحَاطِمَۃ : المصطفٰی والمرتضٰی وابناھما والفاطمہ
یاعلی یاعلی یاعلی یاحسن یاحسین یافاطمہ فَاللّٰہُ خَیۡرًا حَافِظًا وَّھُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ۝

لکھ کر بیری کے پتّے میں سوراخ کر کے تعویذ بنا کر رکھ دیں یا بیری کی تختی پر لکھ کر اس کو کھرلی میں لگا دیں۔ مویشی ہر آفت اور بلا سے اور ناگہانی وبائی موت سے محفوظ رہیں گے۔ (پیر سید محمد طفیل شاہ)

برائے درد دانت :

جو کوئی دانت کی درد میں مبتلا ہو اس کو چاہیئے کہ مغرب کی نماز کے بعد ہمیشہ دو رکعتیں اس طرح پڑھا کرے کہ دونوں رکعات میں سورۃ فاتحہ کے بعد معوذتین پڑھے اور پہلی رکعت میں یہ بھی پڑھے : اَوَلَمۡ یَرَ الۡاِنۡسَانُ اَنَّا خَلَقۡنٰہُ مِنۡ نُّطۡفَۃٍ آخر سورۃ تک اور دوسری رکعت میں سورۃ اذا زلزلت بھی پڑھے۔ انشاء اللہ اس مرض سے نجات ہو گی اور عمر بھر دانتوں کے درد کی شکایت نہیں ہو گی۔ اگر ہلتے ہوں گے تو مضبوط ہو جائیں گے۔

برائے قضائے حاجت :

کسی کی کوئی حاجت ہو اور پوری نہ ہوتی ہو اور وہ اس کیلئے سخت لاچار ہو تو اس کو چاہیئے کہ صبح کی نماز کے بعد سورج طلوع ہونے سے پہلے یہ دعا

دو سو بار پڑھے۔ انشاء اللہ اس کی حاجت پوری ہو گی۔ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا صَمَدُ
يَا سَيِّدُ يَا مَنْ اِلَيْهِ الْمُسْتَنَدُ يَا مَنْ لَمْ
يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا
اَحَدٌ ۝

حضرت مقاتل رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا ہے کہ یہ دعا ضرور قبول ہو گی اور جو کسی کی حاجت ہے وہ پوری ہو کر رہے گی۔ اگر پوری نہ ہو تو مقاتل پر لعنت کرے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی روایت میں اس طرح آیا ہے کہ جو کوئی ایک سو بار کہے: بسم اللہ الرحمن الرحیم

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم یا قدیمُ
یا دائم یا فردُ یا وِترُ یا احدُ یا صمدُ یا حی یا قیوم

پھر سجدے میں جا کر اپنی حاجت کا سوال کرے اسکی حاجت پوری ہو گی۔ بعض نے اس دعا کے آخر میں یا ذالجلال والاکرام صل علی محمد و آلہ کو زیادہ کیا ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ ایک سو بار کہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماشاء اللہ وکان لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم
یا قدیم یا وافی یا خفی یا قائم یا دائم یا فرد یا وتر یا احد
یا صمد یا حی یا قیوم برحمتک استغیث

یہ دعا تین بار پڑھیں۔

سورۃ فاتحہ کے خواص:

سورۃ فاتحہ کسی پاک برتن میں لکھیں اور پھر پانی ڈال کر اس کو محو

کریں اور پھر اس پانی سے مریض کے منہ کو دھوئیں - انشاء اللہ اسکو صحت و شفا حاصل ہوگی -

برائے کُند ذہن :

سورۃ فاتحہ کستوری کے ساتھ شیشے یا بلور کے برتن میں لکھیں اور پھر گلاب کے عرق کے ساتھ اس کو محو کرکے جس کا ذہن اچھا نہیں ہے، اس کو پلائیں - اسی طرح سات دن پلائیں - اس کا ذہن اچھا ہو جائے گا - اور حافظے کی خرابی جاتی رہے گی - (روح البیان)

برائے صرع

شیخ حسن شاذلی سے منقول ہے کہ یہ تعویز لکھ کر جس کو مرگی کا عارضہ ہے اس کے گلے میں ڈالا جائے، مرگی جاتی رہے گی - تعویز یہ ہے :

جیم ک ھ ی ع ص ح م ع س ق فسیکفیکھم اللہ وھو
السمیع العلیم فاللہ خیراً حافظا وھو ارحم الراحمین
وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہٖ
سیدنا محمد وآلہٖ واصحابہٖ
—— اجمعین ——

برائے فرزند نرینہ :

جس عورت کے شکم سے اولاد نرینہ نہ پیدا ہو - اس کے لئے مندرجہ ذیل تعویز لکھیں اور حمل کے دوسرے یا تیسرے ماہ میں اس کی کمر میں باندھیں -

انشاء اللہ وقت مقررہ پر لڑکا ہی پیدا ہوگا۔ تعویز یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ بسم اللہ وباللہ ومن اللہ فاوجس منہم خیفۃ قالوا لا تخف وبشروہ بغلام علیم قالوا کذلک قال ربک انہ ھوالحکیم العلیم۔

ایضاً:

جس عورت کے پیٹ سے لڑکا نہ ہو وہ یہ تعویز اپنی بائیں ران پر باندھے اور اپنے شوہر سے ہم بستر ہو۔ انشاء اللہ حاملہ ہوگی۔ اور اللہ تعالےٰ اس کو لڑکا عطا کرے گا۔ نقش یہ ہے:

۱۲	۲	۱۲	۱۲
۱۹	۱۹	۱۹	۱۹
۹	۹	۹	۹
۷	۷	۷	۷

یہ تعویز لکھ کر عورت کی بائیں ران پر باندھیں اور وہ عورت اپنے خاوند سے جماع کرے۔ بفضلہ تعالےٰ لڑکا پیدا ہوگا۔ تعویز یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ولو ان قرانا سیرت الجبال او قطعت بہ الارض او کلم بہ الموتی بل اللہ الامر جمیعاً ہ

برائے قضائے حاجات ومغفرت ذنوب

• جمعہ کی نماز کے بعد سورۃ قل ہو اللہ احد ایک سو بار پڑھے اور پھر

ایک سو بار درود شریف پڑھے۔ پھر ۷۰ بار اَللّٰھُمَّ اکفنی بحلالک عن حرامک واغننی بفضلک عمّن سواک۔ پڑھے۔ دو جمعہ نہیں گذریں گے کہ اللہ تعالےٰ اس کو غنی کر دے گا۔ ایک اور روایت میں ہے کہ اللہ اس کی سو حاجتیں پوری کرے گا۔ اور جو کوئی جمعہ کی نماز کے بعد ایک سو بار یہ پڑھے '

اللہ تعالےٰ اس کے اور اس کے ماں باپ کے ایک لاکھ گناہ بخش دیگا۔

تابوبی ص۵۷ تا ص۵۸

عرق النسأ کے لئے :

اس کو رینگنے والی درد بھی کہتے ہیں۔ یہ درد بڑی شدید ہوتی ہے پاؤں کے انگوٹھے سے پیدا ہوتی ہے اور اوپر گھٹنوں تک جاتی ہے۔ بڑی دیر سے آرام آتا ہے۔ مریض بہت لاغر ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے چلنا پھرنا دوبھر ہو جاتا ہے۔ لاٹھی کے بغیر چل پھر نہیں سکتا۔ اس کے لئے دوا یہ ہے۔ مجیٹھ کوٹ کر اس کو باریک پیسیں۔ پھر اس سے ہر روز بقدر تین ماشہ کے شہد کے شربت سے کھائیں۔ انشاء اللہ بہت جلد آرام آجائے گا۔

ایضاً :

نابالغہ بچی کے ہاتھ کا کاتا ہوا سوت لیں۔ اس کی چند تاریں لے کر اس کو بانٹ دیں۔ اور پھر یہ آیت واذ قتلتم نفسا تعقلون تک ایک بار پڑھیں۔ اور پھر پھونک مار کر ایک گرہ دیں۔ اسی طرح سات

گرہ دیں۔ پھر وہ دھاگہ مریض کے بائیں بازو پر باندھیں۔ انشاءاللہ جلد آرام آجائے گا۔

پرانی ہڈی لیں خواہ کسی بھی جانور کی ہو۔ اس کو غبار کی طرح باریک پیس لیں۔ پھر اس کو سانپ کی چربی میں ملائیں۔ کہ وہ مرہم کی طرح ہو جائے۔ اس کے ساتھ مریض کی ٹانگ کو بیس دن تک خوب مالش کریں انشاءاللہ آرام آجائے گا۔ نسخہ خوب ہے مگر سانپ کی چربی کا حاصل کرنا بہت دشوار ہے۔ ہر ایک کا کام نہیں۔ اس دوا کو تیار کرنے کے لئے کسی سپیرے کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔

کمزور کیلئے جو جماع پر قادر نہ ہو:

بیری کے درخت کے سات سبز پتے لیں اور سل پر پتھر سے پانی ڈال کر خوب پیسیں۔ پھر اس پر آیۃ الکرسی اور ہر وہ سورۃ جس کے اول میں قل آتا ہے پڑھیں۔ پھر اس کو تین بار چاٹیں اور باقی ماندہ کو پانی سے دھو ڈالیں۔ انشاءاللہ جماع پر قدرت حاصل ہوگی اور ضعف باہ جاتا رہے گا۔ (نزہۃ المجالس ص ۳۰۸ جلد اول)

برائے مسحور:

عطا شدہ الحاج پیر سید محمد طفیل شاہ صاحب مقبول پوری ضلع فیصل آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم والق ما فی یمینک تلقف ما صنعوا انما صنعوا کید الساحر ولا یفلح الساحر حیث اتیٰ اهیا اشراهیا

یاایها الذین امنوا اصبروا وصابروا ورابطوا واتقوا اللہ

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○

اس کو کاغذ کے تین ٹکروں پر لکھیں۔ ہر روز ایک ٹکڑا پانی میں گھول کر مسحور کو پلائیں۔ انشاء اللہ سحر کا اثر جاتا رہے گا۔

دشمن کی ہلاکت کے واسطے:

انا کفینٰک المستھزءین ۱۲ ہزار بار پڑھے۔ اس کے بعد سورۃ الم ترکیف صرف ایک بار پڑھیں۔ دشمن ہلاک ہو جائے گا۔ یاد رکھیں معمولی عداوت کیلئے یہ عمل ہرگز ہرگز نہ کریں۔ ورنہ قیامت کے دن سخت مواخذہ ہوگا۔

برائے سگ گزیدہ:

عطا شدہ از پیر سید محمد طفیل شاہ صاحب مقبول پوری، فیصل آباد
چاک کی پاکیزہ مٹی اس طرح حاصل کریں کہ کمہار کو کہیں کہ وہ وضو کرے اور چاک پر بیٹھ کر اس پر مٹی رکھ کر اولاً اس کو الٹی جانب سات چکر دے۔ اور پھر سیدھی جانب سات چکر دے۔ اور ہر چکر پر بسم اللہ پڑھے۔ پھر اس مٹی کا گولا بنائیں اور کنواری لڑکی کے کاتتے ہوئے سوت کا دھاگہ لیں جس کی سات تاریں ہوں اور سگ گزیدہ کے قد کے برابر لمبا ہو۔ پھر یہ درود شریف گیارہ بار پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ و اصحاب محمد بعدد مائۃ الف الف مرۃ و بارک وسلم

اس کے بعد سورۃ یاسین اس طرح پڑھیں کہ لفظ یاسین کا تین بار تکرار کریں۔ اور پھر آگے سے اس کو پڑھیں۔ اور جب پہلی مبین پر

پہنچیں تو مٹی پر اور دھاگہ پر پھونک ماریں اور ایک گرہ دیں اور سورۃ یٰسین باقاعدہ اول شروع سے پڑھیں اور دوسری مبین پر جاکر ٹھہریں اور مٹی اور دھاگے پر پھونک ماریں اور دوسری گرہ دیں۔ اسی طرح سورۃ یٰسین سات بار پڑھیں اور ہر مبین پر پھونک ماریں اور دھاگے میں گرہ دیں۔ یہاں تک کہ دھاگہ پر سات گرہیں پوری ہو جائیں۔ اور یہ بھی یاد رکھیں کہ ہر مبین پہ پہنچ کر گرہ دیکر سورۃ یٰسین کو پھر شروع سے پڑھیں۔ اور اس سے اگلی مبین تک پڑھیں۔ اس طرح سات گرہیں پوری کریں۔ اور مٹی کے گولے پر بھی ہر بار پھونک ماریں۔ اس کے بعد سگ گزیدہ کسی مکان میں تنہا داخل ہو اور برہنہ ہو کر وہ مٹی اپنے جسم پر پھیرے اور پھر گولے کو توڑے۔ اس کے اندر سے کاٹنے والے کتے کے رنگ کے مطابق بال نکلیں گے۔ ان کو نکال کر پھینک دے۔ پھر کپڑے پہن کر دھاگہ گلے میں ڈالے۔ اگر مٹی سے کتے کے بال برآمد نہ ہوں تو سمجھ لینا چاہیئے کہ کتا باؤلا نہیں ہے۔ فکر والی بات نہیں۔ مگر پھر بھی غرباء و مساکین پر تھوڑا بہت صدقہ کرے۔

برائے درد :

اگر کسی کو اس کے جسم میں درد ہو تو وہ خود اپنا ہاتھ درد کی جگہ پر رکھے اور تین بار پڑھے بِسْمِ اللّٰہ اور سات بار پڑھے : بسم اللہ لعزۃ اللہ و قدرتہٖ من شرِّ ما اَجِدُ وَاُحَاذِرُ۔ انشاء اللہ تعالےٰ درد جاتا رہے گا۔

عہدنامہ کی فضیلت :

ابن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن نبی صلعم

نے اپنے اصحاب کو فرمایا تم سے اتنا بھی نہیں ہوتا کہ تم اللہ کے نزدیک ؟ صبح و شام عہد پکڑو۔ صحابہ نے عرض کیا کس طرح یا رسول اللہ۔ آپ نے فرمایا تم میں سے کوئی ہر صبح و شام یہ کہے:

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اِنِّيْ اَعْهَدُ اِلَيْكَ بِاَنِّيْ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَاِنَّكَ اِنْ تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ تُقَرِّبْنِيْ مِنَ الشَّرِّ وَتُبَاعِدْنِيْ مِنَ الْخَيْرِ وَاِنِّيْ لَا اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاجْعَلْ لِّيْ عَهْدًا تُوَفِّيْنِيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

آپ نے فرمایا جب کسی نے تم میں سے یہ کہا تو اس پر مہر لگا کر اس کو عرش کے نیچے رکھا جاتا ہے۔ پس جب ہوگا قیامت کا دن ندا کرے گا منادی وہ لوگ کہاں ہیں جن کے لئے اللہ کے پاس عہد ہے۔ پس وہ لوگ داخل ہوں گے جنت میں۔ (مدارک ص ۲۳۲ جلد دوم)

نامردی کے لئے:

پانچ سو بار باطہارت ایک جگہ بیٹھ کر پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ۔

اور مندرجہ ذیل عزیمتیں تین دن لکھ کر کھائیں یا کھلائیں۔

پہلے دن } بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا کٓھٰیٰعٓصٓ یا حی یا قیوم یا الٰھی أسئلک بحرمۃ سیدنا محمد وفاطمہ والحسن والحسین علیہم السلام ان تعافینی من العنۃ وتقدرنی علی الجماع وصلی اللہ علی خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ اجمعین۔

دوسرے دن یا کٓھٰیٰعٓصٓ یا احدُ یا صمدُ یا ذا الجلال والاکرام لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین أسئلک أن تعافینی من العنۃ وتقدرنی علی الجماع وصلی اللہ علی خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ اجمعین۔

تیسرے دن یا کٓھٰیٰعٓصٓ یا حی یا قیوم یا احد یا صمدُ یا فردُ یا وترُ اسئلک ان تعافینی من العنۃ وتقدرنی علی الجماع وصلی اللہ علی خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ اجمعین۔

برائے قرض:

حضور نبی اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جس پر قرض ہو وہ یہ دعا بہت پڑھے۔ اس کا قرض اتر جائے گا۔ اگرچہ پہاڑوں کے برابر ہو۔

دعا یہ ہے: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعِجْزِ وَالْکَسَلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ والبخل وَاَعُوْذُبِكَ من غلبۃ الدین وقہر الرجال

ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک دعا سکھائی اور فرمایا یہ دعا حضرت عیسٰے علیہ السلام نے اپنے حواریوں کو سکھائی تھی۔ اس دعا کا اثر یہ ہے کہ اس کے پڑھنے سے قرض ادا ہو جاتا ہے۔ اگرچہ پہاڑوں کے برابر ہو دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الْھَمِّ وَكَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمٰنَ الدنیا والاٰخرۃ ورَحِیْمَھُمَا اَنْتَ تَرْحَمُنِیْ فَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَۃٍ تغنینی بھا عَنْ رحمۃ مَنْ سِوَاكَ ۔

حضرت ابو بکر نے فرمایا میرے اوپر قرض تھا۔ جب میں نے اس دعا کو پڑھا اور اپنے قرض کے ادا ہونے کا سوال کیا تو قرض فوراً ادا ہو گیا۔

برائے اسقاطِ حمل:

جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو اس کو چاہیئے کہ یہ تعویذ اپنی کمر میں باندھے:

۲۵	۲۲۸	۲۳۲	۲۱۸
۲۳۱	۲۱۹	۲۲۴	۲۲۹
۲۲۰	۲۳۴	۲۳۵	۲۲۳
۲۲۷	۲۲۲	۲۲۱	۲۳۳

کے لئے بہت مفید ہے۔ اسی طرح صبح سویرے اس کا پانی نہار منہ پینا پتھری کو توڑتا ہے۔ کھانے کے بعد اس کا کھانا، کھانا ہضم کرتا ہے۔ مار گزیدہ یا عقرب گزیدہ کی ڈسی ہوئی جگہ پر مولی کا پانی ملنا بہت مفید ہے۔

(نزہتہ المجالس)

جوں کا فائدہ :

جوں ایک حقیر اور قابل نفرت کیڑا ہے۔ جو بالوں اور کپڑوں میں ہوتا ہے۔ اور آدمی کا خون چوستا ہے۔ جو آدمی بہت غلیظ اور گندہ رہتا ہے اس کے بالوں اور کپڑوں میں جوئیں پڑ جاتی ہیں۔ آدمی کو چاہیئے کہ صاف و ستھرا رہے۔ اس حقیر کیڑے کا فائدہ یہ ہے کہ جس شخص کا پیشاب رک گیا ہو، ایک جوں لیکر اس کے ذکر کے سوراخ میں رکھدیں۔ اس کا پیشاب فوراً کھل جائے گا۔ جاننا چاہیئے کہ اللہ تعالےٰ نے کسی چیز کو بے فائدہ پیدا نہیں کیا۔ حقیر اشیاء میں بھی ہزاروں فائدے ہیں جو ہم کو معلوم نہیں۔

سانپ اور بچھو اور چور سے حفاظت کیلئے

بعض علماء متقدمین نے فرمایا ہے جو کوئی رات کے شروع میں یا دن کے شروع میں کہے اَشْهَدُ ان لَا اِلٰہ الا اللہ واشھد ان محمداً رسول اللہ اس کو اس رات میں یا دن میں سانپ اور بچھو اور چور سے امان ہوگا۔

سعید ابن جبیر سے روایت ہے کہ جو کوئی صبح و شام کہے

وہ سانپ اور بچھو سے بچا رہے گا۔

دعائے قضائے حاجت :

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا عَالِمَ الْخَفِیَّۃِ یَا مَنِ السَّمَآءُ بِقُدْرَتِہٖ مَبْنِیَّۃٌ وَ یَا مَنِ الْاَرْضُ بِقُدْرَتِہٖ مَدْحِیَّۃٌ وَ یَا مَنِ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِنُوْرِ جَلَالِہٖ مُشْرِقَۃٌ مُضِیَّۃٌ وَ یَا مُقْبِلاً عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ زَکِیَّۃٍ وَ یَا مُسَکِّنُ رُعْبَ الْخَائِفِیْنَ وَاھْلَ الْبَلِیَّۃِ وَ یَا مَنْ حَوَائِجُ الْخَلْقِ عِنْدَہٗ مَقْضِیَّۃٌ وَ یَا مَنْ نَجّٰی یُوْسُفَ مِنَ الْعُبُوْدِیَّۃِ وَ یَا مَنْ لَیْسَ لَہٗ بَوَّابٌ یُنَادٰی وَلَا صَاحِبٌ یُغْشٰی وَلَا وَزِیْرٌ یُؤْتٰی وَلَا غَیْرُہٗ رَبٌّ یُدْعٰی وَلَا یَزْدَادُ عَلَی الْحَوَائِجِ اِلَّا کَرَمًا وَّ جُوْدًا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَعْطِنِیْ سُؤَالِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

روایت ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ایک آدمی کو جس کا ایک پہلو مفلوج تھا یعنے مارا ہوا تھا - دیکھا کہ وہ بیت اللہ شریف کے قریب بیٹھ کر گریہ زاری کر رہا ہے اور دعا مانگتا ہے - آپ نے پوچھا اے شخص تیرا نام کیا ہے اور تو کہاں کا رہنے والا ہے - اور تجھے کیا تکلیف ہے - جو تو اس طرح آہ و زاری کر رہا ہے - اس نے کہا ایک دفعہ کا ذکر

ہے کہ میرے باپ نے مجھ کو برائیوں سے جن میں مبتلا تھا منع کیا۔ میں نے اس کے منہ پر غصے میں آ کر ایک تھپڑ مارا۔ میرا باپ بیت اللہ شریف میں اسی جگہ پر آیا جہاں آپ مجھ کو اس وقت دیکھ رہے ہیں۔ اس نے دعا کی کہ اے میرے رب میرے بیٹے کے پہلو کو خشک کر دے۔ اس کی دعا قبول ہوئی اور میرا پہلو خشک ہو گیا جیسا کہ آپ دیکھ رہے ہیں۔ پھر میں اپنے فعل پر بڑا نادم ہوا اور باپ سے معافی مانگی اور اس کو راضی کیا۔ میرا باپ ناقہ پر سوار ہوا کہ وہ بیت اللہ میں حاضر ہو کر میرے لئے دعا کرے۔ مگر افسوس کہ وہ قبل اس کے کہ وہاں پہنچے، راستہ میں فوت ہو گیا۔ اب میں یہاں آیا ہوں اور روتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ میرے مردہ پہلو کو زندہ کر دے اور میرے گناہ سے درگذر کرے۔ آپ نے اس کو یہ دعا سکھائی جو اوپر لکھی گئی ہے۔

آپ نے فرمایا حضور نبی اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام فرمایا ہے کہ نہیں دعا کرے گا اس کے ساتھ کوئی غمناک مگر دور کرے گا اللہ اس کے غم کو۔ پھر اس آدمی نے اس دعا کے ساتھ دعا مانگی۔ اللہ تعالےٰ نے فوراً اسی وقت اس کو صحت عطا فرمائی یعنی اس کا مردہ پہلو زندہ ہو گیا۔ اس کے بعد اس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خواب میں دیکھا۔ آپ نے فرمایا یہ دعا اللہ تعالےٰ کا اسم اعظم ہے اور عرش کے خزانوں سے ایک خزانہ ہے۔ (نزہۃ المجالس)

برائے حُب:

اگر دو شخصوں میں محبت پیدا کرنا منظور ہو تو اتوار کے دن حسب ذیل آیت سات بار پان سپاری دیجئے پر پڑھ کر کھلاتے۔ جو کھاتے وہ عاشق

ہو جائے اور پھول یا مٹھائی پر پڑھ کر کھلائے تو بھی مطلوب حاصل ہوگا۔

آیت یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ختم اللہ علیٰ قلوبھم و

علیٰ سمعھم وعلیٰ ابصارھم غشاوۃ ولھم عذاب عظیم

(لطائف اشرفیہ حصہ دوم)

نماز استخارہ:

شیخ صالح ابو علی نوری سے منقول ہے اور انکی یہ روایت حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ تک پہنچتی ہے۔ انھوں نے فرمایا جو کوئی حسب ذیل نماز استخارہ پڑھے گا وہ پہلی رات اپنا مقصود خواب میں دیکھے گا۔ ورنہ دوسری سے ساتویں رات تک عمل کرے۔ ان راتوں میں سے کسی رات میں وہ فرد اپنی مراد کو دیکھے گا۔ نظام یمنی نے کہا میں نے اور میرے سوار اور بھی کئی دوستوں نے یہ عمل کیا بالکل درست پایا۔ اسکی ترکیب یہ ہے۔ عشاء کی نماز کے بعد چھ رکعت نماز نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ والشمس سات بار پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ واللیل سات بار پڑھے۔ تیسری میں والضحیٰ اور چوتھی میں الم نشرح اور پانچویں میں والتین اور چھٹی میں انا انزلناہ سات سات بار پڑھے۔ جب نماز سے فارغ ہو تو خدا تعالےٰ کی ثنا کرے اور حسب ذیل دعا پڑھے۔

اَللّٰھم یا رب ابراھیم و موسیٰ و رب اسحاق و یعقوب و رب جبرئیل و میکائیل و رب اسرافیل و انت ربی منزل الصحف و منزل التورات والانجیل والزبور والفرقان

ارنی فی مقامی ھذا اللیل من امر ما انت تعلم۔

کسی شخص کی زندگی یا موت کا حال دیکھنا:

ابوالمعشر کا مجرب عمل ہے کہ کوئی شخص بیمار ہو اور اسکی زندگی اور موت میں شک ہو تو اس شخص کے اور اسکی ماں کے عدد نکالے - اور جس دن وہ بیمار ہوا ہے اس دن سے عمل کیوقت تک جتنے دن گزرے ہوں وہ بھی اوپر کے اعداد میں شامل کر کے جمع کرے - اگر ایام بیماری میں شک ہو یا بالکل معلوم نہ ہوں تو چار کا عدد شامل کرے - اور حاصل جمع کو تین پر تقسیم کرے - جو عدد باقی بچے اسکو مندرجہ ذیل حیات و موت کے دونوں نقشوں میں دیکھے - وہ عدد جس نقش میں ہوگا - اس کا فیصلہ اس پر نافذ ہوگا -

نقش حیات

۳	۸	۱۰	۱
۱۶	۱۴	۱۳	۱۵
۲۰	۱۹	۲۳	۱۷
	۲۸	۲۶	۲۹

نقش ممات

۵	۴	۱۲	۲
۲۱	۱۲	۱۱	۱۸
۳۰	۲۳	۹	۷
۶	۲۵	۲۴	۲۷

دل کے زندہ ہونے کا نسخہ :

کتانی نے کہا میں نے خواب میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور عرض کی یارسول اللہ آپ دعا کریں کہ اللہ میرے دل کو زندہ کرے۔ آپ نے فرمایا ہر روز چالیس بار پڑھا کر یا حیی یا قیوم لا الٰہ الا انت اللہ تعالےٰ تیرے دل کو زندہ کرے گا۔

صابن بنانا :

ناریل کا تیل	سوڈا کاسٹک ۱۸ تا ۲۰ ڈگری	میدہ	پانی
۱۰ سیر	۱۰ سیر	۵ سیر	تیس سیر

ترکیب : پہلے سوڈا کاسٹک پانی میں حل کریں ۔ اور ناریل کا تیل علیحدہ کڑاہی میں ڈال کر گرم کریں ۔ پھر اس میں میدہ حل کر کے کڑاہی کو آگ سے اتار لیں اس کے بعد سوڈا کاسٹک کا پانی آہستہ آہستہ ملاتے جائیں اور کسی لکڑی یا چمچہ سے حل کریں ۔ جب جمنے پر آجائے تو سانچوں میں ڈالنا شروع کریں گرمی کے موسم میں ہوا دار مقام میں رکھیں اور سردی کے موسم میں گرم کپڑے کمبل وغیرہ سے ڈھانپ دیں ، جب پوری طرح جم جائے تو حسب ضرورت خوبصورت ٹکیاں کاٹ لیں ۔ اگر خوشبو دار کرنا ہو تو جب جمنے کے قریب آئے اس میں کوئی تھوڑی سی مگر مناسب اندازے سے خوشبو ڈال دیں ۔ سانچے معمولی ٹین لوہے یا لکڑی کے بہت سستے داموں سے بنوائے جا سکتے ہیں ۔ یہ بہت کم لاگت کا معمولی صابن ہے ۔ اس سے بہتر صابن تیار کرنا ہو تو تیل مہوہ ۲½ سیر ، تیل ناریل دس چھٹانک ، روغن کینجی یعنی تلا ، کا

تیل دس چھٹانک لیں اور پھر ان تینوں تیلوں کو ایک جگہ ملا دیں۔ میدہ سے وزن بڑھ جائے گا۔ اس کے بعد سوڈا کاسٹک دس چھٹانک، دس سیر ٹھنڈے پانی میں حل کریں اور آدھ سیر گرم پانی میں سوڈا سلیکیٹ ملائیں۔ پھر سوڈا کاسٹک کا پانی کڑاہی میں دھار باندھ کر گرائیں اور لکڑی سے ہلائیں جب گاڑھا مثل حلوہ کے ہو جائے تو سوڈا سلیکیٹ کا پانی ملائیں اور خوب ہلائیں۔ جب سختی پر آجائے تو مٹی یا چینی کی پیالیوں میں بھر کر رکھ دیں۔ اور گرم کپڑے سے مثل کمبل وغیرہ کے اس کو ڈھانپ دیں۔ ۲۴ گھنٹہ میں یہ صابن تیار ہو گا۔

بلیو بلیک پاوڈر:

مازو بلا سوراخ دس تولہ کسیس سبز ۴ تولہ کیکر کا گوند ½ تولہ چینی ۲ تولہ، پربیشن بلو یعنی نیل کا ست ایک تولہ سب کو باریک کر کے ملائیں اور پھر ضرورت کے وقت ایک تولہ یہ پاوڈر آدھ پاؤ پانی میں پکائیں پھر چھان کر بوتل میں بھر لیں اور استعمال کریں۔

اورینٹل بام

یہ بام ہر درد کے لئے بے خطا ہے۔ چھاتی کے درد، دانت درد، داڑھ درد، سر کے درد میں کام آتا ہے۔ اس میں روئی تر کر کے داڑھ میں جہاں درد ہے رکھ دیں۔ فوراً آرام آئے گا۔ جوڑوں پر ملیں تو جوڑوں کا درد کافور ہو جاتا ہے۔

نسخہ حسب ذیل ہے:

پیپرمنٹ کا پھول	کافور	دار چینی کا تیل	الائچی کا تیل
۱ تولہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۱½ ماشہ

لونگ کا تیل
۱½ ماشہ

پہلی ہر دو اشیاء کو کھرل میں خوب پیسیں - پھر اس میں سے ۱۵ تولہ ویزلین ملا کر باقی اشیاء شامل کریں اور گھوٹ کر پیچدار ڈھکن والی شیشی میں بند کریں -

دانت کے درد کے لئے :

مندرجہ ذیل عمل داڑھ درد کیلئے مجرب ہے فوراً درد بند ہو جاتا ہے -
جس آدمی کی داڑھ میں درد ہو اس کو کہیں کہ وہ اسکو پکڑے اور خود عامل کسی پنسل سے کسی پاک دیوار پر یہ حروف لکھے :

ابجد : ھوز : حطی

پھر چاقو کو حرف الف پر رکھ کر دبائیں اور مریض سے پوچھیں کہ آرام آیا یا نہیں - اگر آ گیا تو بہتر ورنہ اسی طرح تمام حروف پر باری باری رکھ کر دبائیں اور پوچھیں کہ آرام آیا یا نہیں - انشاء اللہ ط پر چاقو رکھنے سے پہلے ہی درد جاتا رہے گا - یاد رہے کہ حطی کے حرف ی پر چاقو نہ رکھیں، آرام آئے یا نہ آئے - اگر رکھیں گے تو نقصان ہوگا -

گمشدہ کی بازیابی کے لیے -

کسی چیز کے گم ہونے کا جہاں گمان ہو اس طرف منہ کر کے بیٹھ

جائیں اور ۵۰۰ بار سورۃ والضحیٰ پڑھیں اور پھر کھڑے ہو جائیں۔ اور ۲۰۰ بار بائیں طرف اور ۲۰۰ بار دائیں طرف اور ۱۰۰ بار پیچھے کیطرف سورۃ والضحیٰ پڑھیں۔ اور اپنے مقصد کو دل میں ظاہر کریں اور گمشدہ چیز کا نام لے کر پکاریں اور پھر اس کے بعد سو جائیں۔ یہ عمل رات کو تنہائی میں یکسوئی کے ساتھ باطہارت کریں۔ گمشدہ چیز اکیس دنوں تک دستیاب ہو جائے گی۔ اگر کوئی آدمی یا جانور ہے تو وہ خود بخود اتنے دنوں تک گھر واپس آجائے گا۔ یہ عمل صرف ایک ہی رات کرنا ہوگا۔

دانت یا مسوڑھے کے درد کے لئے:

جب دانت یا مسوڑھے میں درد ہے تو باوضو ہو کر سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ شریف ۲۱ بار پڑھیں اور دم کریں۔ بحکم شافی مطلق فوراً شفا ہو گی۔

مال مسروقہ برآمد کرنے کا عمل:

جس کا مال چوری ہو گیا ہو وہ یہ آیت لکھے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرحمٰن الرحیم ان الذین اتخذوا العجل سینالھم غضبٌ من ربھم وذلۃٌ فی الحیٰوۃ الدنیا وکذٰلک نجزی المجرمین۔

لکھ کر تعویذ بنائیں اور کسی بچھڑے کے گلے میں باندھیں۔ اور جن لوگوں پر شبہ ہے۔ ان کو کہیں کہ وہ باری باری اس بچھڑے کی پشت پر اپنا ہاتھ رکھیں جو ان میں چور ہوگا وہ ہاتھ رکھے گا تو بچھڑا بول اٹھے گا۔

بدخوابی کا علاج :

سونے کے وقت اگر بستر پر خرفہ کا ساگ بچھایا جائے تو کوئی بری اور پریشان خواب نہیں آئے گی۔

قضائے حاجت کے لئے :

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تجھے کوئی حاجت ہو اور تو چاہتا ہو کہ وہ جلد پوری ہو تو یہ کہہ :

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ الْحَكِيْمُ الْكَرِيْمُ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الحكيم سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا دَيْنًا اِلَّا

قَضَیْتَہَا وَلَا حَاجَۃً مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ
اِلَّا قَضَیْتَہَا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

(روح المعانی سورۃ احقاف پارہ ۲۶)

نسخہ برائے درد دنداں:

تھوم کو آگ پر گرم کر کے درد والے دانت پر رکھیں۔ درد جاتا رہے گا۔ اگر سداب کو سیاہ منقیٰ کے پتے میں ملا کر دانت پر رکھے تو پھر بھی یہی فائدہ ہوتا ہے۔

ہر قسم کی درد کے لئے:

ثابت بنانی رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ فرماتے ہیں۔ جب جسم کے کسی حصہ میں درد یا کوئی تکلیف ہو تو وہاں ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھیں:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اعوذ بعزۃ اللہ وقدرتہٖ
مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ مِنْ وَجْعِیْ ھٰذَا۔

اگر پہلی بار آرام نہ آئے تو یہ عمل تین بار کریں۔ انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

قضائے حاجت کے لیے:

اگر کوئی کسی حاجت میں سخت لاچار ہو اور وہ کسی طرح بھی پوری نہ ہوتی ہو تو یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرحیم من العبد الذلیل الی رب الجلیل
اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ فبحق محمدٍ
وَّاٰل محمد اکشف قلبی وحزنی وفرّج عنّی۔

یہ کاغذ پر لکھ کر دریا میں بہائے - انشاءاللہ اسکی حاجت بہت جلد پوری ہوگی۔

فتح نامہ :

معین الملت حضرت مولانا الحاج پیر سید حیدر حسین شاہ صاحب نے فرمایا جو کوئی جس مطلب کے واسطے چاہئے وہ اس نقش کو لکھ کر گلے میں یا بازو میں باندھے - انشاءاللہ کامیاب ہوگا -

۷۸۶

قل	ھو اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم یلد
ھو اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم یلد	ولم
احد	اللہ	الصمد	لم یلد	ولم	یولد
اللہ	الصمد	لم یلد	ولم	یولد	ولم
الصمد	لم یلد	ولم	یولد	ولم	یکن لہٗ
لم یلد	ولم	یولد	ولم	یکن لہٗ	کفواً
ولم	یولد	ولم	یکن لہٗ	کفواً	احد

برائے فراخی رزق :

مندرجہ ذیل وظیفہ رزق کی فراخی کیلئے میرے والد مولنا فضل کریم جماعتی نقشبندی کو حضرت مولنا نبی بخش حلوائی لاہوری سے حاصل ہوا - وظیفہ یہ ہے سورۃ مزمل گیارہ بار پڑھیں اور اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد اسم یا مُغْنِی گیارہ سو مرتبہ پڑھیں بعد ہر سو کے یہ دعا ایک بار پڑھیں

یَا مُغْنِیُ اَغْنِنِیْ وَیَا رَزَّاقُ اُرْزُقْنِیْ رِزْقًا طَیِّبًا بِغَیْرِ حِسَابٍ ٭

انشاءاللہ رزق میں فراخی ہوگی۔

نسخہ القالونیا !

بہیدانہ	عناب ولایتی	سپستاں	اصل السوس مقشر
۳ ماشہ	۷ دانہ	۱۱ دانہ	۴ ماشہ

سب اشیاء کو ۱۰ تولہ پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر آدھا صبح کو اور آدھا شام کو پئیں۔

ایضاً پانی میں حسب منشا نمک ڈال کر پینا بھی مفید ہے۔

ایضاً ہفتہ عشرہ میں ایک بار پیاز کا سالن نمک مرچ، دھنیا ڈال کر پکائیں اور سرسوں کے تیل سے بھگار کر کھائیں۔ بہت مفید ہے۔

برائے دفع وبا حیوانات :

میرے والد صاحب مرحوم نے فرمایا: جانوروں کی وبا دور کرنے کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ایک جگہ سب جانوروں کو اکٹھا کیا جائے اور باوضو ہو کر ان کے پاس سات دن تک سات سات بار سورۃ تغابن پڑھیں۔ نیز سورۃ فاتحہ اور آیت الکرسی ایک ایک بار پڑھیں اور سورۃ اخلاص پندرہ بار پڑھ کر جانوروں کو پھونک مار دے۔ نیز مندرجہ ذیل دعا لکھ کر موم میں لپیٹ کر پانی میں ڈالیں اور اس پانی سے جانوروں پر چھینٹا ماریں۔ انشاء اللہ وبا اور تمام بلائیں دور ہو جائیں گی۔

نقش برائے تسخیر

[illegible] حضرت [illegible] کرم اللہ

[illegible]

راجہ

ڈال محمد [illegible]

صاحب ایڈووکیٹ سیالکوٹی سے عطا ہوا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

یا جبرائیل — یا میکائیل

یاحنان	۲۶۹۲	۲۶۹۱	۲۶۹۸
یامنان	۲۶۹۷	۲۶۹۵	۲۶۹۳
یادیّان	۲۶۹۲	۲۶۹۹	۲۶۹۴
یابرہان	علیقا	طلیقا	ملیقا

یا عزرائیل — یا اسرافیل

آپ حضرت قبلہ عالم امیر ملت محدث علی پوری قدس سرہ کے منظور نظر خلیفہ تھے۔ اس نقش معظم کو بروز جمعرات چھ اور سات بجے صبح کے درمیان پُر کرے اور لوبان کی دھونی دے اور بازو پر باندھے۔ تسخیر حاصل ہوگی تمام لوگ عزت کریں گے۔

برائے ناف:

اگر ناف اپنی جگہ سے ٹل جائے تو ایک کپڑے کو لے کر اس پر مندرجہ ذیل کلام پڑھیں اور اس کو مروڑ کر دم کریں۔ اگر پہلی بار آرام آگیا تو بہتر ورنہ یہی عمل سات بار کریں۔ انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

کلام یہ ہے:

جَلَّ جَلَالُہٗ ہر دم کلمہ یاد ہُو محمد صاحب جناب ھُوْ

اللہ مشکل آسان کر

برائے گریہ کودک:

بعض بچے معمول سے زیادہ روتے ہیں - یہ ایک بیماری ہے جو والدین کو سخت تکلیف دیتی ہے اور بعض بچے سوتے میں ڈر جاتے ہیں - اور بعض دودھ کم پیتے ہیں - ان کے لئے عامل کو چاہیئے کہ سورۃ فاتحہ سات مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کرے - انشاء اللہ مذکورہ شکایت سے نجات ہوگی -

برائے تپ لرزہ:

میرے مخدوم و استاذ مکرم استاذ العلماء فخر المحدثین حضرت مولٰنا الحاج سراج الملت پیر سید محمد حسین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ علی پوری سے اجازت ہے - آپ نے فرمایا تھوڑی سی کوری روئی لے کر اس پر سات بار سورۃ فاتحہ پڑھیں اور دائیں کان میں رکھیں اور پھر اتنی ہی روئی پر چھ بار سورۃ فاتحہ پڑھیں اور بائیں کان میں رکھیں - انشاء اللہ بخار اتر جائے گا - یہ عمل باری کے بخار کیلئے بھی مفید ہے -

برائے اجابت دعا و قضائے حاجت:

مندرجہ ذیل کلمات آدمی پڑھے تو اس کی دعا قبول اور حاجت پوری ہوتی ہے - خصوصاً اگر قرضہ ہو تو ادا ہو جاتا ہے - اور اگر دشمن تنگ کرے تو اس دعا کی برکت سے وہ ذلیل وخوار ہو گا اور سختی کرنے سے باز آئے گا - کلمات یہ ہیں:

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ مَلِيْكٌ مُقْتَدِرٌ مَا تَشَآءُ مِنْ اَمْرٍ يَكُوْنُ

فَاسْعِدْنِي فِي الدَّارَيْنِ وَكُنْ لِي وَلَا تَكُنْ عَلَيَّ وَاعِذْنِي
مِنْ هَمِّ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ
وَصَلِّ اللّٰهُمَّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ
وَصَحْبِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥

یاقوت کے فوائد :

یاقوت ایک سخت اور بہت مضبوط پتھر ہے۔ اس پر آگ اثر نہیں کرتی اس لئے کہ اس میں دہنیت (روغن) نہیں ہوتی۔ اور اس میں سوراخ نہیں ہو سکتا۔ اس لئے کہ بہت سخت ہوتا ہے۔ یاقوت کا رنگ سرخ یا سفید یا سبز یا نیل گوں ہوتا ہے۔ سرخ رنگ کا یاقوت بڑا قیمتی ہوتا ہے۔ اور نایاب بھی۔ اطباء کے نزدیک یاقوت رمانی بہت عمدہ اور گراں قیمت ہوتا ہے۔ اس کا رنگ انار کے سرخ دانے کے مشابہ ہوتا ہے۔ اس وجہ سے اسکو رمانی کہتے ہیں۔ رمان عربی میں انار کو کہتے ہیں۔ رنگ اور چمک میں آگ کے بھی مشابہ ہوتا ہے۔ اس کی انگوٹھی سے آدمی طاعون سے بچا رہتا ہے اگرچہ یہ وبا کتنی ہی پھیلی ہوئی ہو۔ جس کے ہاتھ میں یاقوت کی انگوٹھی ہوگی وہ بجلی اور ڈوبنے سے محفوظ رہے گا۔ اور لوگوں میں اسکی عزت ہوگی۔ یہاں تک کہ بادشاہ بھی اس کا اکرام کرے گا۔ یاقوت کی معجون اگرچہ کسی قسم کا زہر ہو اسکے اثر کو دور کرنے میں تیر بہدف کا حکم رکھتی ہے۔ اور جسم میں بے پناہ طاقت کا اضافہ کرتی ہے۔

(روح البیان)

برائے قضائے حاجت وحصولِ غنا:

جمعہ کی نماز کے بعد یہ کہنا بہت بہتر ہے:

اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْم یَا وَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وبفضلك عَمَّنْ سِوَاكَ

جو کوئی اس دعا کو ہمیشہ ہر روز بلا ناغہ پڑھے۔ اللہ اسکو غنی کرے گا اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچائے گا، جہاں سے رزق پہنچنے کا امکان اس کے گمان میں بھی نہیں تھا (روح البیان) مؤلف کہتا ہے ہر روز کسی مقرر وقت پر (اگر فجر کی دوسنتوں اور فرضوں کے درمیان ہو تو بہت ہی اچھا ہے) اوّل آخر درود شریف ۵، ۵ بار پڑھ کر ایک سو بار پڑھے۔ بہت موثر اور نافع ہوگا۔

درود شریف کی برکت:

حضور نبی اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے اصحاب کے ساتھ مدینہ شریف سے باہر کسی مقام پر تشریف فرما تھے۔ آپ کی خدمت میں ایک آدمی آیا اس کے ہاتھ میں اونٹ کی نکیل تھی۔ اس نے آپ کو سلام عرض کیا۔ پھر ایک آدمی آیا۔ اس نے شکایت کی یا رسول اللہ اس آدمی نے میرا اونٹ چوری کیا ہے۔ اسکی یہ بات سنکر اونٹ بلبلایا یعنے رونے لگا۔ اس کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔ جب اونٹ خاموش ہوا تو آپ نے اس آدمی کو جس نے کہا تھا کہ اس نے میرا اونٹ چوری کیا ہے۔ فرمایا، اونٹ نے تیرے خلاف شہادت دی ہے۔ اونٹ

نے اپنی زبان میں کہا ہے کر تو اپنے دعوٰے میں جھوٹا ہے - وہ آدمی چلا
گیا - اس کے بعد آپ نے پہلے آدمی سے جس کے ہاتھ میں اونٹ کی نکیل
تھی دریافت فرمایا - جب تو یہاں میرے پاس آیا تھا اس وقت تو نے
کیا پڑھا تھا - اس نے کہا میں نے پڑھا تھا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى صلوٰۃ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ
عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى بركۃ اَللّٰهُمَّ وسلّم عَلٰى مُحَمَّدٍ
حَتّٰى لَا يَبْقٰى سلام اللّٰھم وارحم محمدًا حتّٰى لاتَبْقٰى رَحْمَۃ

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا بیشک اس درود شریف کو رب
تعالٰے نے میرے لئے ظاہر فرمایا اور اونٹ نے کلام کیا اپنے رب کی
قدرت کے ساتھ اور نازل ہوئے فرشتے اس کثرت سے کہ آسمان کے کنارے
بھر گئے - (اس درود شریف کے پڑھنے کی برکت سے اللہ نے اس کو دشمن
کے مکر وفریب سے نجات بخشی) ایک دوسری روایت میں یہ واقعہ یوں
ذکر کیا گیا ہے -

نافع نے ابن عمر رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کیا کہ چند لوگ
ایک آدمی کو پکڑ کر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لائے - اور
عرض کیا کہ اس نے ہماری ناقہ چوری کی ہے - حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام
نے گواہی اور شہادت لینے کے بعد اس آدمی کے ہاتھ کاٹنے کا
حکم فرمایا - جب جلاد اس کا ہاتھ کاٹنے کیلئے اسکو وہاں سے باہر لے کر
آیا تو اس نے وہی درود شریف پڑھا - جس کا ذکر اوپر ہوا ہے - حضور
علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اس آدمی کو واپس لایا جائے ، اس سے قبل
کے اس کا ہاتھ کاٹا جائے - جب وہ آپ کی خدمت میں پیش ہوا تو آپ

نے پوچھا تو نے یہاں سے نکلنے کے وقت اپنے منہ میں آہستہ آہستہ کیا پڑھا تھا۔ اس نے وہ درود شریف پڑھ کر سنایا۔ آپ نے فرمایا یہی وجہ ہے کہ میں نے فرشتوں کو دیکھا کہ وہ مدینہ کی گلیوں اور بازاروں کو چیرتے ہوتے میرے پاس آرہے تھے۔ یہاں تک کہ قریب تھا کہ میرے اور تیرے درمیان حائل ہو جائیں۔ پھر آپ نے فرمایا تو قیامت کے دن پل صراط سے اس حال میں گذرے گا کہ تیرا چہرہ چودہویں رات کے چاند کی طرح چمکتا ہوگا۔ (ہوسکتا ہے کہ اس دوسرے آدمی نے اس پر اونٹ حاصل کرنے کے لئے جھوٹا دعوے دائر کر دیا ہو اور اس پر گواہ بھی جھوٹے تیار کر لئے ہوں۔ اللہ تعالےٰ نے اسے درود شریف کی برکت سے دشمن کے فریب سے نجات دے دی۔

(حیواۃ الحیوان صـ ۱۳۲ ج ۱)

کشائش رزق کے لئے :

سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا جو شخص ہمیشہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھے گا۔ اللہ تعالےٰ اس کو اتنا مال اور دولت عطا کرے گا کہ اس کے لئے سنبھالنا مشکل ہو جائے گا۔

شب کو موذی جانوروں سے حفاظت :

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رات کو شام کے وقت جو کوئی تین بار پڑھے اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ اس کو اس رات کسی جانور کا زہر یا اس کا ڈنگ نقصان نہیں دے گا۔

(ترمذی بروایت ابوہریرہ)

آیا۔

دُعائے یعقوبی :

حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضرت یعقوب علیہ السلام کو یہ دعا سکھائی آپ قبلہ کیطرف منہ کر کے کھڑے ہوئے ۔ آپ کے پیچھے حضرت یوسف علیہ السلام کھڑے ہوئے ۔ پھر آپ نے اپنے بیٹوں کی مغفرت کیلئے دعا مانگی اللہ تعالےٰ نے قبول فرمائی ۔ اور بیٹوں کی خطا معاف فرمادی ۔ یہ واقعہ مصر میں حضرت یعقوب علیہ السلام اور حضرت یوسف کی ملاقات کے وقت کا ہے ۔

اَللّٰھُمَّ یَا رِجَاءَ الْمُؤْمِنِیْنَ لَا تَقْطَعْ رَجَاءَنَا یَا غِیَاثَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَغِثْنَا یَا مُعِیْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَعِنَّا یَا مُحِبَّ التَّوَّابِیْنَ تُبْ عَلَیْنَا

اس دعا کے بیس سال بعد اللہ تعالےٰ نے یعقوب کے بیٹوں کی خطا معاف فرمائی جب کہ یعقوب علیہ السلام بقید حیات تھے ۔ (روح المعانی) جو کوئی اس دعا کو پڑھے گا اللہ اسکی خطاؤں کو معاف فرمائے گا ۔ اور اس کے رزق کو اس پر فراخ کر دے گا ۔ اور مصیبتوں سے خلاصی دے گا ۔

تحمہم کا دل یاد کرے

برائے قضائے حاجت :

الٰہی احدی : صمدی من عند سرمدی ۵۰۰ بار پڑھیں ۔ کم از کم یہ وظیفہ چالیس دن پڑھا جائے ۔ کسی دن ناغہ نہ کرے ۔ اللہ ہر حاجت کو جو پوری نہیں ہوتی پوری کر دے گا ۔

ایضاً ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ اول آخر گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور درمیان میں یہ حروف مقطعات مع بسم اللہ شریف ۵۰۲۰ بار پڑھیں ۔ رزق میں کشائش اور حاجتیں پوری ہوں گی ۔

ابوعبداللہ مغربی فرماتے ہیں ۔ میں نے خواب میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ مجھے ایک حاجت ہے ۔ میں کسطرح سے دعا کروں کہ میری وہ حاجت پوری ہو ۔ آپ نے فرمایا ۔ پہلے دو رکعت نماز پڑھ اور آخری رکعت کے آخری سجدہ میں چالیس بار آیۃ کریمہ پڑھ ۔ حدیث میں یہ بھی آیا ہے کہ جس غمزدہ نے اس کو پڑھا، اللہ نے اس کے غم کو دور فرمایا ۔ ایک اور روایت میں ہے جس نے آیۃ کریمہ کے ساتھ دعا مانگی اللہ نے اس کی دعا کو قبول فرمایا ۔ آیۃ کریمہ یہ ہے :

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

رعد سے حفاظت :

ابنِ عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے جس شخص نے رعد کی آواز کو سنا اور پڑھا : سُبْحَانَ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِیْفَتِہٖ وَھُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ہ
اگر اس کو رعد یا بجلی سے نقصان پہنچا تو میں اس کا ضامن ہوں ۔ مطلب یہ ہے کہ جب بجلی کڑکے یا چمکے تو یہ آیت پڑھنی چاہیے ۔ پھر کوئی نقصان یا ضرر نہیں پہنچے گا ۔

لومڑی کے خواص :

لومڑی کا گوشت فالج کو نفع دیتا ہے (مگر ہے حرام) اور کوڑھ اور جسم کی ساخت اور بناوٹ کو درست کرنے کیلئے بھی مفید ہے ۔ اس کی تلی یعنے طحال جیسکی تلی بڑھی ہوئی ہو، اسکے گلے میں لٹکائی جائے تو بڑا فائدہ

ہو۔ اگر کان درد کرتا ہو تو اسکی چربی اس میں ٹپکائیں فوراً آرام آئے گا۔ اگر کسی کو گینٹھیا کی درد ہو تو وہ اسی کی چربی کی مالش کرے آرام آجائے گا۔ اگر اس کا خون گنجے آدمی کے سر پر لگایا جائے تو بال پیدا ہونگے۔

عجیب چیز

جس گھر میں لیموں یا سنگترہ یا چگودرہ ہو اس گھر میں جنات نہیں آئیں گے۔

بعض ادویہ کہ اگر عورت ان کو استعمال کرے تو اس کو حمل ٹھہر جائے۔

تازہ دودھ دو تین دفعہ ذکر پر طلا کر کے خشک کریں۔ خشک ہونے کے بعد جب عورت حیض سے پاک ہو تو اس سے جماع کریں۔ انشاء اللہ حمل رہ جائے گا۔

ایضاً بازکی بیٹ دس درم شراب کے ساتھ نہار منہ کھا کر عورت مرد کے پاس جائے تو حمل رہ جائے گا۔

ایضاً جوزبوا، کرناذج، بلور، شب یمانی، انار کا چھلکا، ایک ایک مثقال، کوٹ چھان کر اس سے عورت شاذ کرے اگر وہ بانجھ بھی ہوگی تب بھی حمل رہ جائے گا۔

ایضاً لومڑی کی بیٹ تیل میں حل کر کے ذکر پر لگائیں اور عورت سے مجامعت کریں۔ انشاء اللہ عورت حاملہ ہوگی۔

ایضاً۔ نر ریچھ کا پتہ شراب میں ملا کر عورت کو کھلائیں پھر اس سے مجامعت کریں۔ انشا[illegible] [illegible] حاملہ ہو گی۔ ا[illegible] اس [illegible] لڑکا پیدا ہو گا۔

ایضاً [illegible] کروہ

وہ دونوں چیزیں گھل مل جائیں۔ اور ایک ذات ہو جائیں۔ پھر اس کو اپنے فرج میں رکھے اور مرد سے ہم بستر ہو تو یقیناً حاملہ ہو گی۔

ایضاً۔ اگر عورت ہاتھی کی لید کھا کر مرد کے پاس جائے تو حاملہ ہو گی (لید حرام ہے اس کا کھانا منع ہے۔ یہاں اس کا ذکر محض اس کی تاثیر یا خاصیت کو بیان کرنے کے لئے ہے۔)

ایضاً۔ اگر عورت حیض سے پاک ہو کر تین دن متواتر تازہ ناگیسر کو گائے کے گھی میں حل کر کے کھائے۔ اور اس کے بعد بکری کا دودھ پیئے اور مرد کے پاس جائے تو حمل رہ جائے گا۔

ایضاً۔ فلفل دراز، ناگیسر، سونٹھ، گول مرچ کوٹ چھان کر گائے کے گھی میں ملا کر چند روز کھانے کے بعد عورت مرد کے پاس جائے تو حاملہ ہو گی۔

ضرورت کے تحت: حمل ساقط کرنیکی تدابیر

زدبناد، درونج عقربی، ہینگ، جند بیدستر، ماذو، طباشیر ایک ایک درہم، سونٹھ دو درم، مشک تبتی ایک دانگ سب کو کوٹ چھان کر تین حصہ شہد میں ملا کر ایک مثقال ہر روز صبح کے وقت عورت کھایا کرے۔ حمل ساقط ہو جائے گا۔

ایضاً۔ اگر گائے کے گوبر کو پانی میں جوش دیکر عورت پی لے تو فوراً حمل گر جائے گا۔

ایضاً۔ حنظل (تمہ) کے پتوں کے عرق میں اونی کپڑے کا ٹکڑا تر کر کے عورت شادکرے تو اس سے حمل بھی ساقط ہو جاتا ہے۔

ایضاً۔ فرج میں گاجر کے بیج کی دھونی لینے سے مرا ہوا بچہ بھی فوراً باہر آ

آجاتا ہے۔ ایسے ہی گھوڑے یا بیر کے سر کے بالوں کی دھونی لینے سے بھی بچہ باہر نکل پڑتا ہے۔

ایضاً اگر عورت ایک مازو پیس کر کھائے تو اسی دن بچہ پیدا ہو گا۔

ایضاً اگر کلیجی کے ٹکڑے پر پسا ہوا مازو چھڑک کر عورت کو کھلائیں تو بچہ فوراً پیدا ہو گا۔

ایضاً کجازا، زاپ ایک رات پانی میں تر کر کے رکھیں اور پھر صبح وہ پانی عورت کو پلائیں۔ بچہ فوراً نکل آئے گا۔ اور اگر حیض رکا ہوا ہو تو وہ بھی جاری ہو جائیگا۔

ایضاً۔ اگر تھوڑا سا سداب پانی میں پیس کر ذکر پر طلا کریں اور پھر حاملہ عورت سے مجامعت کریں تو حمل ساقط ہو جائے گا۔ اگر سانپ کی کینچلی کی دھونی فرج کو دیں تو بھی فائدہ ہو گا

بچہ کی ولادت کی سہولت کے لئے:

جاؤ شیر، ہینگ گڑ ملا کر کھانے سے بچہ بہت جلد بغیر درد کے پیدا ہوتا ہے۔

اگر میتھی اور تمہ کو جوش دیکر اس کے پانی میں کڑوے بادام کے روغن کی تین بوندیں ڈال کر جننے والی عورت کو پلایا جائے تو بہت جلد درد زہ سے فارغ ہو۔

جند بید ستر۔ میعہ سائلہ ایک ایک مثقال، دارچینی نصف مثقال کوٹ کر شہد میں ملا کر دو مثقال ماء العسل یا پرانی شراب کے ساتھ کام میں لائیں تو بڑا فائدہ ہو گا۔ طبیبوں نے کہا کہ اس امر میں اس سے زیادہ اچھی کوئی دوا نہیں ہے۔

تھوہر کی جڑ کو شہد میں حل کر کے پیٹ پر لیپ کریں۔ بچہ بہت جلد پیدا ہوگا۔

عورت کو بانجھ کرنے کے لئے:

شہد، گائے کا گھی، تخم بالسں میں ملا کر پیس کر حیض کے وقت فرج میں رکھنے سے عورت بانجھ ہو گی۔ آئندہ حمل نہیں ہوگا۔

جامن کا پھول سرکہ میں پیس کر حیض کے دنوں میں سات روز تک کھایا جائے۔ عورت بانجھ ہو گی۔

اگر عورت گندھک ڈیڑھ درہم پیس کر ایام حیض میں تین دن تک کھائے تو بانجھ ہو جائے گا۔

بچے کا دانت جو پہلے ٹوٹے زمین پر گرنے سے پہلے، لیکر چاندی کے تعویز میں بند کر وا کر عورت اپنے پاس رکھے، بانجھ ہو جائے گی۔

اگر عورت ایام حیض میں دو درہم جوزبوا پیس کر کھائے تو عورت کو حمل نہیں ٹھہرے گا۔

کالا دانہ ایک درہم گڑ میں ملا کر حیض سے فارغ ہو کر تین روز تک کھائے تو حمل نہ ہوگا۔

اگر عورت اونٹ کا دل کھائے تو بانجھ ہو جائے۔

اگر مرد بوقت مجامعت ذکر کو روغن لگا کر جماع کرے تو حمل نہیں ہوگا

اگر عورت مجامعت کے بعد اندرانی نمک کا شافہ لے تو حمل نہیں رہے گا۔

اگر عورت ایک ارنڈی ثابت نگل جائے تو دس برس تک حمل نہیں ہوگا۔

اگر جماع کے وقت جنگلی پیاز کا پانی ذکر پر لگائیں تو حمل نہ ہوگا۔

اگر خچر کے کان کا میل سونے کے تعویذ میں بند کرکے اور سن کے دھاگہ میں ڈال کر بازو پر باندھے اور عورت سے جماع کرے تو وہ حاملہ نہیں ہوگی۔

اگر عورت حیض سے پاک ہوکر ایک کوڑی نگل جائے تو ایک برس تک حمل نہ ہوگا۔ ایسے ہی جتنے برسوں تک حمل روکنا مقصود ہو اتنی ہی کوڑیاں نگل جائے۔ اگر کوڑی پیس کر کھائی جائے تو بالکل بانجھ ہوجائے گی۔

مندرجہ ذیل نقش کی اجازت حضرت جوہر الملت پیر سید اختر حسین شاہ صاحب علی پوری دامت برکاتہم سے حاصل ہے

برائے آسیب:

یہ نقش مکرم لکھ کر آسیب زدہ کے گلے میں ڈالا جائے۔ انشاء اللہ آسیب دفع ہوگا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

لا	لا	لا	لا	لا	لا
م	م	م	م	م	م
8	8	8	8	8	8

الٰہی بحرمت یملیخا مکسلمینا کشفوططط تبیونس آذر خطیونس کشیا فطیونس برانس بوس اسم کلبھم قطمیر

اور مندرجہ ذیل الفاظ لکھ کر داہنی بازو پر باندھیں:

ملوس دلوس مارا سنان دعا لد بحق فلاں بن فلانہ

(یہاں مریض اور اسکی ماں کا نام لکھیں)

اور یہ الفاظ لکھ کر اس کے بائیں بازو پر باندھیں :

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ علی خیر خلقہ

محمد وآلہ واصحابہ اجمعین بحق فلاں بن فلانہ ۔

(مندرجہ ذیل تعویذ حضرت مولانا الحاج پیر سید

الوحسین شاہ صاحب رح کا فیض ہے)

دردِ شقیقہ :

دس بار سورۃ فاتحہ اور دس بار سورۃ کافرون پڑھ کر دم کریں :

دردِ گوش :

تین بار اسم یا سمیع پڑھ کر روئی پر دم کر کے کان میں رکھیں ۔ بلکہ یہ اسم تمام بدنی دردوں کیلئے مفید اور زود اثر ہے

باری کا بخار :

یا کادو یا مادو ، لکھ کر کپڑے کے ٹکڑے میں لپیٹ کر دائیں بازو پر باندھیں اور اس کا عکس یا مادو یا کادو بائیں بازو پر باندھیں ۔ اگر پہلی باری رک جائے تو بہتر ورنہ جو دائیں بازو کا ہے اسکو بائیں بازو پر اور جو بائیں بازو کا ہے اسکو دائیں بازو پر باندھیں ۔ انشاء اللہ دوسری باری رک جائے گی ۔

ایضاً : اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم ۔ اللہ الرحمٰن الرحیم قُلنَا یَا نَارُ کُونِی بَردً

صرف اتنا ہی لکھ کر تعویذ بنائیں اور گلے میں ڈالنے کیلئے

ایضاً: وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْل ۔ لکھ کر ماتھے پر باندھیں

آیت کریمہ گیارہ بار پڑھ کر گڑ پر دم کر کے دیں ۔ اور وہ گڑ بخار چڑھنے

سے ایک گھنٹہ پہلے کھلائیں ۔

روزانہ بخار کے لئے:

کٓھٰیٰعٓصٓ لکھ کر دائیں بازو پر باندھیں اور حٰمٓ عٓسٓقٓ لکھ کر

بائیں بازو پر باندھیں ۔

چوتھیا بخار کے لئے:

یہ وہ بخار ہے جو چوتھے دن چڑھتا ہے ۔ یہ بھی تیسرے بخار کی طرح

بڑا سخت ہوتا ہے ۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت ہے ۔ مندرجہ ذیل تعویذ

لکھ کر مریض کو نہلا کر اس کے گلے میں ڈالیں ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الٰہی بحرمت خواجہ محمد صادق ابن امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ

تعالےٰ عنہ تپ دو یا دفع گرداں یا اللہ:

ایضاً الٰہی بحرمت امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ ع

الٰہی بحرمت امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہ ع

الٰہی بحرمت امیر المومنین حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ ع

الٰہی بحرمت امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ ع

جس کسی کو دوا یا کسی تعویذ سے آرام نہ آئے۔ اسکو یہ چار اسماء لکھ کر پانی میں گھول کر باری کے دن پلائیں۔ انشاء اللہ تپ جاتا رہے گا۔

برائے بخار کیلئے

یانارُ کونی برداً وسلاماً علی ابراھیم

ایک سو ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور وہ پانی مریض کو پلائیں اسی طرح ہر روز پڑھ کر ۲۱ دن تک مریض کو پانی پلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ شفائے کاملہ حاصل ہو گی۔

برائے محبت

آیتہ کریمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یحبونہم کحب اللہ والذین آمنوا اشد حباً للہ

کاغذ پر لکھ کر تین دن محبوب کو پلائیں۔ ہر روز نیا کاغذ لکھیں۔ آیت کے نیچے حسب دستور طالب و مطلوب کا نام ان کی ماؤں کے نام کے ساتھ لکھیں۔

جسکو ہمیشہ سانپ کاٹ جاتا ہو:

بعض لوگ ہیں کہ ان کو لازماً ہر ماہ یا چھ ماہ بعد یا سال کے بعد سانپ کاٹتا ہے۔ اس علت کو دور کرنے کیلئے بروز اتوار وضو کر کے فجر کے وقت یہ آیت لکھ کر اس کو پلائیں اور اسی آیت کا تعویز لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ اس مصیبت سے ہمیشہ کیلئے نجات مل جائے گی آیت یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم س لام ق و لاً من ر ب ر ح ی م

یہ حروف آیت سلام" قولاً من رب رحیم کے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اس آیت کے حروف مفردہ کو لکھیں۔ پلانے کے لئے بھی اور گلے میں ڈالنے کے لئے بھی۔

برائے درد

کسی قسم کا درد ہو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ یہ تعویذ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے معمولات میں تھا۔

۷۸۶

من کیم	کرگو یم	کرمکن	یابکں
نوش و	جہاں	ہر چہ خواہی	آں بکن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبالحق انزلناہ وبالحق نزل وما ارسلناک الا مبشرًا ونذیرًا

برائے اولاد:

اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو یا ہو کر مرجاتی ہو تو وہ شخص اپنی بیوی کے ہر دو پستانوں پر تین سطروں میں اپنی انگشت شہادت سے یہ عبارت لکھے:

"ہمارے گھر لڑکا پیدا ہوگا تو اس کا نام محمد احمد رکھیں گے"

اور مندرجہ ذیل عربی عبارت عورت کی ناف پر ہاتھ رکھ کر سات بار پڑھے

اور دم کرے - یہ عمل سات دن کرے - اس طرح کرے کہ پہلا دن منگل ہو
عربی عبارت یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ سَمَّیْتُ مَا فِیْ بَطْنِ ھٰذِہِ الْمَرْأَۃِ مُحَمَّدًا اَحْمَدَ

مویشیوں کی وبا کے لئے:

اَللّٰہُ الصَّمَدُ: اور سورۃ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف سات بار پڑھ کر
دم کرے۔

بچے کی لاغری اور کمزوری دور کرنے کے لئے:

اگر بچہ بہت لاغر ہو کر بہت سوکھ گیا ہو تو اسم یا رحیم گیارہ بار
لکھ کر ہر روز پانی میں گھول کر پلائیں - یہ عمل کم از کم ایک ماہ تک جاری رہنا
چاہیئے - اور اتوار کے دن کفار کے یہ نام لکھیں:

نمرود، فرعون، ہامان، شداد، قارون، ابلیس

انکو لپیٹ کر دہی کی چھلنی کے نیچے رکھیں - اور اس کے اوپر
بچہ کو نہلائیں - جب نہلا کر فارغ ہو جائیں تو ان ناموں کو زمین میں دفن
کر دیں - سات اتوار متواتر یہ عمل کریں - انشاء اللہ بچہ تندرست ہو جائیگا۔

برائے اولاد:

یہ تعویذ ہمزہ جو کہ خاص بزرگوں سے مروی ہے لکھ کر شروع حمل
سے عورت کو اخیر حمل ہر روز پینے کیلئے دیں - اور ایک تعویذ لکھ کر
اسکے گلے میں ڈالیں کہ ناف کے اوپر رہے - تعویذ شروع کرنے سے

قبل اپنی استطاعت کے مطابق کچھ صدقہ بھی کریں۔ تعویذ یہ ہے :

۷۸۶

ھ	ھ	ھ	ھ	ھ
۱۱	٭/٭	۶۶ر	۶۶ر	۶۶ر
۶	و	ھ	ص	م

برائے زہرباد

آیتہ الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی
ورضیت لکم الاسلام دیناً ہ

باوضو ہو کر ۴۱ بار پڑھ کر دم کریں۔ اور اسی آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

برائے رشتہ

اگر کوئی شخص اپنے لڑکے یا لڑکی کیلئے رشتہ کا خواہاں ہو تو یہ تعویذ لکھ کر پگڑی میں باندھ کر، جن سے رشتہ مطلوب ہے ان کے گھر میں جائے۔ اگر عورت جائے تو وہ اپنے سر میں رکھ کر جائے ۔ انشاء اللہ کامیاب ہو کر لوٹے گا۔ تعویذ یہ ہے:

ص ۱۱ ۱۸ ۱۱ ۱۱ ط ۱۱ ۱۱ ھ ۲۲ ۱۱ ۱ ۱۱ ســ

۱۱ دام کا ھ ۱۱ ۱۱ ط ۸ کے ۱۱ ع

برائے حُب:

جمعہ کی رات کو چودہ مرتبہ یہ آیت کسی شیرینی یا پھل پر پڑھ کر دم کریں اور مطلوب کو کھلائیں۔ انشاءاللہ مطلوب فرمانبردار ہوگا۔ آیت یہ ہے۔

یحبونھم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ۔

مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر مطلوب کے گھر میں دفن کریں مطلوب بے قرار ہو کر طالب کے قدموں میں حاضر ہوگا۔ تعویذ یہ ہے:

۷۸۶

۱۴	۱۰	۴	۱۷
۵	۱۶	۱۹	۱۸
۱۱	۶	۱۹	۹
۱۸	۱۲	۱۸	۷

الحب فلاں بن فلانہ علی حب فلاں بن یا بنت فلانہ

دردِ شقیقہ

آدھے سر کی درد کو جو سورج کے نکلنے کے وقت شروع ہوتی ہے اور جب سورج ڈھلتا ہے آرام آجاتا ہے۔ اس کے لئے یہ تعویذ لکھیں اور اس کو کہیں کہ وہ سر پہ باندھے۔ تعویذ جہاں درد ہو وہاں رہنا چاہیئے۔ انشاءاللہ بہت جلد آرام آجائے گا۔

تعویذ یہ ہے:

مدح	لولومس	
یا بدوح	یابدوح	یابدوح

برائے عرق النساء

ادن کا سیاہ دھاگہ لیں - اس کی سات تاریں ہوں اس پر اول دس بار درود شریف پڑھیں - پھر سورۃ فاتحہ سات بار اور سورۃ اخلاص سات بار پڑھیں اور پھونک ماریں اور ایک گرہ دیں - پھر اسی طرح نو بار پڑھ کر نو گرہ دیں - اور آخر میں بھی درود شریف دس بار پڑھیں - اور مریض کو نہلا کر اسکی کمر میں یہ دھاگہ باندھیں :

برائے امساک :

اگر یہ تعویز بوقت مجامعت لکھ کر کمر سے باندھیں ، تو امساک شدید حاصل ہوگا۔ جب تک تعویز کمر سے جدا نہ کریں ، انزال نہیں ہوگا۔ تعویز یہ ہے :

د	لی	ط	ص	ر
د	هو	صلع	ر	ح
لو	ر	و	د	هه
ح	ح ۷	مر	ط	ر

بچوں کے سوکھے کے لئے :

مندرجہ ذیل تعویز بچے کے دائیں بازو پر باندھیں

انشاء اللہ بچے کا مرض جاتا رہے گا۔ اور فربہ اور تندرست ہو گا تعویذ یہ ہے

۷۸۶

یا سلام	یا حفیظ	یا مومن	یا شافی
۱۴۰	۹۵۱	۱۴۳	۱۵۵۸
۵۵	۱۳۷	۱۵۱۱	۱۴۹
۱۱۵	۱۹/	۳۹۹	۱۴۶

برائے مسان:

ذیل کا تعویذ بچوں کی مسان کی بیماری کے لئے بہت مفید ہے۔ خوشبودار کر کے بچے کے گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

۳۱۵۷	۳۱۵۰	۳۱۵۵
۳۱۵۲	۳۱۵۴	۳۱۵۶
۳۱۵۳	۳۱۵۸	۳۱۵۱

برائے صرع

مرگی کیلئے مندرجہ ذیل کلمات طیبات مریض کے گلے میں باندھیں اور دورہ کے بعد جتنی بار ممکن ہو پڑھ کر دم کریں: یا علیم غیر معلومٍ یا صانع غیر مصنوعٍ یا قاھرُ غیرُ مقھورٍ یا حافظاً غیر محفوظ یا ناصرُ غیر منصور یا شاھد غیر مشھودٍ سبحانک لا الٰہ الا اَنتَ خلقتنا من التراب۔

نسخہ

بروز اتوار کے روز قبل از طلوع آفتاب ایک تانبے کی تختی پر : یا قہار
البطش الشدید انت الذی لایطاق انتقامہ یا قاھر لکھیں اور دوسری
طرف یا ضد کل جبار بقہر عزیز سلطانہ یا مذل لکھیں اور مریض
کے گلے میں ڈال دیں۔ کلمات تختی پر کسی کاریگر سے کندہ کروائیں انشاء اللہ
مریض کو صحت تامہ حاصل ہو گی۔

برائے لوطیا چنبل وغیرہ

تین بار درود ہزارہ پڑھ کر پاک مٹی کے ڈھیلے پر دم کریں۔ اور
لوطیا چنبل والے کو کہیں کہ وہ اس ڈھیلے کو لوطیا چنبل پر پھیرتا رہے
ایک دن میں کئی بار پھیرے۔ انشاء اللہ آرام آجائے گا۔ نیز سورۃ
انا اعطینٰک الکوثر سات بار پڑھ کر مٹی کے ڈھیلے پر دم کریں۔ اور ہر روز
لوطیا چنبل پر پھیرتا رہے۔ انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

بواسیر کے لئے :

مریض پاخانہ سے پیشتر تین مرتبہ ہمیشہ پڑھا کرے :
کر کرونی بر برونی بردں شو خدائے ما بزرگ است تو
بزرگ مشو بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ نزدیک من میا
جب فارغ ہو کر باہر نکلے تو طہارت کے بعد پھر تین بار پڑھے
ہر قسم کی بواسیر کیلئے مفید ہے۔

آشوب چشم کے لیے :

دس دفعہ سورۃ فاتحہ پڑھکر آنکھوں پر دم کریں - اور لعاب دہن لگائیں -

جنات و بلیات کے دفعیہ کے لئے :

قولاً سلام من رب رحیم کاغذ کے ایک ٹکڑے پر پانچ بار لکھیں اور تعویذ بنا کر جسکو جنات کا اثر ہو، اسکو دیں کہ وہ اس کو اپنے پاس رکھے - ہر قسم کا آسیب اور جنات و بلیات کا اثر دور ہوگا۔

بچے کی پسلی کا درد

یہ تعویذ سات عدد لکھیں اور باری باری پانی میں گھول کر مختلف اوقات میں کھلائیں - اور ایک لکھ کر پسلی پر باندھیں - تعویذ یہ ہے

۷۸۶

۱۲	۱۵	۱۸	۵
۱۷	۶	۱۱	۱۶
۷	۲۰	۱۳	۱۰
۱۴	۹	۸	۱۹

بچے کے ہاضمہ کو درست کرنے کیلئے

اگر بچے کو قے آئے۔ اس کا ہاضمہ درست

نہ ہو تو سورۃ والشمس ۷ دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ اول و آخر درود شریف پڑھیں۔ پھر وہ پانی تھوڑا تھوڑا کر کے بچے کو پلائیں۔ پانی کی مقدار بچے کی عمر کے حساب سے ہونی چاہیئے۔ اگر دودھ پیتا بچہ ہے تو ماں کے دودھ پر دم کریں۔

سفوف حجاج کا نسخہ

خوراک ایک ماشہ۔ بدہضمی اور ہیضہ میں بہت موثر پیٹ کی جملہ بیماریوں میں اکسیر اور جادو کا اور تبخیر کیلئے تریاق کا حکم رکھتا ہے۔

نمک لاہوری	الائچی خورد	مرچ سیاہ
۴ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

پودینہ	دارچینی	پوست سہاگ دار	سونٹھ	نوشادر
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

شورہ پوست بیرن	پستہ	عود خام	سونف	اجوائن دیسی
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

رومی مصطگی	زیرہ سیاہ	زیرہ سفید
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

ان تمام چیزوں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں اور پھر اس میں سے مندرجہ ذیل اشیاء دو دو رتی ملا کر شیشی میں ڈاٹ لگا کر چھوڑ دیں۔ وہ چیزیں یہ ہیں:

جوہر پودینہ۔ جوہر اجوائن۔ جوہر سونف۔ روغن دارچینی روغن لونگ۔ ست لیموں۔ سوڈا میٹھا۔ زہر مہرہ (پیس کر)

ورق نقرہ - نمک سنگ - نمک سونچل - نمک سادہ -
پس یہ سفوف حسب ضرورت تیار کرکے بنائیں اور کام میں لائیں -

دشمن سے حفاظت کے لئے

جو شخص فجر کی دو رکعت سنت میں ہمیشہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورۃ فیل پڑھے اللہ تعالیٰ اسکو دشمن کے شر سے محفوظ رکھے گا - یہ عمل حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے رسائل الحاجات میں لکھا ہے -
(نزہۃ المجالس جلد دوم صفحہ ۱۰۲)

حفاظتِ جان کے لئے :

بونی نے لمعۃ النورانیہ میں سر البدیع سے نقل کیا ہے کہ جب انسان کو اپنی جان پر قتل وغیرہ مصائب کا اندیشہ ہو تو وہ ایک بینڈھا یا دنبہ لے جو صحت مند اور فربہ ہو اور اس میں کوئی جسمانی عیب نہ ہو - اسکو کسی خالی ویران جگہ میں جہاں اس کے سوا کوئی اور نہ ہو قبلہ رخ لٹا کر بہت جلد ذبح کرے - اور ذبح کرنے کے وقت کہے : اَللّٰھُمَّ ھٰذَا لَکَ وَمِنْکَ اَللّٰھُمَّ اِنَّہٗ فِدَائِیْ فَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ -

ذبح کرنے سے قبل ایک گہرا گڑھا کھودے جس میں اس کا خون جمع ہو - اس کے بعد اس پر مٹی ڈال دے - اور اس جانور کے گوشت کے ۶۰ حصے کرے - اس کی کھال بھی ایک حصہ شمار کرے - وہ گوشت نہ خود کھائے نہ اہل وعیال کو کھلائے - بلکہ اس کو محتاجوں پر تقسیم کرے

یہ دنبہ یا بھیڑ اس کے لئے فدیہ ہوگا۔ اور اس کی جان کو دشمن کی طرف سے کوئی صدمہ یا شر نہیں پہنچے گا۔

گائے کے خواص

گائے کی چربی کو زرنیخ احمر کے ساتھ ملا کر جس گھر میں دھونی دی جائے وہاں سے بچھو، سانپ اور حشرات الارض قسم کے جانور بھاگ جاتے ہیں۔ اگر اس سے کسی برتن کو طلا کر کے رکھا جائے تو تمام مچھر اس کے پاس جمع ہو جائیں گے۔ اگر گائے کا سینگ گھس کر یا رگڑ کر چوتھیا بخار والے کو کھلایا جائے تو اس کو بخار سے آرام آجائے گا۔ اگر گھس کر مرد کو پلایا جائے تو جنسی شہوت تیز ہو گی۔ اگر اس کا پتہ شہد میں ملا کر آنکھ میں ڈالا جائے تو شب کوری جاتی رہے گی۔ اگر گائے کی پھوٹی ہوئی آنکھ کے پانی سے کاغذ پر کچھ لکھا جائے گا تو وہ تحریر دن کو نہیں پڑھی جائے گی، رات کو پڑھی جائے گی۔ اگر اس کے بال جلا کر اسکی راکھ پانی میں گھول کر اس شخص کو پلائی جائے جسکی داڑھ یا دانت میں درد ہے تو اسکو فوراً آرام آجائے گا۔

قرض کی ادائیگی کے لئے:

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں قرض کی شکایت کی کہ وہ ادا نہیں ہوتا۔ آپ نے فرمایا یہ پڑھ: قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ اس سے

اُس کے منفصلائے پڑھنے کا حکم فرمایا یارحمٰن الدنیا والاخرۃ وَرَحیمہما تعطی منہما من تشاء و تمنع منہما من تشاء اقض عنی دینی۔
آپ نے فرمایا اس کے پڑھنے سے تیرا قرض ادا ہو جائے گا۔ اگرچہ پہاڑ کے برابر سونا ہو۔
(روح المعانی)

روغن زیتون اور انجیر کے فوائد:

انجیر ایسا پاک پھل ہے کہ اسکی کوئی چیز پھینکی نہیں جاتی۔ وہ سریع الہضم ہے اور بہت نفع مند دوا ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ بلغم کو قطع کرتا ہے اور گردوں کو ردی مواد سے پاک کرتا ہے۔ مثانہ کی پتھری کو دور کرتا ہے۔ بدن کو موٹا کرتا ہے۔ جگر اور تلی کے سددوں کو کھولتا ہے۔

ابوذر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور نبی اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں انجیر پیش کیا گیا۔ آپ نے فرمایا کھاؤ۔ اگر میں کہوں کہ یہ پھل جنت سے نازل ہوا ہے تو مبالغہ نہیں ہوگا۔ یہ پھل منہ کی بدبو کو زائل کرتا ہے بالوں کو لمبا کرتا ہے اور فالج کے حملہ سے بچاتا ہے۔ بواسیر کی جڑ کاٹتا ہے اور نقرس دفع کرتا ہے۔

زیتون ایک درخت ہے جس کے پھل سے تیل نکالتے ہیں۔ یہ تیل سالن بھی ہے اور دوا بھی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا زیتون کی مسواک بہت اچھی ہے۔ زیتون کے درخت کی عمر تین ہزار سال ہے۔ یہ درخت کھجور کی طرح طویل مدت تک پانی سے بے نیاز رہتا ہے۔ جب اس کے پھل کو جنبی مرد ہاتھ لگائے تو خراب ہو جاتا ہے۔ اگر درخت کو ہاتھ لگائے تو سوکھ جاتا ہے۔ اور پتے بکھر جاتے ہیں۔ اگر اس کے پتوں کو جلا کر

اسکی راکھ سرمہ کی طرح آنکھ میں ڈالی جائے تو آنکھ کی بینائی کو تیز کرتا ہے۔

برائے کثرت مال:

اگر سورۃ واقعہ ہزار بار پڑھیں تو مال کی اتنی کثرت ہو کہ حساب میں نہ آئے۔ سورۃ ختم کر کے یہ دعا بھی پڑھنی چاہیئے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ علٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَمُنْتَھَی الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِاسْمِكَ الاعظم وجدك الاعلٰی وكلماتك التامات واشتراق نور وجهك، ان تصلّی علٰی محمدٍ وعلٰی محمدٍ و علٰی آل محمد ان ترزقنی یا واسع المغفرة اَللّٰھُمَّ یا رزاق المقلین یا ارحم المساكین ویا خیر الناصرین اَللّٰھُمَّ ان كان رزقی فی السماء فانزله، وان كان فی الارض فَاَخْرِجْهُ وان كان معدومًا فَاَوْجِدْهُ وان كان نحوًا فاثبته وان كان بطیًا فَعَجِّلْهُ وان كان بعیدًا فَقَرِّبْهُ وان كان یسیرًا فَكَثِّرْهُ وان كان عسیرًا فَیَسِّرْهُ وَاَنْزِلْهُ الینا حیث كنا ولا تنقلنا الیه حیث كان برحمتك یا ارحم الراحمین وصلی اللّٰه علٰی سیدنا محمدٍ واٰله اجمعین

برائے درد سر | آیت کریمہ الم تر الی ربك كیف مد الظل ولو شاء لجعله ساكنا ۔ الفرقان،

رمضان شریف کے آخری جمعہ میں نماز جمعہ کے بعد عصر کی نماز تک جملہ جدا کاغذ کے ٹکڑوں پر جتنی بار لکھی جائے لکھیں جسکو سر درد ہو اس کو ایک پر کرو تعویز بنا کر سر پر باندھے۔ انشاء اللہ جلد آرام آجائیگا۔

برائے بخار:

شیطان

فرعون قارون

نمرود شداد ہامان

ابلیس

اسی طرح یہ نام لکھ کر تعویذ بنا کر بائیں پاؤں کے انگوٹھے سے باندھیں بخار اتر جائے گا۔ اگر نہ اترے تو کھول کر جوتے ماریں، پھر باندھیں، انشاء اللہ بخار ضرور اتر جائے گا۔ مندرجہ ذیل تعویذ پینے کے لئے دیں۔
کھیعص بسم اللہ ذی العز

برائے آسیب:

پانی پر ۴۱ بار سورۃ یٰسین پڑھ کر آسیب زدہ کو پلائیں آسیب جاتا رہیگا۔

عرق النساء

نابالغ بچی کے ہاتھ کا کاتا ہوا سوت لیں اور اس کے کچھ دھاگے جمع کریں۔ پھر اس پر آیت کریمہ: واذ قتلتم نفسا فادّرأتم فیها واللہ مخرج ما کنتم تکتمون۔

سات سات بار پڑھ کر اور سات گرہیں دیں۔ پھر وہ دھاگہ مریض کے بائیں ہاتھ میں باندھ کے فضل سے مریض کو اس مرض سے شفاء کاملہ حاصل ہوگی

دردِ گردہ کا مجرب نسخہ:

سونف - تخم خربوزہ - چھوٹا گوکھرو - تینوں دوائیں ایک ایک تولہ لیکر ہاون دستہ میں خوب کوٹیں - پھر سل پر پانی ڈال کر ان دواؤں کو پیسیں اور کپڑے سے چھان کر ان کا دودھ نکالیں اور تھوڑی سی چینی ڈال کر شربت بنائیں - پہلے ایک عدد بڑی ہڑ کا مربہ کھائیں - اس کے بعد دس منٹ ٹھہر کر شربت مذکور کو نیم گرم کر کے پئیں - انشاء اللہ تین دن میں اور زیادہ سے زیادہ سات دن میں پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستہ سے نکل جائے گی اور درد سے کلی طور پر آرام آجائے گا - گردہ کے مریض کو چاولوں سے پرہیز کرنا لازم ہے -

عرق النساء کے لئے:

یہ مرض بعض مردوں کو گردوں کی کمزوری اور دائمی قبض کے باعث ہوتا ہے اور بعض عورتوں کو رحم کی خرابی کیوجہ سے ہوتا ہے - یہ درد سیدھی طرف کم اور الٹی طرف زیادہ ہوتا ہے - کولہے سے لے کر پوری ٹانگ میں ہوتا ہے اور اس طرح ہوتا ہے کہ گویا ساری ٹانگ میں کوئی چیز آہستہ آہستہ رینگتی چلی جا رہی ہے - اس کو ریگن وا اسی وجہ سے کہتے ہیں کہ یہ درد ٹانگ میں رینگتا ہے - مندرجہ ذیل نسخہ کے آٹھ دن کے استعمال سے شفا کی امید یقینی ہے -

نسخہ } اسگند، ستاور - سینبھل کی موصلی - سونٹھ - بدھارا ایک ایک تولہ - سب کو کوٹ چھان کر مثل میدہ کے

کے کریں۔ اور اسکے ہم وزن اس میں شکر سرخ ملائیں۔ ہر روز اس سے بقدر ایک تولہ کے پاؤ بھر شیر گاؤ سے نہار منہ کھایا کریں۔ اور سوتے وقت معجون سورنجان ایک تولہ گرم پانی سے کھایا کریں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں اس موذی مرض سے نجات ہوگی۔

یہ نسخہ مقوی باہ بھی ہے۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے اور جریان کو دور کرتا ہے۔ غذا میں شوربا چپاتی یا صرف گیہوں کا دلیہ دودھ میں پکا کر استعمال کریں۔ باہ اور جریان کی صورت میں جب تک یہ نسخہ استعمال کریں، جماع سے پرہیز کریں۔

حلوا موسم سرما :

چنے کی دال ایک پاؤ۔ گائے کے آدھ سیر دودھ میں خوب پکائیں۔ جب سارا دودھ جذب ہو جائے تو سل پر پیس کر ایک پاؤ خالص گھی میں بھگاریں۔ اور ایک پاؤ چینی ڈال کر حلوا تیار کریں۔ ہر روز بمقدار ایک تولہ کے بطور ناشتہ کے استعمال کریں۔ جریان اور سرعت انزال کو مفید ہے۔

برائے طحال :

مندرجہ ذیل کلمات کاغذ کے ٹکڑے پر لکھیں۔ اور صاحب طحال کے گلے میں باندھیں: یقوش ۲ طلمیش ۲ ھیبطیط ۲ انسل ایھا الطحال من جنب فلاں بن فلانۃ (یہاں مریض کا اور اسکی ماں کا نام لکھیں) بحرمۃ الواحد القہار و بحرمۃ الرحمان علی العرش استویٰ واسکن کما سکن عرش الرحمان علی الماء وما سکن فی اللیل والنہار وھو السمیع العلیم۔

زن بائرہ کے لئے

زن بائرہ اس عورت کو کہتے ہیں جس کیلئے رشتہ نہ ملتا ہو۔ اور اسکی عمر بڑھتی جارہی ہو۔ اس کے لئے ایک کاغذ پر دس بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھیں۔ پھر اس کے بعد دس واوین اور تین میمیں اور تین لام اور تین خواتیم سلیمان لکھیں اور پھر یہ آیت لکھیں:

وَاَذِنَ فِی النَّاسِ الی منافع لھم لتعین علے بعل صالح بانی لفلانۃ بنت فلانۃ بحق ھذا الاسماء وصلی اللہ علےٰ سیدنا محمد و آلہٖ وصحبہٖ اجمعین

خواتیم سلیمان عملیات وتعویزات کی کتابوں میں تلاش کریں۔

دعائے سیفی کے روحانی وجسمانی فوائد:

اس دعا کا نام جو ذیل میں لکھی گئی ہے۔ سیف الانبیاء ہے۔ بہت سے کاموں کیلئے موثر اور مفید ہے۔ اس کے پڑھنے کا مشہور طریقہ یہ ہے کہ یہ دعا آدھی رات کو باوضو ستر بار پڑھیں۔ جس مطلب کیلئے پڑھیں گے وہ بہت جلد حاصل ہوگا۔ اگر آدھی رات کو پڑھنا مشکل ہو تو اس کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد سات سات بار یا پانچ پانچ بار پڑھیں۔ اگر غنی کی تمنا ہی یا رزق کی فراخی مطلوب ہو تو اس طرح پڑھیں: فجر کی نماز کے بعد ۴۰ بار۔ چاشت کی نماز کے بعد ۱۰ بار۔ مغرب کی نماز کے بعد ۱۰ بار، عشاء کی نماز سے قبل ۴۰ بار پڑھیں۔ مطلوب حاصل ہوگا۔ اس کے پڑھنے کی شرائط سے یہ ہے کہ پڑھنے والا باوضو ہو، یکسوئی سے پڑھے

تنہائی ہو اور جگہ ایسی ہو جہاں کتے کی آواز نہ آئے۔ اور روزی حلال ہو اور پڑھنے کے دوران دنیا کی کوئی بات نہ کرے۔ دعاء سیفی یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ وَحْدَانِیَّتِكَ وَبِحُرْمَةِ فَرْدَانِیَّتِكَ وَبِعِزَّةِ صَمَدِیَّتِكَ وَبِعَظْمَةِ طَھَارَتِكَ وَتَسْبِیْحَاتِ ذَاتِكَ وَتَنْزِیْھَاتِ صِفَاتِكَ وَبِجَلَالِ قُدْسِكَ وَبِجَمَالِ اُنْسِكَ وَبِكَمَالِ لُطْفِكَ وَبِنَظْرِكَ اِلٰی اَوْلِیَائِكَ وَبِقُرْبِكَ اِلٰی اَصْفِیَائِكَ وَبِمَحَبَّتِكَ بِطَالِبِیْكَ وَبِشَوْقِكَ اِلٰی مُشْتَاقِكَ اَنْ تَجْعَلَنَا مِنْ اَھْلِ عِنَایَتِكَ وَكَنَفِ حِمَایَتِكَ وَتُنَوِّرَ قُلُوْبَنَا بِنُوْرِ وَبِجَمَالِ مُشَاھِدَتِكَ وَاَنْ تُحْرِقَ قُلُوْبَنَا بِنُوْرِ شَوْقِكَ وَاِشْتِیَاقِ لِقَائِكَ وَاَنْ تَجْعَلَ قُلُوْبَنَا مَعْدَنَ اَسْرَارِكَ وَمَھْبَطَ اَنْوَارِكَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مَحْبُوْسَ مَحَبَّتِكَ وَمَسْجُوْنَ عِشْقِكَ وَمَفْتُوْنَ لِقَائِكَ۔ یَا وَاصِلَ الْمُشْتَاقِیْنَ۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّاتِهٖ وَاَھْلِ بَیْتِهٖ وَخُدَّامِهٖ وَاَحْبَابِهٖ وَعَشِیْرَتِهٖ وَعِتْرَتِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَ بَارِكْ عَلَیْھِمْ وَسَلِّمْ

لہ ترجمہ:- اے اللہ بطفیل اپنی وحدانیت اور یکتائی کے اور بطفیل اپنی فردانیت کے اور بطفیل اپنی صمدیت اور بے نیازی کی عزت کے اور بطفیل اپنی طہارت کی عظمت کے اور بطفیل اپنی ذات کی تسبیحات کے اور بطفیل اپنی صفات کی تنزیہات کے اور بطفیل اپنے قدس کے جلال کے اور بطفیل

برائے دردِ سر:

اللہ	اللہ		اللہ
ابوبکر	عمر	عثمان	علی
جبرئیل	میکائیل	اسرافیل	عزرائیل
توراۃ	انجیل	فرقان	زبور
ر	سر	سر	سر درد

اللہ	اللہ	اللہ
یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ

صفحہ ۱۵۰ سے آگے

اپنی عبادت اور جمال کے اور بطفیل اپنے لطف کے کمال کے اور بطفیل اپنی نظر کے جو تیرے اولیاء کی طرف ہے۔ اور بطفیل اپنے قرب کے جو تیرے اصفیاء کو حاصل ہے اور بطفیل اپنی محبت جو تیرے طالبین کو ہے اور بطفیل اپنے شوق کے جو تیرے مشتاقوں کی طرف ہے اور تو ہم کو اپنی مہربانی کا اہل کر دے۔ اور اپنی حمایت کی پناہ کے لائق بنا دے ہمارے دلوں کو اپنی ہدایت کے نور اور اپنے مشاہدہ کے جمال سے روشن کر دے، اور تو ہمارے دلوں کو اپنے شوق کے نور اور اپنی ملاقات کے اشتیاق سے جلا دے۔ اور تو ہمارے دلوں کو اپنے اسرار کا معدن اور اپنے انوار کا مہبط بنا دے۔ اے اللہ تو ہم کو اپنی محبت کا قیدی اور اپنے عشق کا اسیر اور اپنی ملاقات کا گرویدہ بنا دے۔ اے مشتاقین کو ان کی منزل تک پہنچانے والے، اللہ رحمت بے پایاں نازل کرے اپنے بہترین خلق، محمدؐ پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر اور آپ کے ازواج پر اور آپ کی ذریات پر اور آپ کی اہل بیت پر اور آپ کے قبیلہ پر اور آپ کی نسل پر۔ اور آپ کی اولاد پر اور برکت نازل فرما اور سلام بھی۔

ہر آفت اور بلا کو رد کرنے کے لئے:

جو کوئی آدمی اپنے نام کے حروف جدا جدا لکھے اور پھر اس کے بعد یہ حروف لکھے۔ ح ح ح د د ر ر س ش اور لپیٹ کر تعویز کی طرح سر پہ رکھے۔ اللہ تعالےٰ اس کو ہر آفت اور بلا سے محفوظ رکھے گا۔

رُوٹھے ہوئے محبوب کو حاضر کرنے کے لئے:

مندرجہ ذیل تعویز پاک کپڑے میں لپیٹ کر چرخہ سے باندھیں۔ تصور باندھ کر آنکھیں بند کر کے چرخہ کو اُلٹی طرف گھمائیں۔ اور جب تک تب تک سورہ فاتحہ پڑھیں۔ جب ٹھہر جائے تو پھر یہی عمل کریں یہ ایک میں تین بار کریں، اور ایک دن میں تین بار تین مجلسیں کریں۔ یعنی صبح دوپہر، شام۔ یہ عمل زیادہ سے زیادہ گیارہ دن کا ہے۔ انشاء اللہ روٹھا ہوا محبوب اتنے عرصہ تک خود ہی حاضر ہو گا۔ تعویز کی صورت یہ ہے۔

اس تعویذ کی اجازت جناب خواجہ عبدالرسول صاحب نقشبندی مرتضائی خلف حضرت مولانا الحاج خواجہ حافظ محمد عبدالعزیز فنافی الرسول نقشبندی مرتضائی ساکن کوٹ غلام محمد خاں قصور سے حاصل ہوئی۔

برائے حُب:

مندرجہ ذیل نقش اتوار کے روز صبح صادق کے بعد، طلوع شمس تک لکھنے کا وقت ہے۔ ایک تعویذ طالب اپنی گردن میں ڈالے۔ اور ایک تعویذ مطلوب کو بکری کے دودھ میں گھول کر پلائے۔ اگر بکری کا دودھ نہ میسّر ہو۔ یا مطلوب بکری کا دودھ نہ پیتا ہو، تو جو دودھ بھی میسّر ہو۔ اس میں حل کر کے پلائیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

اللہ	اللہ	اللہ
۴۱ے	الشیخ ۱	عبد
القا ے	د ۵	۳ ر
۲ شیل	۹ عہ	ے للہ عو

ھ ھ ج علیقا ملیقا جعلجد ما فی قلوبھم علیقا الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

عورت کا رحم صحیح کرنے کے لئے:

بعض عورتوں کا رحم خشک ہو گیا ہوتا ہے۔ بعض عورتوں کو ایام ماہواری کی خرابی ہوتی ہے۔ بعض عورتوں کو حیض آتا ہی نہیں۔ اور بعض بانجھ ہوتی

ہیں، اولاد نہیں جنتیں، ان سب کے لئے یہ نقش بہت مفید ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: ارزقنا شفاعۃ المصطفٰی وامانۃ المصطفٰی وتشفیع المصطفٰی واخلاص المصطفٰی وعلم المصطفٰی واعطاء المصطفٰی وذکر المصطفٰی وفناء المصطفٰی وحمد المصطفٰی واعانۃ المصطفٰی واسلام المصطفٰی وبہاء المصطفٰی وبقاء المصطفٰی وبراء المصطفٰی وبرکۃ المصطفٰی اللّٰھم ارزقنا قوۃ المصطفٰی وتوکل المصطفٰی وثناء المصطفٰی وشکر المصطفٰی وفقر المصطفٰی ورحمۃ المصطفٰی وثواب المصطفٰی وجمیل المصطفٰی وجمال المصطفٰی وجنۃ المصطفٰی وصلوۃ المصطفٰی۔ وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین وسلم سلاماً کثیراً برحمتک یا ارحم الراحمین اور اس کے بعد اسکے نیچے یہ نقش سات بار اس طرح لکھیں

سرح سرح	سرح سرح	سرح	سرح سرح	سرح سرح	سرح سرح	سرح سرح

یہ ایک نقش مکمل ہو گیا۔ ایک نقش لکھ کر عورت کو دیں کہ وہ گلے میں رکھے اور چالیس نقش اور لکھ کر دیں کہ وہ ہر روز پانی میں اس کے حروف محو کر کے صبح نہار منہ پیا کرے۔ انشاء اللہ رحم اور پیٹ کی جملہ خرابیاں دور ہو جائیں گی۔

کاسنے کا پتہ

کاسنے چھوٹی ہو یا بڑی، سیاہ رنگ کی ہو تو بہتر ہے۔ اس کے پتے کو خشک کر کے پیس کر سرمہ میں ملائیں، اور آنکھوں میں لگایا کریں۔ انشاء اللہ